ماہ جون ...... حمل افراد کو اس ماہ میں مختلف معاملات کو نبھانے کے لیے سفر درپیش ہوں گے۔ مختلف قسم کی خبریں سننے کو ملیں گی۔ ۱۱، ۱۲ تاریخیں ذہنی طور پر پریشان رکھیں گی۔ جبکہ ۱۸ تاریخ کو مریخ برج حوت میں ہوگا۔ کسی جانب سے آپ کو مخالفت دشمنی کا سامنا ہوگا ان دنوں میں آپ کو چاہیے کہ رشتے داروں اور بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنائیں اور حالات سے سمجھوتا کریں۔

سعد تاریخیں	۲، ۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۱۱، ۱۲، ۱۸، ۲۳

ماہ جولائی ...... حمل افراد کو اس مہینے میں گھریلو حالات میں تبدیلی کا سامنا ہوگا آپ کے رویے کی وجہ سے ممکن ہے کہ گھر میں کچھ کشیدگی آئے۔ والدین کے ساتھ تعلقات خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ ۱۳، ۱۴ تاریخوں کو سیارگان کی پوزیشن آپ کے حق میں نہیں ہوگی۔ جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہ کیجئے گا۔ اگر آپ گھریلو اشیاء کی خرید و فروخت یا رہائش تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو اس ماہ میں تبدیل کرنا آپ کے لیے بہتر ہوگا۔ البتہ آخری ہفتے سے بہتری آنا شروع ہوگی۔

سعد تاریخیں	۲، ۱۱، ۱۲، ۲۲، ۲۳		نحس تاریخیں	۹، ۱۰، ۲۹، ۳۱

ماہ اگست ...... اس ماہ میں سیارہ عطارد آپ کو فائدہ دے گا۔ ملازمت پیشہ امور میں کامیابی ملنے کے امکانات ہیں۔ خاندان کے بڑے افراد سے فائدہ مل سکتا ہے۔ اس ماہ میں آپ کو دوستوں کے ذریعے اور انعامی سکیموں کے ذریعے فائدہ ملنا شروع ہوجائے گا یا آپ کو پیشہ ورانہ اُمور سے اتفاقی فائدے ملیں گے۔ سیارہ مریخ حالت رجعت میں ہے۔ جو کہ نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ دوران سفر احتیاط کریں اور گرم مزاجی اس ماہ میں آپ کے لیے نقصان دہ ہوگی۔ خاص طور پر ۱۴ تا ۱۶ تاریخوں کو احتیاط کریں۔

سعد تاریخیں	۱۳، ۱۴، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۷، ۲۸

ماہ ستمبر ...... ستمبر کا مہینہ حمل افراد کے لیے مشکلات پیدا کرسکتا ہے۔ چونکہ سیارہ عطارد اور مریخ حالت رجعت میں ہونگے جو کہ آپ کی صحت کی خرابی کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔ ان دنوں میں آپ کے چھپے ہوئے دشمن متحرک ہو جائیں گے جو کہ وقتاً فوقتاً آپ کے لیے مشکلات کا باعث بنتے رہیں گے۔ ۲۴، ۲۵ تاریخوں کو روزمرہ امور کو سرانجام دیتے وقت احتیاط برتیں۔ البتہ ۱۶ تاریخ سے نئے کام کی شروعات کرنا بہتر رہے گا۔ کامیابی مل سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	۳، ۵، ۱۶، ۲۰، ۲۱، ۲۴		نحس تاریخیں	۱، ۷، ۸، ۹، ۲۸، ۲۹

ماہ اکتوبر .... ازدواجی امور کے حوالے سے اکتوبر کا مہینہ خاصا اہم رہے گا اگر آپ شادی کرنے کے خواہش مند ہیں تو کسی جگہ پر بات چیت چل سکتی ہے۔ لیکن گھر کے افراد کی جانب سے سرد مہری آپ کے لیے تکلیف دہ ثابت ہوگی ممکن ہے کچھ قریبی افراد کی طرف سے رکاوٹ پیش آئے۔ کاروباری افراد کو پارٹنر شپ کی آفر ہوگی۔ کسی کے ساتھ مل کر کسی پراجیکٹ کو کرنے کا موقع ملے گا البتہ اکیلے کام کرنا فی الحال آپ کے لیے بہتر نہیں ہے۔

سعد تاریخیں	۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۷، ۱۸		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۲۰، ۲۱، ۲۶، ۲۷، ۲۸

ماہ نومبر .... اگر آپ بیرون ملک جانے کے خواہشمند ہیں تو اس مہینے میں کی گئی کوششیں آپ کو فائدہ دے سکتی ہیں۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند افراد کو بھی فائدہ مل سکتا ہے۔ ۳ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں ہوگا تو آپ کے روزمرّہ معاملات میں تیزی آنا شروع ہوگی اور نصف ماہ کے بعد حالات آپکے حق میں آنا شروع ہو جائیں گے۔ روحانی اساتذہ سے ملاقات، اور مذہبی رسومات کی ادائیگی کا موقع مل سکتا ہے۔ روحانی لوگوں سے بھی فائدہ ملے گا۔ مذہب کی طرف طبیعت راغب ہوگی۔

سعد تاریخیں	۳، ۴، ۵، ۸، ۱۵		نحس تاریخیں	۱۹، ۲۰، ۲۲، ۲۳

ماہ دسمبر .... دسمبر کے مہینے میں اگر آپ کاروباری صورتحال میں تبدیلی لے کر آنا چاہتے ہیں تو ۱۷ تاریخ سے پہلے پہلے لے آئیں کیونکہ بعد میں سیارہ عطارد حالت رجعت میں ہوگا یہ آپ کے کاموں میں التواء لے کر آئے گا البتہ اسی دن مریخ برج حمل میں ہوگا جو کہ آپ کی طبیعت میں گرم مزاجی اور لاپرواہی لے کر آئے گا اس لیے کوشش کریں کہ اہم کام سرانجام دیتے وقت کسی سے مشورہ ضرور کریں۔ ۲۲ تاریخ کے بعد حالات میں مثبت تبدیلی آئے گی۔

سعد تاریخیں	۵، ۶، ۹، ۱۴، ۱۵		نحس تاریخیں	۴، ۲۲، ۲۳، ۲۸

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے خوش قسمتی کے دن جمعرات، جمعہ اور ہفتہ ہیں۔

لکی نمبر: آپ کے لیے ۹ اور ۱ مبارک نمبر ہیں۔ جبکہ ۴ اور ۸ بھی فائدہ مند نمبرز ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لکی رنگ لال، پیلا، اور سنہرا ہے۔ جبکہ کالے رنگ سے بچنا چاہئے۔

لکی پتھر: آپ کے لیے سرخ یمنی مرجان فائدہ مند ہے۔

برج ثور

21 اپریل تا 20 مئی

سیارہ۔۔ زہرہ

حروف۔۔۔ ب، د

پتھر۔۔ الماس

دن۔۔۔ جمعہ

رنگ۔۔۔ نیلا

دھات۔۔ پیتل، تانبہ

عدد۔۔ 6

سال 2003 ثور افراد کے لیے .... برج ثور کے تحت آنے والے افراد کے لیے سال 2003 مالی معاملات

میں خوشحالی لے کر آئے گا۔عرصہ دراز سے مالی امور پر چھائی نحوست کو ختم کرے گا۔زحل کے نحس اثرات سے نجات ملے گی۔اور نصف سال گذرنے کے بعد خوشحالی آنا شروع ہوگی۔اولاد کی جانب سے خوشی نصیب ہوگی۔نئے لوگوں کے ساتھ تعلقات قائم ہونگے۔تعلیمی امور میں کامیابی ملنے کے امکانات ہیں۔دوستوں سے فائدہ مل سکتا ہے۔

سال 2003میں ثور افراد کے لیے خاص لوح .... اس سال ستارہ عطارد اگست کے مہینے میں حالت شرف میں آئے گا جو آپ کی آمدنی میں اضافہ، تعلیم اور اولاد کے حوالے سے بہتری اور دوستوں کے ساتھ تعلقات میں وسعت لے کر آئے گا اس خاص موقعہ پر عطارد کی لوح تیار کی جاتی ہے جو آپ کو ان امور میں فائدہ دے گی۔اپریل کے مہینے میں شمس اور مریخ حالت شرف میں آئیں گے جو سفر سے متعلقہ امور میں کامیابی لائیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ حاسدین اور دشمنوں پر غلبہ ہوگا۔

ماہ جنوری ...... سال کی ابتداء ماہ جنوری میں آپ کی مشکلات میں کمی واقع ہونا شروع ہوگی خاص طور پر وہ ثور افراد جن کو پارٹنر شپ سے دلچسپی ہے اُن کو کسی کی مدد سے فائدہ حاصل ہوگا۔شریک حیات کے ساتھ جو معاملات میں کشیدگی چلی آرہی ہے۔وہ ۱۸ تاریخ سے ٹھیک ہونا شروع ہوجائے گی۔۲۱ تاریخ کو شمس برج دلو میں آپ کی کاروباری استحکام اور ساکھ کو بہتر کرے گا۔

سعد تاریخیں	۱۲،۱۳،۱۴،۱۵،۲۱،۲۲،۲۳		نحس تاریخیں	۲،۵،۶،۸،۱۰،۲۹

ماہ فروری .... اس مہینے میں بیرون ملک سفر کے لیے کی گئی کوششوں سے فائدہ ہوگا۔تعلیمی امور میں نمایاں طور پر کامیابیاں مل سکتی ہیں۔اس ماہ میں آپ کو [illegible] دل [illegible] ہوگا۔ستارہ مشتری کی رجعت آپ کے گھریلو حالات کو متاثر کرے گی جو کہ پہلے دو ہفتوں تک آپ کے لیے نحس اثرات پیدا کرتی رہے گی اس کے بعد آخری عشرے میں حالات خاصے سودمند رہیں گے۔ذہنی صلاحیتیں ابھر کر سامنے آ[illegible]

سعد تاریخیں	۵،۸،۹،۱۲،۱۴،۲۰		نحس تاریخیں	۱۲،۲۲،۲۳،۲۹

ماہ مارچ .... اس مہینے میں ۳ تاریخ کو زہرہ برج دلو میں ہوگا جو کہ کاروباری صورتحال کو مستحکم کرے گا۔ممکن ہے کہ آپ کچھ نئے فیصلے کریں۔۵ تاریخ کو مریخ برج جدی میں ہوگا۔یہاں یہ حالت شرف میں آئے گا۔اور اس وقت لوح مریخ تیار کی جاتی ہے جو کہ دشمنوں پر غلبہ بیرون ملک سفر میں کامیابی اور ازدواجی امور کو بہتر بنانے میں آپ کو فائدہ دے گی۔اگر آپ اس دوران بیرون ملک جانے کے لیے کوشش [illegible] میں [illegible] کامیابی مل سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	۸،۹،۱۳،۱۴،۲۰،۲۹،۳۰		نحس تاریخیں	۱۰،۲۱،۲۲،۲۳،۲۴

ماہ اپریل .... اس ماہ میں آپ کو اخراجات اور مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔البتہ ۴ تاریخ کو مشتری استقامت میں آئے گا لوگوں سے وابستہ جو امیدیں تھیں اب پوری ہونا شروع ہوجائیں گی۔اس ماہ کا پہلا عشرہ گزرنے کے بعد حالات آپ کے حق میں آنا شروع ہوجائیں گے۔۲۱ تاریخ کو شمس برج ثور میں ہوگا جو کہ آپ کی شخصیت میں تبدیلیاں لے کر آئے گا۔لوگوں میں آپ کی شہرت بڑھے گی۔روپے پیسے کے معاملے میں ۲۶ تاریخ کو عطارد کی استقامت فائدہ دینا شروع کرے گی۔

سعد تاریخیں	۴،۵،۹،۱۰،۲۰،۲۱		نحس تاریخیں	۱۲،۱۹،۲۲،۲۳،۲۶

ماہ مئی .... مئی کے مہینے میں راہو عرصہ دراز کے بعد برج ثور میں داخل ہوگا جو کہ آپ کی آمدن پر چھائی نحوست کو ختم کرے گا۔تجارتی امور کو فروغ دے گا۔۱۴ تاریخ کو راہو برج ثور میں ہوگا اس دن آپ صدقہ خیرات دیں تاکہ ازدواجی امور پر اس کے نحس اثرات نہ پڑیں۔پارٹنر شپ کے ذریعے بزنس کرنیوالے افراد پر بھی اس کی تبدیلی اثرانداز ہوگی۔اس لیے اب آپ نجی زندگی کے حوالے سے فیصلے سوچ سمجھ کر کریں۔

سعد تاریخیں	۱،۱۵،۱۶		نحس تاریخیں	۲،۶،۷،۸،۲۹

ماہ جون .... اس مہینے میں ۵ تاریخ کو زحل برج سرطان میں ہوگا۔آپ کے مالی معاملات میں جو رکاوٹیں تھیں اب ختم

ہونا شروع ہونگے آپ پر چلنے والے ساڑھ ستی کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔۱۴ تاریخ سے آمدن میں اضافہ ہوگا۔ کسی نئے کام سے آپ کو فائدہ ہوسکتا ہے۔ آپ کی مالی پوزیشن مستحکم ہونا شروع ہوگی۔

سعد تاریخیں	۲، ۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۱۱، ۱۲، ۲۳

ماہ جولائی .... اگر آپ اپنے گھر بار میں کوئی تبدیلی لانا چاہتے ہیں یا اشیاء کی خرید وفروخت کرنا چاہتے ہیں تو جولائی کا مہینہ آپ کے لیے حد درجہ سود مند ثابت ہوگا۔ اس ماہ کے نصف کے بعد آپ کے گھر کے بڑے افراد آپ کے بارے میں کوئی اہم فیصلہ کریں گے۔ والدین کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کے لیے یہ مہینہ آپ کے لیے حد درجہ سود مند ہوگا۔ آخری عشرے میں فائدہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	۲، ۱۱، ۱۲، ۲۲، ۲۳		نحس تاریخیں	۱، ۹، ۱۰، ۱۵، ۱۶، ۲۹

ماہ اگست .... اس ہفتے کی ۵ اور ۶ تاریخیں آپ کے ازدواجی معاملات کے حوالے سے بہتر نہ ہونگی۔ ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ تلخ کلامی ہوسکتی ہے۔ آپ کے دوست فائدہ مند ثابت ہونگے خاص طور پر آخری عشرے میں فائدہ ملنا شروع ہوگا۔ اس دوران میں اگر آپ کسی جگہ ایڈمیشن لیں گے تو کامیابی نصیب ہوگی۔

سعد تاریخیں	۱۳، ۱۴، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۷، ۱۶، ۱۷

ماہ ستمبر .... ستمبر کے مہینے میں اولاد کی جانب سے خوشی میسر ہوگی۔ انعامی سکیموں سے مال و دولت ہاتھ لگ سکتی ہے۔ فی الحال سیارگان کی پوزیشن آپ کے حق میں ہے۔ دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کا موقع ملے گا۔ جنس مخالف کی طرف رجحان ہو گا۔ ۱۶ تاریخ کو زہرہ برج میزان میں ہوگا صحت کے معاملات میں بہتری ہوگی بیماریوں سے نجات ملے گی صحت اچھی ہوگی۔

سعد تاریخیں	۳، ۱۵، ۱۶، ۲۰، ۲۱		نحس تاریخیں	۱، ۲، ۷، ۸، ۱۵، ۱۶

ماہ اکتوبر .... اکتوبر کے مہینے میں ملازمت میں کامیابی اور ترقی ملنے کے امکانات روشن ہیں۔ لیکن روزمرہ مصروفیات کی وجہ سے آپ کی صحت خراب ہوسکتی ہے۔ ابتدائی دو عشروں میں شمس کے نحس اثرات آپ کے لیے نقصان کا باعث بن سکتے ہیں جس کی وجہ سے آپ کی ساکھ متاثر ہوگی۔ اس ماہ میں ازدواجی معاملات پر بھی سیارگان کی پوزیشن اثر انداز ہوگی۔

سعد تاریخیں	۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۷، ۱۸		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۲۰، ۲۱، ۲۶، ۲۷، ۲۸

ماہ نومبر .... نومبر کے مہینے میں کاروباری افراد کو کسی اچھی جگہ سے پارٹنرشپ کی آفر ہوسکتی ہے۔ اس لیے اگر آپ ان دنوں میں اس آفر کو قبول کر لیں تو آپ کے اپنے حالات آنے والے وقت میں سازگار ہوسکتے ہیں۔ رشتہ منگنی نکاح کے لیے یہ دن بہت اچھے ہیں۔ ۲۲ اور ۲۳ تاریخیں آپ کے لیے بہتر نہیں ہیں۔ آپ کو بعض نجی معاملات میں پریشانی لاحق ہوسکتی ہے۔ جس کی وجہ سے حالات ناسازگار ہوسکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	۳، ۴، ۵، ۸، ۹، ۱۵		نحس تاریخیں	۱، ۲، ۱۹، ۲۰، ۲۲، ۲۳

ماہ دسمبر .... اگر آپ بیرون ملک سفر کرنے کے خواہش مند ہیں تو یہ مہینہ آپ کے لیے اندرون و بیرون ملک سفر لے کر آسکتا ہے۔ آپ کو قریبی جاننے والوں کی مدد سے فائدہ ملے گا۔ ۳ تاریخ کو عطارد برج جدی میں ہوگا کاروباری افراد کے لیے کوئی چھوٹا سفر آسکتا ہے۔ ۱۷ تاریخ سے مریخ برج حمل میں ہوگا جذباتی فیصلے کم کریں۔ صحت اور اخراجات پر توجہ دیں۔

سعد تاریخیں	۳، ۵، ۶، ۲۳، ۲۵		نحس تاریخیں	۱۷، ۲۰، ۲۱، ۳۰، ۳۱

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے خوش قسمتی کے دن جمعہ، ہفتہ، بدھ اور سوموار ہیں۔ جبکہ منگل کا دن اخراجات کے حوالے سے اہم ہے۔

لکی نمبر: آپ کے لیے ۲، ۶ لکی نمبرز ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے جامنی اور سفید رنگ فائدہ مند ہیں۔

لکی پتھر: آپ کے لیے خوش قسمت پتھر زرقون، موتی اور ہیرا ہیں۔

سال 2003 جوزا افراد کے لیے .... سال 2003 برج جوزا کے تحت آنے والے افراد کے لیے گھریلو ذمہ داریاں لے کر آئے گا وہ جوزا افراد جو کہ شادی کے خواہشمند ہیں اُن کی امیدیں پوری ہونے کے واضع امکانات ہیں۔ گھر کے افراد میں اضافہ ہوگا۔ رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں جو کشیدگی تھی ختم ہوگی۔ آپ کے مالی معاملات نشیب و فراز کا شکار ہونگے۔ کسی نئے کام کو شروع کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔

سال 2003 میں ثور افراد کے لیے خاص لوح .... اس سال آپ کا اپنا ستارہ عطارد حالت شرف میں اگست کے مہینے میں آئے گا۔ آپ کی شخصیت کو اجاگر کرے گا لوگوں میں مقبولیت لائے گا۔ گھریلو حالات کو سازگار کرے گا اور قریبی افراد کے ساتھ تعلقات بہتر کرے گا اُس خاص وقت میں عطارد کی لوح تیار کی جاتی ہے جو کہ آپ کو فائدہ دے گی۔ اس کے علاوہ شمس اور مریخ کی لوحیں آپکی امیدیں پوری کرنے میں مددگار ہوں گی۔ یہ وقت وراثتی امور میں بھی کامیابی دلوائے گا۔

ماہ جنوری .... جنوری کا مہینہ آپ کے لیے ذمہ داریوں کی زیادتی لے کر آئے گا۔ اس ماہ میں ۲ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا اور ۸ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں ہوگا کسی جگہ پر آپکی شادی کی بات چیت چلے گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو خاطر خواہ ترقی نہ مل سکے گی البتہ کسی نئی جگہ پر ملازمت کے مواقع مل سکتے ہیں۔ عطارد کی رجعت لوگوں کی طرف سے مخالفت لائے گی۔

سعد تاریخیں	۸،۱۶،۱۷،۱۸،۲۱،۲۲		نحس تاریخیں	۲،۷،۱۱،۱۲،۱۳،۲۶،۲۷

ماہ فروری .... اس ماہ میں شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں نشیب و فراز آئیں گے۔ خاص طور پر ۲۴،۲۵ تاریخوں کو سیارگان کی پوزیشن بہتر نہ ہوگی [illegible] کی موجودگی میں نئے کام کی ابتداء اور شادی بیاہ [illegible] تو بہتر ہے پہلے صدقہ خیرات دیں تا کہ اس کے نحس اثرات سے بچتے رہیں۔ ۲۲ تاریخ سے زحل استقامت میں آئے گا آپ کی طبیعت میں جو بے چینی تھی اور روپے پیسے کے معاملات میں نحوست تھی اب ختم ہونا شروع ہوگی۔

سعد تاریخیں	۶،۷،۱۳،۱۴،۱۸،۲۰		نحس تاریخیں	۴،۵،۲۲،۲۳،۲۴،۲۵

ماہ مارچ .... مارچ کے مہینے میں ۳ تاریخ کو زہرہ برج دلو میں ہوگا اور زحل سے پانچویں گھر کی نظر بنائے گا کسی دور کے جاننے والے سے مالی فائدہ ہو سکتا ہے۔ شریک حیات کے رشتے داروں سے فائدہ مل سکتا ہے۔ ۵ تاریخ کو مریخ برج جدی میں ہو گا یہاں یہ حالت شرف میں ہوتا ہے۔ آپ کو کسی جگہ نئے بزنس میں انوسٹمنٹ کرنے کا موقع ملے گا اور کسی سے آپ کو کوئی مالی فائدہ بھی مل سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	۱۳،۱۴،۲۰،۲۹،۳۰		نحس تاریخیں	۵،۶،۸،۹،۲۱،۲۲

ماہ اپریل .... اس ماہ میں شمس حالت شرف میں آئے گا آپ کے لیے اُس کی لوح کارآمد ہوگی۔ آپ کی امیدوں کو پوری کرے گی۔ رشتے داروں سے فائدہ دلوائے گی اور مریخ کی لوح آپ کو ملازمت پیشہ امور میں فائدہ، صحت میں بہتری اور دشمنوں پر غلبہ لے کر آئے گی۔ ۴ تاریخ کو مشتری حالت استقامت میں آئے گا۔ کاروباری صورتحال میں ترقی ملے گی اور رکے ہوئے کام ہونا شروع ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	۹، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۱		نحس تاریخیں	۴، ۵، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۶

ماہ مئی....... مئی کے مہینے میں راہو عرصہ دراز کے بعد اپنی پوزیشن بدلے گا اور برج ثور میں داخل ہوگا آپ پرنجی معاملات کے حوالے سے جو عرصہ دارز سے پریشانیاں چلی آ رہی ہیں اب ختم ہونا شروع ہو جائیں گی۔ لیکن اب آپ کو روپے پیسے کے معاملات میں خاصی توجہ دینا ہوگی۔ ۲۰ تاریخ کو عطارد استقامت میں آئے گا۔ غیر ضروری اخراجات کنٹرول میں آنا شروع ہو جائیں گے۔ کچھ ذہنی سکون میسر آئے گا۔

سعد تاریخیں	۶، ۷، ۱۴، ۲۰، ۲۲		نحس تاریخیں	۱، ۲، ۱۵، ۱۶، ۲۸، ۲۹

ماہ جون....... اس ماہ میں آپ کو ۱۴ تاریخ سے فائدہ ملنا شروع ہوگا۔ لوگوں کی طرف سے آپ کو جو مخالفت کا سامنا تھا اب حالات سازگار ہونگے۔ ایک سے زیادہ کاموں کی طرف آپ کا رجحان ہوگا۔ لوگوں میں آپ کی مقبولیت بڑھے گی۔ ۱۱، ۱۲ تاریخوں میں صحت پر توجہ دیں۔ ۵ تاریخ کو زحل برج سرطان میں ہوگا۔ آپ کو ذرائع آمدن کی فکر لاحق ہوگی۔ ذریعہ معاش مستقل بنیادوں پر چلے گا۔

سعد تاریخیں	۲، ۳، ۱۴، ۲۲، ۲۴، ۲۵		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۱۱، ۱۲، ۲۳، ۲۶

ماہ جولائی....... اس ماہ میں آپ کو اضافی آمدن میسر آئے گی جبکہ ۵ تاریخ کو زہرہ برج سرطان میں ہوگا اس ماہ کے نصف تک اگر آپ انعامی سکیموں میں حصہ لیں تو آپ کو حددرجہ فائدہ ہوگا۔ اگر آپ نے لوگوں سے قرضہ جات کی وصولی کرنی ہے تو یہ وقت بہتر ہے۔ ۱۴ تاریخ کو عطارد برج اسد میں ہوگا کاروباری معاملات کے لیے سفر کرنا آپ کے لیے وسیلہ ظفر ثابت ہوگا لوگوں سے فائدہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	۱، ۲، ۱۱، ۱۲، ۲۴		نحس تاریخیں	۹، ۱۰، ۲۲، ۲۳، ۲۹

ماہ اگست....... اگست کے مہینے میں آپ کے گھریلو حالات میں تبدیلی آنے کے امکانات ہیں۔ خاص طور پر جب ۲۴ اگست کو مشتری برج سنبلہ میں ہوگا تو جتنا عرصہ مشتری برج سنبلہ میں رہے گا آپ کے گھریلو افراد میں اضافے کا باعث بنے گا۔ گھر میں کسی نئے فرد کی آمد بھی ہوسکتی ہے۔ اگر آپ گھر کی تعمیر یا خرید و فروخت کرنا چاہتے ہیں تو یہ بہتر وقت ہوگا۔

سعد تاریخیں	[illegible]		نحس تاریخیں	۶، ۷، ۱۸، ۱۹، ۲۸

ماہ ستمبر....... اس ماہ میں ۱۶ تاریخ کو زہرہ برج میزان میں ہوگا۔ دوستوں میں اضافہ ہوگا۔ تعلیمی امور میں کامیابی ملے گی کسی جگہ ایڈمیشن لینے کے لیے یہ وقت بہت بہتر ہوگا۔ ۲۰ تاریخ کو عطارد استقامت میں آئے گا اور ۲۷ تاریخ کو مریخ حالت استقامت میں آئے گا گھریلو حالات اور کاروباری صورتحال کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔

سعد تاریخیں	۳، ۲۰، ۲۴، ۲۵، ۲۷		نحس تاریخیں	۷، ۸، ۹، ۱۲، ۱۵، ۱۶

ماہ اکتوبر....... اس ماہ میں شمس زوال میں ہوگا جو کہ دوستوں میں آپ کو آپ کی شہرت کو خراب کرسکتا ہے۔ روپے پیسے کے معاملات میں خاصی احتیاط برتیں آپ کو غیر ضروری مالی نقصان ہوسکتا ہے۔ ۲۵ اکتوبر کو زحل رجعت میں ہوگا۔ مالی معاملات میں غیر ضروری تناؤ پیدا کرے گا۔ جس کی وجہ سے مشکلات پیدا ہوسکتی ہیں۔

سعد تاریخیں	۸، ۱۴، ۱۵، ۱۷، ۱۸		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۱۲، ۱۳، ۲۶، ۲۷، ۲۸

ماہ نومبر....... اس ماہ میں آپ کے ازدواجی امور خاصی اہمیت کے حامل ہونگے۔ وہ جوڑا افراد جو کہ شادی کرنے کے خواہشمند ہیں اُن کے لیے سیارگان کی پوزیشن بہت فائدہ مند ہوگی۔ خاص طور پر ۱۳ نومبر کے بعد تو سیارگان آپ کو کافی فائدہ دے سکتے ہیں۔ وہ کاروباری افراد جو کہ پارٹنر شپ کے ذریعے بزنس کرنا چاہتے ہیں اُن کو اچھا پارٹنر مل سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	۳، ۴، ۵، ۱۲، ۱۳		نحس تاریخیں	۹، ۱۹، ۲۰، ۲۲، ۲۳

ماہ دسمبر....... اگر آپ انوسٹمنٹ کے ذریعے بزنس کرنا چاہتے ہیں تو ۳ تاریخ کو کاروباری امور کے سلسلے میں بات

چیت کی جاسکتی ہے۔ ۱۷ دسمبر کو عطارد حالت رجعت میں جائے گا وہ لوگ جو کہ آپ سے مل کر کام کرنا چاہتے ہوں اُن سے تحریری معاہدہ کروالیں چونکہ سیارگان کی نحس پوزیشن کی وجہ سے وہ منحرف بھی ہو سکتے ہیں۔ ۱۷ تاریخ کو مریخ برج حمل میں ہوگا جو کہ آپ کے عزائم بلند کرے گا۔ اور حوصلے میں اضافہ کرے گا۔

سعد تاریخیں	۱۱، ۱۲، ۲۲، ۲۵، ۲۶		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۲۰، ۲۱، ۳۰

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے سوموار، بدھ، جمعرات اور جمعہ فائدہ مند ہیں۔ منگل اور ہفتہ ناموافق دن ہیں۔ جبکہ اتوار چھوٹے سفروں کے لیے موزوں ہے۔

لکی نمبر: آپ کے لیے ۹،۵،۴ خوش قسمتی کے عدد ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے لکی رنگ پیلا، نیلا، سبز اور گلابی ہیں۔

لکی پتھر: آپ کے لیے لکی پتھر پنّا اور فیروزہ ہیں۔

سال 2003 سرطان افراد کے لیے ...... برج سرطان کے تحت آنے والے افراد کے لیے سال 2003 ذرائع آمدن میں تبدیلی لا سکتا ہے۔ اور ممکن ہے ذریعہ معاش کے لیے آپ کو ایک سے دوسرے شہر میں سفر کرنا پڑے۔ آپ کو بیرون ملک جانے کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔ کسی جگہ پر بڑی رقم انویسٹ کرنے سے پہلے صلاح مشورہ ضرور کرلیں۔ زحل کے اثرات کی وجہ سے نقصان ہو سکتا ہے۔ نجی زندگی سے متعلق امور کو اہمیت دیں۔

سال 2003 سرطان افراد کے لیے خاص لوح ...... اس سال اپریل کے مہینے میں شمس اور مریخ کا شرف ہو رہا ہے۔ جو آپ کی آمدنی میں اضافہ اور کاروباری حالت میں بہتری کا باعث بنے گا۔ اس کے علاوہ شادی کے معاملات میں اگر کوئی رکاوٹ ہے تو اُسے دور کرے گا۔ آپ کے دوست شراکتی کاروبار کے لیے فائدہ مند ثابت ہو سکیں گے۔ شمس اور مریخ کی الواح اس خاص موقع پر تیار کی جاتی ہیں۔ جو اُوپر بیان کئے گئے امور میں حد درجہ فائدہ مند ثابت رہیں گی۔

ماہ جنوری ...... سال کی ابتداء، جنوری کا مہینہ آپکے لیے روزگار کی تبدیلی اور نئے روزگار کی خوشخبری لے کر آئے گا۔ لیکن یاد رہے کہ ۲ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا۔ جس کی وجہ سے بعض لوگ آپ کے لیے مشکلات پیدا کرنے کی کوشش کریں گے اور آپ کی راہ میں رکاوٹ پیدا کریں گے۔ یہی صورتحال ۲۳ جنوری تک چلے گی۔ ۱۸ جنوری کو مریخ برج قوس میں ہو گا۔ سفر کرتے وقت خاصی احتیاط برتیں اور کاروباری افراد اور ملازمت پیشہ محتاط رہیں۔

سعد تاریخیں	۱۲، ۱۳، ۱۷، ۱۹، ۲۳		نحس تاریخیں	۲، ۸، ۲۱، ۲۶، ۲۷

ماہ فروری ...... اس ماہ میں ۵ تاریخ کو زہرہ برج جدی میں داخل ہوگا یہاں اس کی موجودگی ازدواجی معاملات میں خوشگوار تبدیلیاں لے کر آئے گی اگر آپ کسی سے پارٹنر شپ کر کے کاروبار کی ابتداء کرنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کے لیے بہتر وقت ہے۔ ۲۰ تاریخ کو شمس برج حوت میں ہوگا اگر آپ بیرون ملک سفر کرنے کی کوشش کریں تو ان دنوں میں کاغذات کی تکمیل اور تعلقات کا استعمال کریں آپکو اچھا رزلٹ ملے گا۔ ہو سکتا ہے کچھ لوگ آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں۔

سعد تاریخیں	۸، ۹، ۱۶، ۱۷، ۲۲		نحس تاریخیں	۱۱، ۱۲، ۲۳، ۲۴، ۲۸

ماہ مارچ ...... اس ماہ کے نصف کے بعد حالات میں خوشگوار تبدیلیاں آنا شروع ہونگی۔ ۵ تاریخ کو مریخ برج جدی میں ہوگا۔ اچھی جگہ سے رشتہ آسکتا ہے اور وہ سرطان افراد جو شادی شدہ ہیں اُن کے ازدواجی تعلقات مستحکم ہونا شروع ہونگے۔ ۶ تاریخ کو عطارد برج حوت میں ہوگا اور مریخ سے تیسرے گھر کی نظر بنائے گا کسی قریبی جاننے والے سے مالی فائدہ ہوسکتا ہے۔ سفر میں آپ کی مدد کرے گا۔

سعد تاریخیں	۵، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۲۰، ۲۹		نحس تاریخیں	۳، ۴، ۱۰، ۲۱، ۲۲

ماہ اپریل ...... اس ماہ میں شمس اور مریخ حالت شرف میں آئیں گے جس کی وجہ سے اس ماہ میں آپ کی مصروفیات پہلے کی نسبت زیادہ ہونا شروع ہونگی ان دنوں میں اگر آپ ان کی الواح تیار کروائیں تو آپ کو حددرجہ فائدہ ملے گا۔ خاص طور پر آپ کی کاروباری صورتحال میں بہتری آئے گی اور لوگوں میں آپ کی ساکھ بہتر ہوگی آپ کی شہرت کا گراف بلند ہوگا۔ سیارہ مریخ آپ کے ازدواجی معاملات اور دوسرے لوگوں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط کرے گا۔

سعد تاریخیں	۴، ۵، ۹، ۱۰، ۱۱، ۲۰		نحس تاریخیں	۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۲، ۲۳

ماہ مئی ...... لوگوں کے ساتھ جو آپ کی امیدیں وابستہ تھیں اور اُن کے پورا ہونے میں التواء آرہا تھا اب ۲۰ تاریخ کو جب عطارد حالت استقامت میں آئے گا تو وہی لوگ آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہونگے۔ ۱۴ تاریخ کو راھو عرصہ دراز کے بعد برج ثور میں ہوگا یہاں اس کے اثرات آپ کی غیر ضروری پریشانیوں کو ختم کریں گے لیکن آپ کو محنت زیادہ کرنا پڑے گی۔ راھو کے اثرات آہستہ لیکن لمبے عرصے کے لیے ہوتے ہیں۔

سعد تاریخیں	۲، ۶، ۷، ۲۰، ۲۸، ۲۹		نحس تاریخیں	۱، ۱۵، ۱۶، ۲۱، ۳۰

ماہ جون ...... اس مہینے میں آپ کے حالات میں خاصی تبدیلیاں رونما ہونگی اور یہ ملے جلے اثرات مرتب کرے گا ماہ کے درمیانی ہفتے خاصے تبدیلیوں والے ہونگے۔ لوگوں کی طرف سے ناخوشگوار واقعات دیکھنے کو ملیں گے۔ ہوسکتا ہے ان دنوں میں آپ کو لڑائی جھگڑے کا بھی سامنا ہو۔ لیکن ۲۲ تاریخ کے بعد حالات سازگار ہوجائیں گے۔

سعد تاریخیں	۲، ۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۱۱، ۱۲، ۲۳

ماہ جولائی ...... جولائی کا مہینہ آپ کے لیے خاصا خوشگوار ہوگا آپ کی شخصیت دوسروں میں منفرد ہوگی۔ لوگوں میں آپ کی مقبولیت بڑھے گی۔ آپ معاشرتی تعلقات کی بنا پر ترقی حاصل کریں گے۔ ۱۴ تاریخ کو عطارد برج اسد میں ہوگا جو کہ آپ کی آمدن میں اضافہ لیے ہوگا۔ خاص طور پر ۲۴ تاریخ کو شمس جب برج اسد میں ہوگا تو آپ کی آمدن کو مستحکم کرے گا اور اضافے کا باعث ہوگا۔

سعد تاریخیں	۲، ۵، ۱۱، ۱۲، ۲۲، ۲۳		نحس تاریخیں	۱، ۹، ۱۰، ۲۴، ۲۵، ۲۹

ماہ اگست ...... اس ماہ میں اگر آپ انعامی سکیموں میں حصہ لیتے ہیں تو آپ کو فائدہ ہوسکتا ہے۔ سیارہ مریخ اور عطارد کی رجعت کاروباری معاملات اور بعض روزمرہ نجی امور میں رکاوٹ لاسکتی ہیں اس لیے صدقہ خیرات دیں تاکہ حالات سازگار ہوں۔ ۲۸ تاریخ کو مشتری برج سنبلہ میں داخل ہوگا یہاں اس کی موجودگی آپکو رشتے داروں سے فائدہ دلوائے گی لیکن ذرائع میں نشیب وفراز لائے گی۔

سعد تاریخیں	۱۳، ۱۴، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۱۷، ۲۱، ۲۲، ۲۸

ماہ ستمبر ...... اس ماہ میں آپ کی گھریلو ذمہ داریوں میں اضافہ ہونا شروع ہوگا۔ ۱۶ تاریخ کو زہرہ برج میزان میں ہوگا۔ گھریلو اشیاء کی خرید وفروخت خاص طور پر سواری کے حصول میں مددگار ثابت ہوگا۔ ۲۴ تاریخ کو شمس برج میزان میں ہوگا گھر کے افراد میں آپ کی ساکھ بہتر ہوگی ممکن ہے کہ آپ کچھ اہم فیصلہ جات کریں جن کے بعد میں آپ کو مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا۔

سعد تاریخیں	۳، ۱۵، ۱۶، ۲۰، ۲۱		نحس تاریخیں	۱، ۲، ۷، ۸، ۲۳، ۲۴

ماہ اکتوبر ...... اکتوبر کے مہینے میں آپ کی توجہ کا زیادہ مرکز آپ کے دوست ہونگے۔ ۱۰ تاریخ کو زہرہ برج عقرب میں ہوگا جنس مخالف کی طرف آپ کی توجہ گامزن ہوگی۔ ۲۴ تاریخ کو شمس برج عقرب میں ہوگا جو کہ آپ کے لیے انعامی سکیموں کے ذریعے پیسہ لاسکتا ہے۔ اکتوبر کا مہینہ تعلیم وتربیت کے حوالے سے خاصا اہم رہے گا اس دوران کوئی تعلیمی کامیابی مل سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۷، ۱۸		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۲۰، ۲۱، ۲۶، ۲۷، ۲۸

ماہ نومبر ...... اس ہفتے میں آپ کو ملازمت پیشہ امور میں کامیابی نصیب ہوگی۔ اگر آپ کسی اچھی جگہ ملازمت کے متلاشی ہیں تو ۳ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں ہوگا تو آپ کو اچھی جگہ ملازمت ملنے کی توقع ہے۔ خاص طور پر ۱۳ تاریخ کے بعد مواقع زیادہ مل سکتے ہیں لیکن اس ماہ میں صحت پر خاص طور پر توجہ دیں۔

سعد تاریخیں	۳، ۴، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴		نحس تاریخیں	۱۳، ۱۹، ۲۰، ۲۲، ۲۳

ماہ دسمبر ...... اس ماہ میں نصف دسمبر کے بعد حالات وواقعات میں چند خوشگوار واقعات رونما ہونگے۔ چونکہ سیارہ عطارد ۱۷ تاریخ کو حالت رجعت میں جائے گا۔ اس لیے کوئی بری خبر بھی سننے کو مل سکتی ہے۔ البتہ کاروباری صورتحال میں خاصی بہتری آجائے گی لوگوں میں ساکھ بہتر ہوگی۔ نیا کاروبار شروع کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	۵، ۶، ۱۱، ۱۲، ۲۶		نحس تاریخیں	۱۲، ۱۷، ۲۰، ۲۱، ۳۰

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے خوش قسمتی کے دن اتوار اور جمعہ ہیں جبکہ ہفتہ ناموافق دن ہے۔

لکی نمبر: آپ کے لیے سعد نمبرز ۴ اور ۶ ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے سعد رنگ سفید، کریم اور پیلا ہے۔

لکی پتھر: آپ کے لیے سعد پتھر سفید موتی اور ہیرا ہے۔

برج اسد

21 جولائی 20 اگست — سیارہ — شمس

حروف — م | **پتھر — یاقوت** | **دن — اتوار**

رنگ — سنہرا، اورنج | **دھات — سونا** | **عدد — 1**

سال 2003 اسد افراد کے لیے ...... برج اسد کے تحت آنے والے افراد کے لیے سال 2003 عزت، شہرت میں اضافے کا باعث بنے گا۔ ابتدائی نصف سال بہتری لائے گا اور نصف کے بعد حالات واقعات میں مالی اعتبار سے تبدیلیاں رونما ہونگی کسی جگہ پر سرمایہ کاری کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ البتہ مالی اور معاشی اعتبار سے آپ کو پیچیدگیوں کا سامنا ہوسکتا ہے۔ شادی شدہ اسد افراد کو ازدواجی زندگی پر خاص طور پر توجہ دینا پڑے گی کیونکہ سیارگان کی پوزیشن زیادہ بہتر نہ ہوگی جو نشیب و فراز لاسکتی ہے۔

سال 2003 اسد افراد کے لیے خاص لوح ...... اس سال مریخ کے علاوہ آپ کا حاکم سیارہ شمس اپریل میں شرف پذیر ہورہا ہے جس سے آپ کی عزت ووقار میں اضافہ ممکن ہوگا اس کے علاوہ بیرون ممالک کے سفر بہت فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ اعلیٰ تعلیم کا حصول ممکن ہوگا صحت میں بہتری آئے گی جبکہ گھریلو حالات بھی پہلے سے بہتر ہوجائیں گے۔ اس خاص موقع پر شمس اور مریخ کی الواح تیار کی جاتی ہیں جو آپ کے لیے حد درجہ فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ اگست میں عطارد کا شرف

آپکی آمدنی میں خاطر خواہ اضافے کا باعث بنے گا اور گھر کے بڑے افراد کے متعلق اُمیدیں پوری ہوں گی۔

ماہ جنوری....... سال کی ابتداء برج اسد کے تحت آنے والے افراد کے پیشہ ورانہ امور میں خوشخبری لے کر آئے گی ممکن ہے آنے والے کچھ دنوں میں آپکو خوشگوار تبدیلیاں آتی دکھائی دیں۔ ۲ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں جائے گا جس کی وجہ سے آپ کے بعض کاموں میں التواء آئے گا۔ لیکن ۲۳ تاریخ کو حالت استقامت میں آئے گا اور مالی حالات پھر معمول پر آنا شروع ہو جائیں گے لیکن اس دوران فیصلے سوچ سمجھ کر کریں۔

سعد تاریخیں	۸،۱۲،۱۳،۱۷،۱۸،۲۱		نحس تاریخیں	۱،۲،۵،۲۶،۲۷

ماہ فروری....... فروری کا مہینہ آپ کے نجی معاملات کی مصروفیات میں اضافے کا باعث بنے گا۔ اگر آپ رشتے یا منگنی کے خواہشمند ہیں تو ۱۴ تاریخ کو عطارد برج دلو میں ہوگا۔ کاموں کی شروعات کے لیے یہ ایک بہتر وقت ہوگا۔ اشتراک کاروبار کے لیے بھی بہتر وقت ہوگا کسی کے ساتھ مل کر بھی کوئی نیا کاروبار شروع کر سکتے ہیں۔ ۲۲ تاریخ کو زحل استقامت کی حالت میں ہوگا تو مالی معاملات کو بہتر کرے گا۔

سعد تاریخیں	۳،۸،۹،۲۸		نحس تاریخیں	۱۳،۱۴،۱۸،۱۹،۲۴

ماہ مارچ....... کاروباری افراد کے لیے کسی جگہ سرمایہ کاری کرنے کے لیے یہ ایک بہتر وقت ہے۔ اگر آپ نے کسی سے رقم وصول کرنی ہے یا کسی سے کاروباری معاملات میں ڈیل کرنی ہے تو ۲۲ تاریخ کے بعد کریں۔ چونکہ ۲۱، ۲۲ تاریخیں آپ کو گھریلو معاملات میں الجھائے رکھیں گی۔ ان دنوں میں گھر کے افراد کے ساتھ سفر کرنا بہتر نہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	۳،۸،۹،۲۰،۲۹،۳۰		نحس تاریخیں	۵،۶،۱۳،۱۴،۲۱،۲۲

ماہ اپریل....... اس ماہ میں شمس اور مریخ حالت شرف میں آئیں گے اور اس دوران اگر آپ ان کی الواح تیار کرواتے ہیں تو آپ کو حد درجہ فائدہ ہوگا۔ آپ کی لوگوں میں شہرت اور ملازمت پیشہ امور میں کامیابی لائے گا۔ یاد رہے کہ ۲۶ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا جو کہ آپ کے مالی معاملات پر اثر انداز ہوگا اس لیے روپے پیسے کو خرچ کرتے وقت احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

سعد تاریخیں	۴،۵،۱۱،۲۰،۲۲		نحس تاریخیں	۹،۱۰،۱۷،۱۸،۱۹

ماہ مئی....... اس ماہ میں آپ کو نیا کاروبار کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ ۱۴ تاریخ کو راھو برج ثور میں ہوگا جو کہ آپ کی کاروباری صورتحال پر اثر انداز ہوگا۔ آپ کا کاروبار آہستہ آہستہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور جن لوگوں سے آپ کی امیدیں وابستہ تھیں اب حالات سازگار ہونا شروع ہو جائیں گے۔ خاص طور پر ۱۷ تاریخ کو زہرہ برج ثور میں ہوگا تو آمدن میں اضافہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	۲،۱۷،۲۲،۲۸،۲۹		نحس تاریخیں	۱،۶،۷

ماہ جون....... ۵ جون کو زحل برج سرطان میں داخل ہوگا اور آپ پر نحس اثرات مرتب کرے گا اس لیے اس دن صدقہ خیرات دیں تاکہ اس کے نحس اثرات میں کمی واقع ہو اس کے اثرات میں شدت ۲۲ جون سے آنا شروع ہوگی۔ ۱۸ تاریخ کو مریخ برج حوت میں ہوگا۔ اس کے آتشی اثرات مرتب ہونگے جلد بازی میں فیصلے کم کریں اور اپنے مزاج کو دھیمار کھنے کی کوشش کریں۔

سعد تاریخیں	۲،۳،۵،۶،۲۴،۲۶		نحس تاریخیں	۱۱،۱۲،۲۲،۲۳،۲۵

ماہ جولائی....... اس ماہ کے ابتدائی دنوں میں کچھ مشکلات کا سامنا بدستور رہے گا لیکن نصف ماہ گذرنے کے بعد حالات وواقعات میں خاصی خوشگوار تبدیلیاں آئیں گی۔ ۲۴ تاریخ کو شمس برج اسد میں ہوگا اور تب سے حالات بہتری کی طرف جانا شروع ہونگے لوگوں میں آپ کی اہمیت بڑھے گی۔ بعض لوگ جو پہلے آپ کے مخالف تھے اور نجی زندگی میں پریشانی تھی اب حالات سازگار ہونا شروع ہونگے۔

سعد تاریخیں	۲،۱۱،۱۲،۲۲،۲۳		نحس تاریخیں	۱،۵،۹،۱۰،۲۹

ماہ اگست ...... یہ مہینہ ذرائع آمدن کے حوالے سے اچھا رہے گا ایک سے زیادہ جگہوں سے آپ کو آمدن میسر آئے گی۔ اگر آپ نے لوگوں سے رقم وغیرہ وصول کرنی ہے تو یہ ماہ آپ کے لیے بہتر رہے گا خاص طور پر اس ماہ کا آخری عشرہ آپ کے لیے مفید ثابت ہوگا۔ ۲۸ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا جس کی وجہ سے بعض لوگ آپ سے وعدہ کرنے کے بعد پورا نہیں کریں گے اس لیے تحریری معاہدہ کریں۔

سعد تاریخیں	۴، ۱۳، ۱۴، ۱۸، ۱۹		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۷، ۲۳، ۲۴، ۲۸

ماہ ستمبر ...... ستمبر کے مہینے میں سیارگان کے سعد اثرات آپ پر مرتب ہونا شروع ہونگے۔ کاروباری صورتحال قدرے بہتر رہے گی اگر آپ اپنی موجودہ نوکری کے بارے میں پریشان ہیں تو آپ اس کو تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔ چونکہ یہ ماہ آپ کے لیے اچھے اثرات لائے گا۔ ۲۰ تاریخ کو عطارد حالت استقامت میں آئے گا جبکہ ۲۷ تاریخ کو مریخ استقامت میں آئے گا۔ رُکے ہوئے کام نئے سر سے چلنا شروع ہونگے۔

سعد تاریخیں	۱۵، ۱۶، ۲۰، ۲۷		نحس تاریخیں	۷، ۸، ۹، ۲۰، ۲۱

ماہ اکتوبر ...... اس مہینے میں آپ پر گھر کی کچھ ذمہ داریاں آن پڑیں گی۔ ۱۰ تاریخ کو زہرہ برج عقرب میں ہوگا۔ گھریلو اشیاء کی خرید و فروخت اور خاص طور پر سواری سے متعلقہ امور کی خرید و فروخت میں مدد ملے گی۔ لیکن ۲۴ تاریخ کو شمس برج عقرب میں ہوگا گھر والوں میں آپ کی شہرت ہوگی کامیابی ملے گی۔

سعد تاریخیں	۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۲۴		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۱۷، ۱۸، ۲۶، ۲۷، ۲۸

ماہ نومبر ...... اس ماہ میں آپ کو دوستوں کی طرف سے فائدہ ملے گا۔ دوستوں میں آپ کی مقبولیت بڑھے گی۔ اگر آپ تعلیمی امور سے وابستہ ہیں یا اگر آپ کسی جگہ ایڈمیشن چاہتے ہیں تو یہ وقت آپ کے لیے بہتر ہے۔ اس ماہ میں ۳ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں ہوگا جو آپ کی توجہ جنس مخالف کی طرف مبذول کرے گا بعض دوست آپ سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گے۔

سعد تاریخیں	۴، ۵، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴		نحس تاریخیں	۶، ۱۹، ۲۰، ۲۲، ۲۶

ماہ دسمبر ...... دسمبر کے ابتدائی دو عشرے آپ کے لیے اضافی آمدن کا باعث ہونگے۔ ۱۷ تاریخ کو مریخ برج حمل میں ہوگا اگر آپ بیرون ملک سفر کی کوشش کریں تو [illegible] فائدہ ہو سکتا ہے [illegible] دوسرے بھی آپ کے لیے راہ ہموار کر سکتے ہیں۔ اس لیے بہتر وقت ہے اگر آپ اپنے مستقبل کی پلاننگ کر رہے ہیں تو ۲۳ کو شمس برج جدی میں ہوگا ملازمت میں پیشہ ورانہ امور میں نشیب و فراز لائے گا۔

سعد تاریخیں	۵، ۶، ۱۷، ۲۲، ۲۵، ۲۶	..	نحس تاریخیں	۱۱، ۱۲، ۲۰، ۲۱، ۲۱

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے مبارک دن اتوار، منگل، بدھ اور جمعرات ہیں۔

لکی نمبر: آپ کے لیے سعد عدد ۱، ۴، ۵، ۶ اور ۹ ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے خوش قسمتی کے رنگ نارنجی، سرخ، سفید اور سبز ہیں۔

لکی پتھر: آپ کے لیے خوش قسمتی کا پتھر یاقوت ہے۔

برج سنبلہ

21 اگست تا 20 ستمبر　سیارہ ۔۔ عطارد

حروف ۔۔ پ، غ　پتھر ۔۔ لاجورد　دن ۔۔ بدھ

رنگ ۔۔ گہرا زرد　دھات ۔۔ ٹن　عدد ۔۔ 5

سال 2003 سنبلہ افراد کے لیے ...... برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد کے لیے ابتدائی مہینے جدوجہد میں گزریں گے جبکہ نصف ماہ کے بعد حالات بتدریج بہتر ہوتے جائیں گے اور لوگوں کے ساتھ آپ نے جو امیدیں وابستہ کی ہوئی ہیں وہ پوری ہونا شروع ہو جائیں گی۔ ازدواجی معاملات اور گھریلو مسائل حل ہونگے جو کہ عرصہ دراز سے آپ کے لیے پریشانی کا باعث تھے۔ معاشرتی تعلقات میں وسعت آئے گی اور تعلقات وسیع ہونگے۔

سال 2003 سنبلہ افراد کے لیے خاص لوح .... آپ کا حاکم ستارہ عطارد اگست کے مہینے میں حالت شرف میں آرہا ہے۔ جو آپ کی عزت و وقار میں اضافے کے ساتھ ساتھ آپ کی کاروباری پوزیشن کو بہت مضبوط کرے گا۔ اس موقع پر عطارد کی لوح آپ کے لیے بالخصوص بہت فائدہ مند ثابت ہوگی۔ اپریل میں شمس اور مریخ کے شرف کے دوران بننے والی لوح بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری چھپے ہوئے دشمنوں کے خلاف غلبہ اور دوستوں کے حلقے میں وسعت کا باعث بنے گی۔ وراثتی امور سے متعلق مسائل بھی حل ہوسکیں گے۔

ماہ جنوری .... جنوری کا مہینہ اور سال کی ابتداء برج سنبلہ افراد کے لیے خاصی محنت طلب ہوگی۔ ۲ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا آپ کے بعض دوست آپ کے لیے نقصان کی صورتحال پیدا کریں گے۔ اس ماہ میں ۱۸ تاریخ سے گھر کی بعض ذمہ داریاں آپ پر آن پڑیں گی۔ ممکن ہے کہ کچھ دنوں کے لیے آپ گھریلو امور میں کچھ کشیدگی رہے تو کہ آپ کے لیے ذہنی کوفت کا باعث بنتی رہے۔

سعد تاریخیں	۸،۱۲،۱۳،۱۷،۱۸		نحس تاریخیں	۲۱،۲۲،۲۶،۲۷

ماہ فروری .... اگر آپ اپنی ملازمت کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو فروری کا مہینہ آپ کے لیے خاصا بہتر ہے۔ ۲۲ تاریخ کو زحل حالت استقامت میں ہوگا ذریعہ معاش اور اولاد کی جانب سے آپ کو جو پریشانی لاحق تھی اب حالات بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ ۱۴ تاریخ کو عطارد برج دلو میں ہوگا آپ کی کاروباری صورتحال توجہ طلب رہے گی۔ کاروباری افراد کو اپنے ملازمین پر خاصی توجہ دینا پڑے گی۔

سعد تاریخیں	۵،۸،۹،۱۳،۱۴		نحس تاریخیں	۱۴،۲۰،۲۲،۲۳،۲۵

ماہ مارچ .... [illegible] اہم رہیں گے۔ اگر آپ رشتے یا منگنی کے خواہش مند ہیں تو ان دو عشروں میں کام کی تکمیل خاصی بہتر رہے گی۔ سیارگان کی حالتیں بہتر ہیں۔ ۵ تاریخ کو مریخ برج جدی میں ہوگا لوگوں کے ساتھ دوستی کے رشتے مضبوط ہونگے۔ ان کے ساتھ وقت بھی زیادہ گزرے گا۔

سعد تاریخیں	۸،۹،۱۳،۱۴،۲۰،۲۹،۳۰		نحس تاریخیں	۳،۴،۱۰،۲۱،۲۲

ماہ اپریل .... اس ماہ میں شمس اور مریخ حالت شرف میں آئیں گے۔ اس دوران اگر آپ ان کی لوح بنواتے ہیں تو آپ کو حد درجہ فائدہ ملے گی۔ دشمنوں پر غلبہ اولاد کی جانب سے راحت اور روپے پیسے کی بچت کے معاملات میں آپ کو خاصی کامیابی ملے گی۔ لوح بنوانے کے لیے ادارہ سے رجوع کر سکتے ہیں۔ اگر اپنے پارٹنر کے ذریعے رقم وصول کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت بہتر ہے۔

سعد تاریخیں	۴،۵،۹،۱۰،۲۰،۲۱		نحس تاریخیں	۱۸،۱۹،۲۲،۲۳،۲۴

ماہ مئی .... مئی کے مہینے میں عرصہ دراز کے بعد راھو برج ثور میں ہوگا اور یہاں اس کی موجودگی بیرون ملک سفر کے امکانات کو روشن کرے گا۔ ۲۲ تاریخ کو شمس برج جوزا میں ہوگا جو کہ آپ کی کاروباری صورتحال کو نمایاں کرے گا۔ اگر آپ کسی نئے کام کی شروعات کرنا چاہتے ہیں تو یہ عشرہ آپکے لیے مفید ہے۔ دوسرے لوگوں میں آپ کی ساکھ بہتر ہوگی۔ لوگ آپ کی حمایت کریں گے۔

سعد تاریخیں	۲،۶،۷،۱۴،۲۸،۲۹		نحس تاریخیں	۱،۹،۱۰،۱۵،۱۶

ماہ جون .... اس مہینے میں آپ کے معاشرتی حالات میں خاصی تبدیلی آنے والی ہے۔ مختلف امور کی طرف آپ کی توجہ بٹی رہے گی۔ خاص طور پر ۱۱ تاریخ کو زہرہ برج جوزا میں ہوگا یہاں اس کی موجودگی آپ کی معاشرتی شہرت کو بلند کرے گی جبکہ ۱۸ تاریخ کو مریخ برج حوت میں ہوگا جو آپ کے ازدواجی معاملات کو نئے سرے سے شروع کرے گا۔

سعد تاریخیں	۲،۳،۱۳،۲۲،۲۵،۲۶		نحس تاریخیں	۵،۶،۱۱،۱۲،۲۳،۲۴

ماہ جولائی .... اس ماہ کا نصف آپ کے لیے اچھا ہوگا جبکہ نصف کے بعد حالات میں کچھ ناخوشگوار واقعات آسکتے ہیں۔ ۱۴ تاریخ کو عطارد برج اسد میں ہوگا۔ آپ کی طبیعت کو غیر متوازن کرے گا۔ اس ماہ میں بعض لوگ آپ کی مخالفت پر اتر آئیں گے ممکن ہے کہ وہی آپ کے خیر خواہ ہوں۔ کسی جگہ پر بڑی انوسٹمنٹ نہ کریں اُس ماہ میں سیارگان کی پوزیشن آپ کے لیے بہتر نہیں ہیں اخراجات ہو سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	۲،۱۱،۱۲،۲۲،۲۳		نحس تاریخیں	۹،۱۰،۲۴،۲۹،۳۰

ماہ اگست .... اس ماہ میں عطارد حالت شرف میں آئے گا جو کہ آپ کے لیے حد درجہ فائدہ مند ہوگا آپ کو ذریعہ معاش میں کامیابی اور لوگوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت کو بہتر کرے گا ایسے سعد موقع پر عطارد کی لوح تیار کی جاتی ہے جو کہ آپ کو فائدہ دے گی۔ اس ماہ کے آخری عشرے سے حالات آپ کی حمایت میں آنا شروع ہونگے۔ خاص طور پر جب مشتری برج سنبلہ میں آئے گا۔

سعد تاریخیں	۱۳،۱۴،۱۸،۱۹،۲۳،۲۴		نحس تاریخیں	۵،۶،۷،۲۸

ماہ ستمبر .... اس ماہ کے ابتدائی دنوں میں مریخ اور عطارد کی رجعت آپ کے لیے نقصان دہ ہوگی بعض کاموں میں غیر ضروری التواء آئے گا جبکہ ۲۰ تاریخ سے عطارد استقامت کی حالت میں ہوگا تو روزمرہ امور میں کامیابی نصیب ہونا شروع ہوگی لوگوں میں آپ کی مقبولیت کا گراف جو پہلے نشیب و فراز کا شکار تھا اب حالات کو سازگار کرنا شروع کرے گا بلکہ پہلے سے بہتر حالات ہونگے۔

سعد تاریخیں	۳،۱۵،۱۶،۲۰،۲۱		نحس تاریخیں	۱،۲،۸،۹،۲۴

ماہ اکتوبر .... اس ماہ کی [illegible] جب زحل رجعت میں ہو گا تو حالات کو کچھ نشیب و فراز کا شکار کرے گا۔ آمدن کی بہتری آپ کے گھریلو حالات کو سازگار بنائے گی آسائشات سے متعلقہ اشیاء کی خرید و فروخت میں آپ دلچسپی لیں گے۔ ان معاملات کے لیے ۸ تاریخ کے بعد کے دن بہتر ہونگے۔

سعد تاریخیں	۸،۱۲،۱۳،۱۴،۱۵		نحس تاریخیں	۵،۶،۲۰،۲۱،۲۶،۲۷،۲۸

ماہ نومبر .... نومبر کا مہینہ آپ کے لیے اندرون اور بیرون ملک سفر لے کر آسکتا ہے۔ اس ماہ میں آپ کے قریبی رشتے دار آپ کی روزمرہ زندگی میں اثر انداز ہونگے۔ ممکن ہے اُن کے ساتھ مل کر آپ اہم امور کو حل کریں جن سے آپ کے مالی اور معاشرتی امور بھی زیر بحث آئیں گے۔ ان دنوں میں آپ کو کچھ ایسی خبریں سُننے کو ملیں گی جو کہ ملے جلے اثرات دیں گے۔

سعد تاریخیں	۳،۵،۹،۱۳،۱۴		نحس تاریخیں	۱۹،۲۰،۲۲،۲۳

ماہ دسمبر .... یہ ماہ آپ کی گھریلو زندگی پر اثر انداز ہوگا۔ ممکن ہے اس مہینے میں آپ کی گھریلو زندگی میں کوئی ناخوشگوار واقع پیش آئے۔ ان دنوں میں آپ کے گھر والوں کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی آسکتی ہے۔ جبکہ نصف ماہ کے بعد آپ کو اضافی آمدن میسر آسکتی ہے۔ جنس مخالف کی طرف توجہ ہوگی۔ دوستوں کے ساتھ سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ ۲۲ تاریخ کے بعد ملے جلے اثرات ہونگے۔

سعد تاریخیں	۵،۶،۱۱،۱۲،۲۵،۲۶		نحس تاریخیں	۱۷،۲۰،۲۱،۳۰،۳۱

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے خوش قسمتی کے دن بدھ، جمعہ اور سوموار ہیں جبکہ منگل اور ہفتہ ناموافق دن ہیں۔

لکی نمبر: آپ کے لیے مبارک عدد ۴ اور ۷ ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے سعد رنگ پیلا، سفید اور سبز ہیں۔ جبکہ لال، نیلے اور کالے سے پرہیز کریں۔

لکی پتھر: آپ کے لیے سعد پتھر پنا اور فیروزہ ہیں۔

برج میزان

21 ستمبر تا 20 اکتوبر — سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ر، ت، ط — پتھر۔۔سنگ دودھیا، ہیرا — دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔ہلکا گلابی، نیلا — دھات۔۔تانبہ، پیتل — عدد۔۔6

سال 2003 میزان افراد کے لیے...... برج میزان کے تحت آنے والے افراد کے لیے سال 2003 میں اضافی ذمہ داریاں آئیں گی۔ لوگوں کے ساتھ وابستہ امیدیں پوری ہونا شروع ہونگی۔ جبکہ کاروباری صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ کو کچھ اہم فیصلہ جات کرنے پڑیں گے۔ نصف ماہ کے بعد مالی معاملات اور معاشرتی تعلقات کی نوعیت میں خاصی تبدیلیاں آئیں گی۔ والدین کے ساتھ تعلقات میں نشیب و فراز [illegible] خاص طور پر روپے پیسے کے لین دین کے معاملات زیر بحث آئیں گے۔

سال 2003 میزان افراد کے لیے خاص لوح...... اس سال شمس اور مریخ اپریل کے مہینے میں حالت شرف میں آرہے ہیں۔ شادی سے متعلق معاملات میں اچانک تیزی آجائے گی۔ گھر کے ماحول میں خوشگوار تبدیلی آئے گی۔ شراکتی کاروبار فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اس کے علاوہ شہرت میں اضافہ ہوگا۔ اس خاص موقع پر بنائی گئی الواح آپ کے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہوں گی۔ اگست میں عطارد کے شرف میں تیار کی گئی لوح بیرون ممالک سفر میں حائل رکاوٹیں دور کرنے میں حد درجہ فائدہ مند ثابت ہوگی۔

ماہ جنوری...... سال کی ابتداء اور جنوری میں آپ کی توجہ زیادہ تر مالی معاملات کی طرف رہے گی۔ ۲ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا۔ اس کی رجعت آپ کے حالات منفی رُخ موڑنے کی کوشش کرے گی اور آپ کے ذہن میں خیالات کی بھرمار کرے گی ہوسکتا ہے آپ کو گھریلو ذمہ داریاں اٹھانا پڑیں۔ ۸ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں ہوگا اندرون ملک سفر سے کامیابی ملے گی اچھی خبر سننے کو ملے گی۔ بہن بھائیوں میں محبت پیدا ہوگی۔

سعد تاریخیں	۸،۱۷،۱۸،۲۱،۲۲،۲۳		نحس تاریخیں	۲،۱۲،۱۳،۲۶،۲۷

ماہ فروری...... اس ماہ میں انعامی سکیموں میں حصہ لینا آپ کے لیے فائدہ مند ہوگا۔ اگر آپ تعلیمی امور سے وابستہ ہیں تو ان دنوں میں آپ کو تعلیم میں کوئی خاص کامیابی نصیب ہوگی یا کوئی دوست آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ لیکن اگر آپ کسی اچھی جگہ ملازمت کے متلاشی ہیں تو ۲۰ تاریخ کے بعد سیارگان کی پوزیشن آپ کے حق میں بہتر ہوگی ملازمت میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	۳،۸،۹،۱۸،۲۷		نحس تاریخیں	۱۷،۱۸،۲۰،۲۶

ماہ مارچ...... اس مہینے میں آپ کو صحت اور نوکری پر خاص توجہ دیں ہوسکتا ہے اس ماہ میں آپ کی ٹرانسفر ایک سے دوسرے شہر یا جگہ پر ہو جائے۔ لیکن جلد بازی میں ابھی کوئی فیصلہ نہ کیجئے گا۔ ۶ تاریخ کو عطارد برج حوت میں ہوگا جو آپ کو مختلف موضوعات پر سوچنے کے لیے مجبور کرے گا ہوسکتا ہے آپ کوئی فیصلہ کر گزریں۔

سعد تاریخیں	۳،۱۳،۱۴،۲۰،۲۹،۳۰		نحس تاریخیں	۶،۸،۹،۱۰،۲۲

ماہ اپریل .... اس ماہ میں شمس اور مریخ حالت شرف میں آئیں گے آپ کے ازدواجی امور سے متعلقہ معاملات میں التواء تھا اب شرف شمس و مریخ آپ کو فائدہ دے گا اور آپ کے گھریلو حالات میں جو کشیدگی تھی اب وہ ختم ہونا شروع ہوگی۔ اگر آپ اس کی لوح بنواتے ہیں تو آپ کو ان امور میں حد درجہ فائدہ ہوگا لوح بنوانے کے لیے آپ ادارہ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	۹،۱۰،۱۱،۱۵،۲۰		نحس تاریخیں	۴،۵،۶،۷،۱۸،۱۹

ماہ مئی .... آپ کو بیرون ملک کے سفر کا موقع مل سکتا ہے۔ خاص طور پر جب ۱۴ تاریخ کو راھو برج ثور میں ہوگا اور جو آپ کے حالات پر خاص طور پر بیرون ملک کے اثرات پر اثر انداز تھا۔ اب آپ کے حالات ساز گار ہونا شروع ہونگے چونکہ راھو کا سایہ آپ کے برج سے ہٹنا شروع ہوگا۔ ان مہینوں میں اگر آپ کسی سے مال دولت سے متعلقہ امور کو طے کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے لیے بہتر وقت ہے۔

سعد تاریخیں	۶،۷،۱۴،۲۰،۲۲		نحس تاریخیں	۱،۲،۱۵،۱۶،۲۸،۲۹

ماہ جون .... یہ ماہ آپ کے لیے خاصا تبدیلیوں والا ثابت ہوگا اندرون اور بیرون ملک سفر کے علاوہ کاروباری صورتحال خاصی بہتر ہوگی لوگوں کی طرف سے آپ کو خاطر خواہ رزلٹ ملے گا۔ ۱۸ تاریخ کو مریخ برج حوت میں ہوگا۔ صحت کی خرابی کا امکان ہے۔ سفر کرتے وقت احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ ۲۲ تاریخ کو شمس برج سرطان میں ہوگا۔ عہدے اور مرتبے میں اضافہ ہوگا۔

سعد تاریخیں	۲،۳،۱۱،۱۴،۲۲،۲۴		نحس تاریخیں	۵،۶،۱۱،۱۲،۱۸،۲۵،۲۶

ماہ جولائی .... جولائی کا مہینہ آپ کی لوگوں سے وابستہ امیدیں پوری کرے گا۔ ۵ تاریخ کو [illegible] برج سرطان میں ہو گا جو آپ کے کاروبار کو خاصی ترقی دے گا۔ جنس مخالف کی طرف رجحان ہوگا لیکن یہ آپ کی توجہ کو آسائشات کی طرف مبذول کرے گا لیکن جب ۲۴ تاریخ کو برج اسد میں ہوگا تو عملی میدان میں آپ کو کامیابی ہوگی۔ آپ کی عمر سے بڑے افراد آپ کے لیے فائدہ مند ہونگے۔

سعد تاریخیں	۲،۵،۱۱،۱۲،۲۴،۲۹		نحس تاریخیں	۹،۱۰،۲۲،۲۳ [illegible]

ماہ اگست .... اس ماہ میں سیارہ عطارد حالت شرف میں آئے گا جو کہ آپ کے لیے حد درجہ فائدہ مند ہوگا۔ آپ کو کاروباری امور اور بیرون ملک سے متعلقہ کاموں میں فائدہ ملے گا۔ اگر آپ اس سعد وقت میں عطارد کی لوح بنوائیں گے تو حد درجہ فائدہ ملے گا۔ لیکن آخری عشرے میں سیارگان کی پوزیشن نقصان دہ صورتحال کی طرف جائے گی اس لیے احتیاط کریں۔

سعد تاریخیں	۴،۱۳،۱۴،۲۳،۲۴		نحس تاریخیں	۵،۶،۷،۱۸،۱۹

ماہ ستمبر .... ستمبر کے مہینے میں ۱۶ تاریخ کو آپ کا حاکم سیارہ زہرہ برج میزان میں ہوگا جو کہ آپ کو جاذب نظر بنائے گا اور جب ۲۴ تاریخ کو شمس برج میزان میں ہوگا تو آپ کو انا پرست اور لوگوں میں مقبولیت کا گراف بلند کرے گا۔ ۲۰ تاریخ کو عطارد حالت استقامت میں ہوگا۔ روپے پیسے کے معاملے میں آپ کو فائدہ دے گا۔ ۲۷ تاریخ کو مریخ حالت استقامت میں ہوگا تو طبیعت کو سکون دے گا۔

سعد تاریخیں	۳،۱۶،۲۰،۲۱،۲۴		نحس تاریخیں	۱،۸،۹،۱۵،۱۶

ماہ اکتوبر .... اس ماہ میں آپ کی آمدن میں اضافہ ہوگا کسی نئی جگہ سے روزگار میسر آ سکتا ہے۔ اگر آپ کاروبار کو بڑھانا چاہتے ہیں یا کسی نئے کاروبار کو شروع کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت آپ کے لیے بہتر ہے۔ خاص طور پر ۱۰ تاریخ کو زہرہ برج عقرب میں ہوگا جو اضافی آمدن لے کر آئے گا۔

سعد تاریخیں	۸،۱۴،۱۵،۱۷،۱۸		نحس تاریخیں	۵،۶،۱۲،۱۳،۲۶،۲۷،۲۸

ماہ نومبر .... اس ماہ میں آپ کے قریبی رشتے دار آپ کی زندگی میں مداخلت کریں گے قریبی رشتے داروں کے ساتھ مل کر بزنس کرنا آپ کے لیے بہت زیادہ فائدہ مند نہ ہوگا۔ اس ماہ میں آپ کو ملی جلی خبریں سننے کو ملیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنے کا موقع ملے گا یاد رہے کہ سفر آپ کے لیے وسیلہ ظفر ثابت ہوگا اور حالات کو سازگار بنائے گا۔

سعد تاریخیں	۳،۴،۵،۱۳،۱۴،۱۵		نحس تاریخیں	۸،۹،۱۹،۲۲،۲۳

ماہ دسمبر .... دسمبر کے مہینے میں آپ کو کچھ گھریلو ذمہ داریاں اٹھانا پڑ سکتی ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو سیارگان کی نحس نظرات کی وجہ سے کچھ گھریلو اختلافات کا بھی سامنا کرنا پڑے۔ جس کی وجہ سے آپ ذہنی طور پر پریشان رہیں گے۔ ۱۷ تاریخ کو مریخ برج حمل میں ہوگا گھر والوں کی طرف سے ازدواجی زندگی میں نشیب و فراز آ سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	۱۱،۱۲،۱۷،۲۵،۲۶		نحس تاریخیں	۵،۶،۲۰،۲۱،۳۰،۳۱

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے سعد دن جمعہ، اتوار اور سوموار ہیں۔ جبکہ جمعرات ناموافق دن ہے۔

لکی نمبر: آپ کے لیے خوش قسمتی کا عدد ۶، ۲، ۷ ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے سعد رنگ نارنجی، سفید اور لال ہیں۔ سبز اور پیلا رنگ ناموافق ہے۔

لکی پتھر: آپ کے لیے سعد پتھر فیروزہ اور یاقوت ہیں۔

سال 2003 عقرب افراد کے لیے برج عقرب کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس سال میں اندرون اور بیرون ملک سفر پیش آ سکتا ہے اور مذہبی مقامات میں خصوصی دلچسپی پیدا ہوگی۔ وراثتی امور حل ہونا شروع ہونگے۔ رہائش اور گھر کی تبدیلی بھی ہو سکتی ہے۔ ازدواجی معاملات سے متعلقہ امور جو کہ التواء میں تھے حل ہونگے۔ اس سال میں صحت کے بارے میں محتاط رہیں خاص طور پر دوران سفر ضرور احتیاط برتیں اور آپ کے جذباتی فیصلے نقصان دے ہو سکتے ہیں۔

سال 2003 عقرب افراد کے لیے خاص لوح ...... اس سال اپریل کے مہینے میں شمس اور مریخ کا شرف آ رہا ہے جو آپ کی جسمانی صحت میں اضافہ، پیٹھ پیچھے چھپے دشمنوں پر غلبہ اور رشتہ داروں، بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری لے کر آئے گا۔ ملازمت سے متعلق امور میں خاطر خواہ کامیابی ملے گی اور پرموشن کے چانسز ملیں گے۔ اس خاص وقت میں تیار کی گئی الواح جملہ امور میں حد درجہ فائدہ مند ثابت ہوں گی۔ اگست میں عطارد کے شرف کے دوران تیار کی گئی لوح زمین اور جائیداد سے متعلق امور حل کروانے میں بہت فائدہ مند ثابت ہوگی۔

ماہ جنوری .... سال کی ابتداء اور جنوری کا مہینہ آپ کے لیے اضافی آمدن کا باعث بنے گا لیکن عطارد کی رجعت آپ کے لیے نقصان دے ثابت ہوگی۔ جو کہ رشتے داروں کی طرف سے آپ کو نقصان دلوا سکتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ بعض لوگ اپنے کیے ہوئے وعدوں سے منحرف ہو جائیں۔ ۸ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں ہوگا جو کہ آمدن پر سعد اثرات مرتب کرے گا کوئی شخص آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔

سعد تاریخیں	۸،۱۲،۱۳،۱۷،۱۸،۲۱،۲۳		نحس تاریخیں	۲،۳،۲۶،۲۷

ماہ فروری ...... اس مہینے میں آپ کو کچھ گھریلو ذمہ داریوں کا سامنا ہوگا ہوسکتا ہے کہ آپ کے گھریلو حالات میں کچھ تبدیلیاں آئیں۔ نصف ماہ سے پہلے ماں باپ اور بہن بھائیوں کے ساتھ زیادہ وقت گذرے گا لیکن نصف ماہ کے بعد خاص طور پر ۲۰ تاریخ سے شمس برج حوت میں ہوگا یہاں اس کی موجودگی آپ کو تعلیمی امور میں کامیابی اور دوستوں سے فائدہ دے گی لوگوں سے میل جول بڑھے گا۔

سعد تاریخیں	۵، ۶، ۱۲، ۱۳، ۱۷		نحس تاریخیں	۱۴، ۱۹، ۲۰، ۲۲

ماہ مارچ ...... اس ماہ کی ۶ تاریخ کو عطارد برج حوت میں ہوگا جو آپ کو تعلیمی امور میں فائدہ دے گا اولاد کی جانب سے فائدہ ہوگا۔ اگر آپ کسی نئی جگہ پر داخلہ لینا چاہتے ہیں تو یہ وقت بہتر ہوگا۔ ۲۲ تاریخ کو شمس برج حمل میں ہوگا یہاں یہ آپ کو ذریعہ معاش میں فائدہ دے گا اور اگر آپ روزگار کو بدلنا چاہتے ہیں تو یہ وقت بہتر ہے ذریعہ معاش تبدیل ہوسکتا ہے۔

سعد تاریخیں	۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۲۰، ۲۹		نحس تاریخیں	۱۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳

ماہ اپریل ...... اس ماہ میں شمس اور مریخ حالت شرف میں آئیں گے جو کہ آپ کے لیے حد درجہ فائدہ مند ہوگا۔ یہ وقت آپ کو ذریعہ معاش میں فائدہ دے گا۔ آپ کو صحت کے معاملات میں خاطر خواہ بہتری ملے گی۔ اور شرف مریخ بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری لائے گا۔ اگر آپ ان کی لوح بنوانا چاہیں تو آپ کو حد درجہ فائدہ ہوگا۔ ماہ کے آخری دنوں میں گھریلو ذمہ داریاں آسکتی ہیں۔

سعد تاریخیں	۴، ۵، ۹، ۱۰، ۲۰، ۲۱		نحس تاریخیں	۱۷، ۱۸، ۱۹۸، ۲۲، ۲۳

ماہ مئی ...... یہ ماہ آپ کی ازدواجی زندگی پر اپنے اثرات مرتب کرے گا۔ مئی کے مہینے میں آپ کے ازدواجی معاملات میں کشیدگی آسکتی ہے۔ اس لیے اپنے مزاج کو کنٹرول میں رکھیں۔ آپ کے گھریلو حالات بھی آپ کی ازدواجی زندگی پر اثر انداز ہونگے۔ اگر آپ کسی جگہ رشتہ منگنی وغیرہ کرنا چاہتے ہیں تو اس ماہ کی ابتدائی تاریخوں میں کریں فائدہ ملے گا۔ صدقہ خیرات رد بلا ہوگا۔

سعد تاریخیں	۱، ۲، ۱۴، ۱۷، ۲۸، ۲۹		نحس تاریخیں	۶، ۷، ۱۵، ۱۶، ۲۲

ماہ جون ...... یہ مہینہ آپ کی روزمرہ زندگی اور معاشرتی تعلقات میں خاصی تبدیلیاں لائے گا۔ اس ماہ کی ۵ تاریخ کو زحل برج سرطان میں داخل ہوگا جو کہ آپ کے لیے بیرون ملک سفر کے امکانات روشن کرے گا اگر آپ ان دنوں میں سفر سے متعلقہ امور کو سرانجام دیں تو آپ کو مستقبل میں اچھے نتائج مل سکتے ہیں۔ عمرے کے لیے سفر آسکتا ہے۔

سعد تاریخیں	۲، ۳، ۲۲، ۲۵، ۲۶		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۱۱، ۱۲، ۱۴، ۲۴

ماہ جولائی ...... اس ماہ میں آپ کی کاروباری صورتحال خاصی بہتر ہوگی کسی نئے کاروبار کو شروع کرنے کا بھی موقع مل سکتا ہے۔ اس ماہ کے پہلے ۱۰ دن گزرنے کے بعد آپ کی مصروفیات میں اضافہ ہوگا لوگوں کے ساتھ تعلقات وسیع ہونگے۔ ۱۴ تاریخ کو عطارد برج اسد میں ہوگا جو کہ آپ کی ساکھ کو بہتر کرے گا اور عزت وقار میں اضافے کا باعث بنے گا جب ۲۴ تاریخ کو شمس برج اسد میں ہوگا۔

سعد تاریخیں	۵، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۹		نحس تاریخیں	۲، ۷، ۹، ۱۰

ماہ اگست ...... سیارہ عطارد اس ماہ حالت شرف میں آئے گا جو کہ آپ کے لیے حد درجہ فائدہ مند ہوگا لوگوں کے ساتھ وابستہ ذریعہ معاش کی امیدیں پوری ہونا شروع ہونگی اس سعد وقت میں اگر آپ لوح عطارد بنواتے ہیں تو آپ کو حد درجہ فائدہ ملے گا۔ لیکن آخری دنوں میں عطارد رجعت میں جائے گا۔ جو حالات میں نشیب وفراز لاسکتا ہے اس لیے اہم معاملات کے لیے تحریری معاہدے کریں۔

سعد تاریخیں	۱۳، ۱۴، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴		نحس تاریخیں	۵، ۶، ۷، ۲۸

ماہ ستمبر ...... یہ مہینہ آپ کے لیے کچھ مشکلات کا پیش خیمہ ہوسکتا ہے۔ خاص طور پر نصف ماہ کے بعد حالات یکسر بدلنا

شروع ہونگے ان دنوں میں آپ کے اخراجات ہوسکتے ہیں ممکن ہے کچھ لوگوں کی طرف سے آپ کو مخالفت کا سامنا ہو۔ وہ لوگ جو پہلے آپ کے حق میں تھے اب مخالفت کرنا شروع کریں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات کی نوعیت خراب ہوسکتی ہے اس لیے تنقیدی رویے کو نہ اپنائیں۔

سعد تاریخیں	۳،۷،۱۵،۲۰،۲۱		نحس تاریخیں	۱،۲،۹،۲۳،۲۴

ماہ اکتوبر .... اکتوبر کا مہینہ آپ کے لیے خوشگوار تبدیلیاں لے کر آئے گا آپ کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ ایک سے زیادہ کاموں کی طرف آپ کا رجحان ہوگا۔ خاص طور پر ان دنوں میں آپ کو عملی کاموں کی طرف آنا چاہئے۔ سیارہ زہرہ کی برج عقرب میں موجودگی آپ کو لوگوں میں مقبول کرے گا۔

سعد تاریخیں	۱۲،۱۳،۱۴،۱۵،۱۷،۱۸		نحس تاریخیں	۵،۶،۲۶،۲۷،۲۸

ماہ نومبر .... نومبر کا مہینہ آپ کے لیے روپے پیسے کے معاملات میں بہتری لے کر آئے گا۔ آپ کی معاشی حالت بہتر ہوگی۔ ایک سے زیادہ ذرائع آمدن ہونگے۔ خاص طور پر ۳ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں ہوگا آپ سامان آسائش خریدیں گے اور گھر کی اشیاء کی خرید وفروخت بھی ہوسکتی ہے۔ ماہ کا آخری عشرہ خاصا بہتر گزرے گا خاص طور پر ۲۳ تاریخ کے بعد۔

سعد تاریخیں	۴،۵،۸،۹،۱۴،۱۵		نحس تاریخیں	۱۹،۲۰،۲۲،۲۳

ماہ دسمبر .... اگر آپ اچھا ذریعہ آمدن چاہتے ہیں تو دسمبر کے ابتدائی دنوں میں اپنی کوششوں کو جاری رکھیں آپ کی توقع امیدیں پوری ہونا شروع ہونگی۔ اگر آپ اس ماہ میں روپے پیسے کے معاملات کو بہتر طریقے سے سرانجام نہ دیں گے تو ہوسکتا ہے کہ ماہ کے آخر میں آپ کو مشکلات کا سامنا ہو۔ ۱۷ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں جائے گا حالات میں نشیب وفراز لائے گا۔

سعد تاریخیں	۵،۶،۱۱،۱۲،۲۵،۲۶		نحس تاریخیں	۷،۲۰،۲۱،۳۰،۳۱

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے منگل، اتوار، سوموار اور جمعہ مبارک دن ہیں جبکہ بدھ اور ہفتہ ناموافق دن ہیں۔

لکی نمبر: آپ کے لیے مبارک نمبر ۲،۳،۸ ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے خوش قسمتی کے رنگ پیلا، کریم، نارنجی اور لال ہیں۔

لکی پتھر: آپ کے لیے سعد پتھر مونگا اور مرجان ہیں۔

برج قوس

21 نومبر تا 20 دسمبر — سیارہ۔۔مشتری

حروف۔۔ف — پتھر۔۔پکھراج — دن۔۔جمعرات

رنگ۔۔ہلکا ارغوانی — دھات۔۔ٹن، سونا، چاندی — عدد۔۔7

سال 2003 قوس افراد کے لیے ...... وہ افراد جو کہ برج قوس کے زیر اثر آتے ہیں اُن کے لیے سال 2002 بیرون ملک سفر لے کر آسکتا ہے۔ ہوسکتا ہے سیارگان کی پوزیشن کے زیر اثر آپ کا جھکاؤ مذہب کی طرف ہونا شروع ہوجائے۔ مذہبی امور میں دلچسپی اور سفر درپیش آئے۔ شریک حیات کے رشتے دار آپ کے لیے فائدہ لے کر آسکتے ہیں۔ تعلیمی امور میں آپ کو کامیابی نصیب ہوگی۔ قانونی معاملات آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتے ہیں۔

سال 2003 قوس افراد کے لیے خاص لوح....... اس سال اپریل میں مریخ آپ کے دوسرے اور شمس آپ کے پانچویں گھر میں شرف پذیر ہورہا ہے جو کہیں سے اچانک اور غیر متوقع آمدنی ظاہر کررہے ہیں۔ انعامی سکیم میں فائدہ

دے سکتی ہیں۔ اولاد اور تعلیم سے متعلق امور میں خوشخبری سننے کو ملے گی۔ اگست میں عطارد کا شرف شراکتی کاروبار کے ذریعے اچھی آمدنی کو ظاہر کررہا ہے۔ ان مخصوص اوقات میں تیار کی گئی الواح اُوپر بیان کیئے گئے امور میں حد درجہ فائدہ مند ثابت ہوں گی۔

ماہ جنوری .... سال کی ابتداء برج قوس کے تحت آنے والے افراد کے لیے مالی لحاظ سے بہتر ہوگی خاص طور پر ۸ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں ہوگا جس کی وجہ سے آپ تھوڑا سست رفتاری سے کام کرنا شروع کریں گے چونکہ ۲ تاریخ سے عطارد بھی حالت رجعت میں ہوگا جو آپ کے اخراجات آسائشات پر کروائے گا۔ خاص طور پر ۲۶‘ ۲۷ تاریخوں کو خاصی احتیاط کریں۔

سعد تاریخیں	۸‘۱۲‘۲۳‘۲۴		نحس تاریخیں	۱۲‘۱۳‘۱۷‘۱۸‘۲۶‘۲۷

ماہ فروری .... اس ماہ میں ۱۴ تاریخ سے پہلے آپ کو مالی معاملات میں خاطر خواہ نتیجہ ملے گا۔ کسی جگہ سے اضافی آمدن میسر آئے گی۔ ۲۲ تاریخ کو زحل حالت استقامت میں آئے گا آپ کے نجی معاملات‘ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں جو کشیدگی تھی اب ختم ہونا شروع ہوگی۔ زحل کے نحس اثرات میں کمی واقع ہوگی۔ خاص طور پر ۲۲‘ ۲۳ تاریخوں کو احتیاط برتیں۔

سعد تاریخیں	۷‘۹‘۱۶‘۱۸‘۲۱		نحس تاریخیں	۸‘۲۰‘۲۲‘۲۳‘۲۵

ماہ مارچ .... اس مہینے میں آپ پر کچھ گھریلو ذمہ داریاں آئیں گی ہوسکتا ہے کہ آپ کے گھر کے افراد کچھ ایسے فیصلے کریں جس کی وجہ سے کشیدگی آئے لیکن اگر مالی پوزیشن کو دیکھا جائے تو مریخ ۵ تاریخ سے برج جدی میں ہوگا جو کہ آپ کو ذرائع آمدن میں فائدہ دے گا لیکن پہلے کی نسبت زیادہ محنت کرنا پڑے گی۔

سعد تاریخیں	۳‘۶‘۲۰‘۲۱‘۲۹		نحس تاریخیں	۲‘۹‘۱۳‘۱۴‘۲۲

ماہ اپریل .... اپریل کے مہینے میں مریخ اور شمس حالت شرف میں آئیں گے جو کہ آپ کو حد درجہ فائدہ دیں گے۔ دوستوں سے متعلقہ امور پڑھائی اور روزگار میں اضافہ ہوگا اگر آپ ان کی لوح بنوانا چاہیں تو آپ ادارہ سے رجوع کرسکتے ہیں۔ ۶ تاریخ کو عطارد برج ثور میں ہوگا بدلتا ہوا موسم آپ کی طبیعت کو خراب کرسکتا ہے۔

سعد تاریخیں	۹‘۱۰‘۱۱‘۲۰‘۲۱		نحس تاریخیں	۴‘۵‘۱۷‘۱۸‘۱۹

ماہ مئی .... اگر آپ اپنی نوکری کو بدلنا چاہتے ہیں یا کسی اور جگہ ملازمت کے متلاشی ہیں تو اس مہینے میں آپ کی امیدیں پوری ہونا شروع ہوجائیں گی۔ خاص طور پر ۱۴ تاریخ کو راہو برج ثور میں ہوگا جو کہ آپ کی ملازمت اور صحت پر اثر انداز ہوگا اور لمبے عرصے کے لیے اثرات مرتب کرے گا۔

سعد تاریخیں	۱۴‘۲۰‘۲۲‘۲۳		نحس تاریخیں	۱‘۲‘۶‘۷‘۲۸‘۲۹

ماہ جون .... یہ مہینہ آپ کے لیے خاص تبدیلیوں والا ثابت ہوگا نجی معاملات ہوں یا معاشرتی‘ مالی معاملات سب میں کچھ تبدیلیاں رونما ہونگی۔ لیکن زیادہ تر نصف ماہ کے بعد ۵ تاریخ کو عرصہ دراز کے بعد زحل برج سرطان میں ہوگا جو کہ آپ کی ازدواجی زندگی سے نحس اثرات کو ختم کرے گا۔

سعد تاریخیں	۵‘۶‘۱۱‘۱۲‘۲۳‘۲۵‘۲۶		نحس تاریخیں	۱۱‘۱۴‘۲۴

ماہ جولائی .... اس ماہ میں ۱۳ تاریخ تک حالات میں کچھ نشیب و فراز رہیں گے محنت زیادہ کرنا پڑے گی لیکن ۱۴ تاریخ کو عطارد برج اسد میں ہوگا جو کہ آپ کے لیے بیرون ملک کے سفر لے کر آسکتا ہے۔ اس ماہ کے آخری ہفتے میں سفر آپ کے لیے وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ کاروباری سلسلے میں آپ کی زندگی کافی مصروف رہے گی جس کی وجہ سے آپ کو دوسرے شہروں میں سفر پیش آسکتا ہے۔

سعد تاریخیں	۲‘۱۱‘۱۲‘۱۴‘۲۴		نحس تاریخیں	۵‘۹‘۱۰‘۲۲‘۲۳

ماہ اگست .... اس ماہ میں سیارہ عطارد حالت شرف میں ہے جو کہ آپ کے لیے کاروباری صورتحال اور آپ کی عزت وقار میں اضافے کا باعث بنے گا خاص طور پر وہ سنبلہ افراد جن کے ازدواجی امور میں پریشانی تھی شرف عطارد اُن کے لیے حد درجہ فائدہ مند ہوگا اگر آپ اس سعد وقت میں لوح عطارد بنوانا چاہیں تو ادارہ سے رجوع کرسکتے ہیں اس کے اثرات آپ کو ذہنی سکون دیں گے۔

سعد تاریخیں	۴،۱۳،۱۴،۲۲،۲۳		نحس تاریخیں	۵،۶،۷،۱۸،۱۹

ماہ ستمبر .... یہ مہینہ آپ کے کاروبار اور کاروباری ساکھ کے حوالے سے خاصا اہم ہوگا لوگوں کے درمیان آپ کی مقبولیت بڑھے گی۔ لوگوں کی طرف سے آپ کو بھرپور تعاون ملے گا۔ اس دوران میں اگر آپ کوئی نیا کام شروع کرنا چاہیں تو ۱۶ تاریخ کو زہرہ برج میزان میں ہوگا جو آپ کے روزمرہ امور میں خوشگوار تبدیلیاں لے کر آئے گا۔ اچھے اثرات آئیں گے۔

سعد تاریخیں	۳،۱۶،۲۴،۲۷		نحس تاریخیں	۸،۱۵،۱۶،۲۰،۲۱

ماہ اکتوبر .... اس مہینے کا ابتدائی عشرہ آپ کے لیے بہتر ہوگا جبکہ آخری دو عشرے آپ کے لیے بہتر نہ ہونگے آپ کو لوگوں سے مخالفت مول نہیں لینی چاہیے۔ ۱۰ تاریخ کو زہرہ برج عقرب میں ہوگا جو آپ کی نجی زندگی میں کچھ نشیب و فراز لائے گا غیر ضروری اخراجات اور تنقیدی رویے کا سامنا ہوگا۔

سعد تاریخیں	۸،۱۴،۱۵		نحس تاریخیں	۵،۶،۱۲،۱۳،۲۶،۲۷،۲۸

ماہ نومبر .... یہ مہینہ آپ کے لیے اضافی ذمہ داریاں لے کر آئے گا ہوسکتا ہے پہلا ہفتہ گزرنے کے بعد آپ کو کچھ خوشگوار تبدیلیوں کا سامنا ہو۔ بعض لوگ آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہونگے۔ ۱۳ تاریخ کو عطارد برج قوس میں ہوگا جو کہ آپ کی طبیعت کو متلون مزاج بنائے گا مختلف امور کی طرف آپ کا رجحان ہوگا۔

سعد تاریخیں	۳،۴،۵،۱۳،۱۴،۱۵		نحس تاریخیں	۱۳،۱۹،۲۰،۲۲،۲۳

ماہ دسمبر .... ماہ دسمبر آپ کے لیے اضافی آمدن کا باعث ہوگا اگر آپ کسی جگہ ملازمت کے متلاشی ہیں تو ۳ تاریخ کو عطارد برج جدی میں ہوگا کسی اچھی جگہ ملازمت مل سکتی ہے۔ خاص طور پر جب ۲۲ تاریخ کو شمس برج جدی میں ہوگا تو مالی امور اور پیشہ ورانہ امور میں آپ کو بہت فائدہ ملے گا۔

سعد تاریخیں			نحس تاریخیں	

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے سعد دن جمعرات بدھ اور اتوار ہیں جبکہ سوموار منگل اور ہفتہ ناموافق دن ہیں۔

لکی نمبر: آپ کے لیے مبارک عدد ۳، ۵ اور ۸ ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے خوش قسمتی کے رنگ سفید، ہلکا نیلا اور سبز ہیں۔ لال سے پرہیز کریں۔

لکی پتھر: آپ کے لیے سعد پتھر [illegible] ہے۔

برج جدی

21 دسمبر تا 20 جنوری — سیارہ ۔۔ زحل

حروف ۔۔ ج، خ، گ — پتھر ۔۔ نیلم گاؤمیدک — دن ۔۔ ہفتہ

رنگ ۔۔ گہرا نیلا، سلیٹی — دھات ۔۔ سونا، پلاٹینم — عدد ۔۔ 8

سال 2003 جدی افراد کے لیے .... برج جدی کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس سال میں دوسروں کی وجہ سے اہم تبدیلیاں آئیں گی، جو کہ ملے جلے اثرات لے کر آسکتی ہیں۔ خاص طور پر آپ کے ازدواجی امور زیر بحث رہیں گے نصف سال سے پہلے کا عرصہ ازدواجی امور کے حوالے سے اہم ہوگا جبکہ بعد میں سیارگان کی پوزیشن آپ کے حق میں نہ ہوگی۔ کاروباری صورتحال میں قدرے کشیدگی رہے گی۔ پاٹنرشپ ہونے کے امکانات ہیں۔

سال 2003 جدی افراد کے لیے خاص لوح .... اس سال اپریل میں شمس اور مریخ جبکہ اگست

میں عطارد شرف پذیر ہو رہے ہیں۔ جس کی وجہ سے آپ کے گھریلو ماحول میں خوشگوار تبدیلی آئے گی۔ عزت وقار میں اضافہ ہو گا۔ بیرون ملک سفر کے مواقع ملیں گے۔ والدہ اور گھر کے دوسرے بڑے افراد کی طرف سے خوشی کا حصول ہوگا۔ ملازمت میں بھی بہتر آئے گی۔ ان خاص مواقع پر تیار کی گئی الواح آپ کے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہوں گی۔

ماہ جنوری....... سال کی ابتداء آپ کے لیے خاصی تبدیلیاں لے کر آئے گی اور اس میں خاصے ملے جلے اثرات رہیں گے۔ ۲ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں ہوگا جو کہ آپ کو ذہنی طور پر منتشر کرنے کی کوشش کرے گا۔ ۱۸ تاریخ کو مریخ برج قوس میں ہوگا بعض لوگ آپ کی مخالفت کریں گے جس کی وجہ سے ابتدائی دو عشروں میں خاصی مشکلات کا سامنا ہوگا۔ جبکہ ۲۱ تاریخ کو شمس برج دلو میں ہوگا۔ آمدن میں اضافے کا باعث بنے گا۔

سعد تاریخیں	۱۲، ۱۳، ۱۷، ۱۸، ۲۱، ۲۳		نحس تاریخیں	۲، ۸، ۱۸، ۲۶، ۲۷

ماہ فروری....... یہ ماہ آپ کے لیے خاصی خوشگوار تبدیلیاں لے کر آئے گا آپ کے مالی حالات کو بہتر کرے گا۔ اس ماہ میں ۱۴ تاریخ کو عطارد برج دلو میں ہوگا جو کہ آپ کی کاروباری صورتحال کو بہتر کرے گا۔ ۲۲ تاریخ کو زحل حالت استقامت میں آئے گا۔ جو کہ آپ کو صحت اور پیشہ ورانہ امور میں کامیابی دے گا۔ علاج معالجے میں خاطر خواہ مثبت رزلٹ ملے گا۔

سعد تاریخیں	۸، ۱۳، ۱۴، ۲۰، ۲۵		نحس تاریخیں	۹، ۱۱، ۲۱، ۲۴، ۲۷

ماہ مارچ....... مارچ کے مہینے میں ۵ تاریخ کو مریخ برج جدی میں ہوگا جو کہ آپ کا اپنا برج ہے۔ آپ کی روزمرہ زندگی کو متحرک کرے گا۔ ۶ تاریخ کو عطارد برج حوت میں ہوگا [illegible] آپ کو [illegible] گا یا فیملی کے افراد کو ملنے کی خاطر آپ کو سفر پیش آئے۔ روزمرہ اشیاء پر سے پہلی کی نسبت زیادہ اخراجات اُٹھ سکتے ہیں اس لیے آپ کو حالات کے ساتھ سمجھوتا کرنا پڑے گا۔

سعد تاریخیں	۳، ۵، ۸، ۹، ۲۹		نحس تاریخیں	۱۰، ۱۱، ۲۲، ۲۴

ماہ اپریل....... اس ماہ میں شمس اور مریخ حالت شرف میں آئیں گے ان کا شرف آپ کے لیے حد درجہ فائدہ مند ہوگا۔ لوگوں میں آپ کی مقبولیت بڑھے گی۔ آپ کے گھریلو ماحول میں جو کشیدگی تھی اب ختم ہونا شروع ہوگی اگر آپ اس سعد موقع پر لوح بنوانا چاہئیں تو آپ ادارہ سے رجوع کر سکتے ہیں۔ گھریلو حالات میں خاصی بہتری آئے گی اور آپ کی ساکھ بہتر ہوگی۔ گھر کے افراد سے بھرپور تعاون ملے گا۔

سعد تاریخیں	۴، ۵، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۲۱		نحس تاریخیں	۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۲

ماہ مئی....... مئی کے مہینے میں آپ کو اضافی آمدن میسر آ سکتی ہے۔ اگر آپ ان دنوں میں انعامی سکیموں میں حصہ لیتے ہیں تو آپ کو اضافی آمدن ہاتھ لگ سکتی ہے۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات میں وسعت آئے گی۔ لیکن ان دنوں میں عطارد حالت رجعت میں ہوگا۔ جس کی وجہ سے بعض لوگ آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے اور ہو سکتا ہے وہ کسی حد تک کامیاب ہو جائیں اس لیے ۲۰ تاریخ تک احتیاط کریں۔

سعد تاریخیں	۱، ۲، ۶، ۷، ۱۴، ۲۸، ۲۹		نحس تاریخیں	۱۵، ۱۶، ۲۲، ۲۳

ماہ جون....... اس ماہ میں آپ کی زندگی میں پیشہ ورانہ امور خاصی اہمیت کے حامل ہونگے۔ اگر آپ ملازمت پیشہ امور میں ترقی چاہتے ہیں تو اس ماہ کے درمیانی ہفتوں میں آپ کو اچھا رزلٹ ملے گا۔ افسران کے ساتھ تعلقات مزید وسعت اختیار کریں گے اور آپ کی متوقع امیدیں پوری ہونگی۔

سعد تاریخیں	۲، ۳، ۲۲، ۲۵، ۲۶		نحس تاریخیں	۵، ۹، ۱۱، ۱۲، ۲۳، ۲۴

ماہ جولائی....... جولائی کا مہینہ آپ کے لیے شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں نشیب و فراز لا سکتا ہے لیکن وہ افراد جو شادی کرنے کے خواہشمند ہیں اُن کو اچھا رزلٹ ملے گا لیکن ان معاملات کے حوالے سے پہلا عشرہ خاصا خوشگوار گزرے گا۔ شریک حیات اور اُس کے رشتے دار خاصی اہمیت اختیار کریں گے۔ ان معاملات کے حوالے سے ۲، ۷، ۲۷، ۲۸ تاریخیں بہتر ہیں۔

سعد تاریخیں	۲،۱۱،۱۲،۲۲،۲۳		نحس تاریخیں	۹،۱۰،۱۴،۲۴،۳۰

ماہ اگست ...... اس ہفتے میں عطارد حالت شرف میں آئے گا جو کہ آپ کے لیے حد درجہ فائدہ مند ہوگا۔ ملازمت پیشہ امور اور بیرون ملک سفر کے معاملات میں آپ کو خاصا فائدہ دے گا اگر آپ اس کی لوح بنوانا چاہیں تو آپ ادارہ سے رجوع کر سکتے ہیں۔ ۲۲ تاریخ کو مشتری برج سنبلہ میں ہوگا آپ کو بیرون ملک سفر یا مذہبی سفر کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ لمبے سفر کی نشاندہی کرتا ہے۔

سعد تاریخیں	۵،۶،۱۳،۱۴،۲۳،۲۴		نحس تاریخیں	۶،۷،۱۸،۱۹،۲۸

ماہ ستمبر ...... اس ہفتے میں آپ کے کاروبار اور عزت وقار کے معاملات میں چند خوشگوار تبدیلیاں رونما ہونگی۔ اگر آپ کسی نئے کاروبار کی شروعات کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت آپ کے لیے بہتر ہوگا۔ ۱۶ تاریخ کو زہرہ برج میزان میں ہوگا۔ جو کہ آپ کی کاروباری صورتحال کو مزید بہتر بنائے گا ہوسکتا ہے آپ کو کسی جانب سے کوئی بڑا فائدہ ملے ان میں آپ کا کوئی فیملی ممبر بھی ہوسکتا ہے۔

سعد تاریخیں	۳،۵،۱۶،۲۱،۲۳		نحس تاریخیں	۱،۷،۸،۹،۲۴

ماہ اکتوبر ...... اس ماہ میں شمس حالت زوال میں ہوگا اس لیے اپنی ساکھ کو خراب نہ ہونے دیں یہ نہ ہو بعد میں آپ کو مشکلات کا سامنا ہو۔ جنس مخالف کی وجہ سے آپ کی شہرت خراب ہو سکتی ہے۔ لیکن آخری عشرے میں لوگوں کے ساتھ جو امیدیں وابستہ ہیں وہ پوری ہونا شروع ہو جائیں گی۔

سعد تاریخیں	۸،۱۲،۱۳،۱۷،۱۸		نحس تاریخیں	۵،۶،۱۰،۲۱،۲۶،۲۷،۲۸

ماہ نومبر ...... اس ماہ کے ابتدائی دنوں میں کچھ مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔ لوگوں کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی آسکتی ہے۔ ازدواجی معاملات میں نشیب و فراز آسکتے ہیں نصف ماہ کے بعد صورتحال یکسر بدلنا شروع ہوگی اور حالات سازگار ہونا شروع ہو نگے۔ لہٰذا ذہنی سکون اور فائدہ ملنے کے امکانات بھی موجود ہیں۔ کچھ دنوں تک آپ کو صبر آزما حالات سے گزرنا پڑے گا۔

سعد تاریخیں	۳،۴،۸،۱۳،۱۵		نحس تاریخیں	۱۳،۱۹،۲۰،۲۶،۲۹

ماہ دسمبر ...... اس ہفتے میں آپ کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ عملی کاموں کی طرف رجحان ہوگا خاص طور پر ۳ تاریخ کو جب عطارد برج دلو میں ہوگا تو آپ کو مختلف امور کے بارے میں سوچنے پر مجبور کرے گا۔ ۱۷ تاریخ کو عطارد حالت رجعت میں جائے گا جو آپ کو ذہنی طور پر منتشر کرنے کی کوشش کرے گا اس لیے آپ کو سوچ سمجھ کر اقدامات کرنے پڑیں گے۔ مالی حالات بتدریج بہتری کی طرف جائیں گے۔

سعد تاریخیں	۱۱،۱۲،۲۵،۲۶		نحس تاریخیں	۳،۲۰،۲۱،۲۳،۳۰

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے مبارک دن ہفتہ بدھ اور جمعرات ہیں۔

لکی نمبر: آپ کے لیے مبارک نمبر ۶،۸،۹ ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے سعد رنگ سفید، کالا اور نیلا ہیں۔

لکی پتھر: آپ کے لیے مبارک پتھر نیلم ہے۔

برج دلو

21 جنوری تا 20 فروری — سیارہ ۔۔ یورانس / زحل

حروف ۔۔ س، ش، ث — پتھر ۔۔ عقیق یمنی، نیلم — دن ۔۔ ہفتہ

رنگ ۔۔ سیاہ — دھات ۔۔ پلاٹینیم — عدد ۔۔ 4

سال 2003 دلو افراد کے لیے ...... برج دلو کے تحت آنے والے افراد کے لیے سال 2003 صحت اور ذرائع آمدن کے حوالے سے اہم رہے گا۔ آپ کے پیشہ ورانہ امور میں تبدیلی آ سکتی ہے۔ اگر آپ ملازمت یا روزگار کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو اگست کے مہینے سے پہلے تبدیل کر لیں بعد میں صورتحال زیادہ بہتر نہ ہوگی۔ سال کے آخری مہینے میں ازدواجی امور کو زیر بحث لائیں گے اور کامیابی ملے گی امیدیں پوری ہونگے۔

سال 2003 دلو افراد کے لیے خاص لوح....... اس سال اپریل کے ماہ میں شمس اور مریخ شرف پذیر ہو رہے ہیں۔ اس دوران تیار کی گئی الواح دشمنوں پر غلبہ، صحت میں اضافہ، رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری، کاروبار میں ترقی اور شادی کے متعلق امور میں بہت فائدہ مند ثابت ہوں گی۔ اگست میں عطارد شرف پذیر ہوگا اس موقع پر تیار کی گئی لوح تعلیمی معاملات میں کامیابی اور اولاد سے متعلق امور میں فائدہ مند ثابت ہوں گی۔

ماہ جنوری .... سال کی ابتداء آپ کے لیے ملے جلے اثرات لائے گی لیکن نصف ماہ کے بعد خوشگوار تبدیلیاں آنا شروع ہوں گی۔ آخری عشرہ بہتر گذرے گا۔ ۸ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں ہوگا عمر سے بڑے افراد آپ کے لیے فائدہ مند ہونگے۔

سعد تاریخیں	۸،۱۲،۱۳،۱۸،۲۱،۲۳		نحس تاریخیں	۲،۱۷،۱۸،۲۶،۲۷

ماہ فروری .... اس ماہ میں آپ کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا لوگوں کی طرف سے بھرپور تعاون ملے گا۔ ہوسکتا ہے ان دنوں میں آپ کسی نئے کام کی شروعات کریں کیونکہ شمس ۲۰ تاریخ کو برج حوت میں ہوگا جو کہ آپ کے لیے اضافی آمدن کا باعث بنے گا یا آپ کو کسی انعامی سکیم کے ذریعے بھی [illegible] ہے۔ اس لیے آپ جلد بازی نہ کریں۔ حالات میں بتدریج بہتری آئے گی۔

سعد تاریخیں	۸،۱۰،۱۴،۲۱،۲۶		نحس تاریخیں	۱۹،۲۲،۲۳،۲۴،۲۸

ماہ مارچ .... اس ماہ میں مریخ برج جدی میں ہوگا جو کہ آپ کی طبیعت میں بے چینی لائے گا آپ کو چاہیے کہ صدقہ خیرات دیں اور دوران سفر خاص طور پر احتیاط کریں بعض لوگ آپ کے ساتھ کھلی دشمنی کریں گے ان دنوں میں اخراجات کی رفتار بھی خاصی بڑھے گی لیکن شمس آخری عشرے میں برج حمل میں ہوگا جو حالات کو سازگار بنانے میں مدد دے گا۔

سعد تاریخیں	۳،۶،۸،۹،۲۹،۳۰		نحس تاریخیں	۵،۱۱،۱۴،۲۱،۲۲

ماہ اپریل .... اس ماہ میں شمس اور مریخ حالت شرف میں آئیں گے اور آپ کو حد درجہ فائدہ دیں گے اگر آپ ان کی لوح بنواتے ہیں تو آپ کو مالی امور، رشتے داروں کے ساتھ تعلقات اور دشمنوں کو زیر کرنے میں مدد دے گا۔ اس ماہ کی ۲۲، ۲۳ تاریخوں کو اہم فیصلہ جات کرتے وقت اچھی طرح سوچ سمجھ لیں۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات کی نوعیت بہتری کی طرف جائے گی۔

سعد تاریخیں	۴،۵،۱۱،۲۰،۲۱		نحس تاریخیں	۹،۱۰،۱۷،۱۸،۱۹،۲۲

ماہ مئی .... مئی کے مہینے کے پہلے ۲ ہفتوں میں حالات نشیب و فراز کا شکار رہیں گے لیکن نصف ماہ کے قریب جب راہو ۱۴ تاریخ کو برج ثور میں ہوگا تو حالات کو تبدیل کرے گا آپ کو اولاد کی طرف سے جو پریشانی لاحق تھی اب ختم ہونا شروع ہوگی ہو سکتا ہے آنے والے کچھ دنوں میں جائیداد سے متعلقہ امور اور گھر کی خرید و فروخت کے معاملات اہمیت پکڑیں گے۔

سعد تاریخیں	۱،۲،۱۴،۲۰،۲۸،۲۹		نحس تاریخیں	۶،۷،۱۵،۱۶

ماہ جون .... یہ ہفتہ آپ کے لیے خاصی تبدیلیوں کا باعث ہوگا۔ خوشگوار تبدیلیاں آنے کے امکانات ہیں۔ اگر آپ تعلیمی امور کے بارے میں پریشان ہیں یا کسی جگہ ایڈمیشن لینا چاہتے ہیں تو ۱۴ تاریخ کے بعد آپ کے حالات سازگار ہونگے۔ نئی جگہ پر ایڈمیشن لینا آپ کے لیے سودمند ہوگا۔ ۱۸ تاریخ کو مریخ برج حوت میں ہوگا جو آمدن میں اضافے کا باعث ہوگا۔

سعد تاریخیں	۱۱،۱۴،۲۴،۲۵،۲۶		نحس تاریخیں	۵،۶،۱۱،۱۲،۲۳

ماہ جولائی .... کاروباری افراد کے لیے یہ مہینہ اشتراک کاروبار کے مواقع لے کر آئے گا لیکن اگر آپ ملازمت پیشہ

ہیں تو کسی فرد کی مدد سے اس ماہ میں آپ کو تبدیلی ملازمت کا موقع ملے گا۔ اگر آپ نے کسی کو دی ہوئی رقم واپس لینی ہے تو ۱۴ تاریخ کو عطارد برج اسد میں ہوگا روپے پیسے کے معاملے میں آپ کو فائدہ مل سکتا ہے کسی سے مالی مدد ملنے کی توقع ہے۔

سعد تاریخیں	۲،۱۱،۱۲،۲۲،۲۳		نحس تاریخیں	۲،۹،۱۰،۱۴،۲۴

ماہ اگست ...... اس ماہ میں آپ کو اضافی آمدن میسر آ سکتی ہے۔ شریک حیات کی وجہ سے نجی معاملات میں خوشگوار ماحول رہے گا۔ اس ماہ میں سیارہ عطارد حالت شرف میں ہوگا جو کہ آپ کے لیے حد درجہ فائدہ مند ہوگا۔ اضافی آمدن دوستوں اور تعلیمی امور میں فائدہ ہوگا اگر آپ اس سعد وقت لوح تیار کروانا چاہیں تو آپ ادارہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

سعد تاریخیں	۴،۱۳،۱۴،۱۸،۱۹		نحس تاریخیں	۵،۶،۷،۲۳،۲۴

ماہ ستمبر ...... اس ماہ میں ۱۶ تاریخ کو زہرہ برج میزان میں ہوگا اگر آپ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے کوشش کرتے ہیں تو آپ کو اچھا رزلٹ ملے گا۔ لیکن ۲۴ تاریخ کو شمس برج میزان میں ہوگا یہاں یہ حالت زوال میں ہوگا۔ آپ کے ازدواجی امور میں کشیدگی لا سکتا ہے ہو سکتا ہے آپ کی ساکھ متاثر ہو اس لیے کوئی جذباتی قدم اٹھاتے وقت احتیاط کریں۔

سعد تاریخیں	۳،۱۵،۱۶،۲۰،۲۷		نحس تاریخیں	۱،۲،۸،۹،۲۱

ماہ اکتوبر ...... یہ مہینہ آپ کی عزت وقار میں اضافے کا باعث بنے گا خاص طور پر جب ۱۰ تاریخ کو زہرہ برج عقرب میں ہوگا۔ آپ کاروباری مصروفیات میں سستی اور کاہلی کا مظاہرہ کریں گے۔ نصف ماہ کے بعد حالات قدرے بہتر ہونا شروع ہونگے۔ لوگوں میں آپ کی مقبولیت بڑھے گی رشتہ داروں سے تعلقات بہتر ہونگے۔

سعد تاریخیں	۸،۱۲،۱۳،۱۴،۱۵		نحس تاریخیں	۵،۶،۷،۱۷،۱۸،۲۶،۲۷،۲۸

ماہ نومبر ...... اس ماہ میں کافی ساتھ وابستہ امیدیں پوری ہونا شروع ہونگی خاص طور پر ۳ تاریخ کو زہرہ جب برج قوس میں ہوگا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت بہتر ہوگی۔ پیار محبت بڑھے گا۔ ۱۳ تاریخ کو عطارد برج قوس میں ہوگا کاروباری صورتحال کے حوالے سے اہم فیصلہ جات کریں گے۔

سعد تاریخیں	۲،۳،۴،۸،۹،۱۵		نحس تاریخیں	۱۳،۱۴،۱۹،۲۰،۲۳

ماہ دسمبر ...... مہینے کے دوران آپ کو کچھ اخراجات کا سامنا ہو سکتا ہے اس لیے اس مہینے میں آپ کو چاہیے کہ آپ کاروباری اور نجی معاملات پر اخراجات کرتے وقت مستقبل کو مدنظر رکھیں۔ ماہ کے آخر میں آپ کے حالات میں کچھ کشیدگی آئے گی جس کی وجہ سے دوسروں کی مخالفت کا سامنا ہوگا اس لیے احتیاط کریں۔

سعد تاریخیں	۵،۶،۲۲،۲۵،۲۶		نحس تاریخیں	۱۱،۱۲،۲۰،۲۱،۳۰،۳۱

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے سعد دن ہفتہ، منگل، سوموار اور جمعرات ہیں۔

لکی نمبر: آپ کے لیے سعد اعداد ۲، ۳، ۷، ۹ ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے سعد رنگ پیلا، لال، سفید اور کریم ہیں۔

لکی پتھر: آپ کے لیے سعد پتھر نیلم ہے۔

سال 2003 حوت افراد کے لیے ...... برج حوت کے تحت آنے والے افراد کے لیے سال 2003 سوشل امور میں کامیابیاں دلوائے گا لوگوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت بہتر ہوگی آپ کے بعض پرانے دوست آپ کو فائدہ دیں گے۔ ابتدائی مہینوں میں ملازمت پیشہ امور سے فائدہ ہوگا لیکن صحت پر خاص طور پر توجہ دیں۔ اس سال کے آخری مہینوں میں پارٹنرشپ ہوسکتی ہے۔ ازدواجی معاملات زیر بحث آئیں گے۔

سال 2003 حوت افراد کے لیے خاص لوح .... اس سال اپریل کے مہینے میں شمس اور مریخ شرف پذیر ہورہے ہیں۔ اچھی ملازمت کا حصول ممکن ہوگا اچانک دولت کا حصول متوقع ہے۔ بیرون ملک سفر سے متعلق توقعات پوری ہوسکیں گی۔ اگست میں عطارد کا شرف شادی کے معاملات فائنل کروائے گا۔ ان مواقع پر بنائی گئی الواح اُوپر بیان کیے گئے معاملات میں حد درجہ فائدہ مند ثابت ہوں گی۔

ماہ جنوری .... سال کی ابتداء حوت افراد کے لیے خوشگوار تبدیلیاں لے کر آئے گی۔ خاص طور پر ۸ تاریخ کو زہرہ برج قوس میں ہوگا جو کہ آپ کے لیے کاروباری صورتحال کو بہتر کرے گا۔ ۱۸ تاریخ کو مریخ برج قوس میں ہوگا آپ کے روزگار میں تبدیلی آنے کے امکانات ہیں یا ہوسکتا ہے آنے والے دنوں میں آپ کوئی نیا کام شروع کریں۔ ۲ تا ۲۳ تاریخ تک عطارد رجعت میں رہے گا بعض معاملات میں غیر یقینی صورتحال پیدا کرے گا۔

سعد تاریخیں	۱۰، ۱۲، ۱۳، ۱۷، ۱۸، ۲۳		نحس تاریخیں	۲، ۲۱، ۲۶، ۲۷

ماہ فروری .... اس ماہ میں ۵ تاریخ کو زہرہ برج جدی میں ہوگا قریبی افراد سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔ نصف ماہ کے بعد ملے جلے اثرات آئیں گے۔ خاص طور پر جب ۱۲ تاریخ کو عطارد برج دلو میں ہوگا تو نجی معاملات میں غیر یقینی صورتحال پیدا ہوگی۔ آخری عشرے میں حالات کچھ سازگار ہونا شروع ہونگے۔ لوگوں میں آپ کی مقبولیت کا گراف بلند ہوگا بعض معاملات میں کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔

سعد تاریخیں	۵، ۹، ۱۶، ۲۸		نحس تاریخیں	۱۳، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲

ماہ مارچ .... اس ماہ میں آپ کو اضافی ذرائع آمدن میسر آسکتے ہیں۔ ۳ تاریخ کو زہرہ برج دلو میں ہوگا۔ اندرون شہر سفر کرتے وقت خاص خیال رکھیں۔ [illegible] تاریخ کو عطارد برج حوت میں ہوگا [illegible] زندگی میں [illegible] مسائل پیدا ہونگے۔ لوگوں سے بھرپور تعاون ملنا شروع ہوگا ماہ کے آخری دنوں میں اضافی آمدن میسر آسکتی ہے۔

سعد تاریخیں	۶، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۲۹		نحس تاریخیں	۳، ۱۰، ۲۱، ۲۲

ماہ اپریل .... اس ماہ میں شمس اور مریخ حالت شرف میں ہونگے جو کہ آپکے لیے حد درجہ فائدہ مند ہونگے۔ روزگار میں بہتری آئے گی اگر آپ انعامی سکیموں میں حصہ لیں تو آپ کو فائدہ ہوسکتا ہے۔ مریخ کی لوح آپ کو بیرون ملک سفر سے متعلقہ امور اور تعلیمی معاملات میں فائدہ دے گی۔ لوح بنوانے کے لیے آپ ادارے سے رجوع کرسکتے ہیں۔ مالی معاملات کے حوالے سے اپریل کا مہینہ بہتر رہے گا۔

سعد تاریخیں	۴، ۵، ۹، ۱۰، ۱۱، ۲۰، ۲۱		نحس تاریخیں	۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۲، ۲۳

ماہ مئی .... مئی کے مہینے میں عرصہ دراز کے بعد راہو اپنی پوزیشن بدلے گا اور برج ثور میں داخل ہوگا آپ کے گھریلو ماحول میں جو کشیدگی تھی اب آہستہ آہستہ ختم ہونا شروع ہوگی۔ بیرون ملک سفر اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ نصف مئی کے بعد آپ کے ذرائع آمدن میں کمی واقع ہونے کے امکانات ہیں۔ اس لیے پیشہ ورانہ امور پر خاصی توجہ دیں۔

سعد تاریخیں	۲، ۶، ۷، ۱۴، ۲۸، ۲۹		نحس تاریخیں	۱، ۵، ۱۶

ماہ جون .... یہ مہینہ آپ کے لیے خاصی خوشگوار تبدیلیاں لے کر آئے گا خاص طور پر نصف ماہ کے بعد تو ملے جلے اثرات

ہوں گے۔ تعلیمی معاملات میں فائدہ ہوگا۔ نئے دوست بنیں گے۔ ۱۸ تاریخ کو مریخ برج حوت میں ہوگا یہ آپ کی طبیعت کو تھوڑا گرم مزاج بنائے گا۔ اس لیے جلد بازی میں کم فیصلے کریں یہ نہ ہو کہ آپ کو مشکلات کا سامنا ہو۔

سعد تاریخیں	۲،۳،۲۴،۲۵،۲۶		نحس تاریخیں	۵،۶،۱۱،۱۲،۲۳

ماہ جولائی ...... جولائی کا مہینہ آپ کے پیشہ ورانہ امور میں تبدیلی کا باعث ہوگا ہو سکتا ہے کہ آنے والے کچھ دنوں میں سیارگان کی بدلتی ہوئی پوزیشن کے تحت آپ کے روزگار میں کچھ تبدیلیاں آئیں جو کہ ملے جلے اثرات مرتب کریں گے۔ اس ماہ میں صحت پر خاص طور پر توجہ دیں۔ نصف ماہ کے بعد ملازمت میں تبدیلی کے امکانات روشن ہیں۔ کسی نئی جگہ سے آفر ہو سکتی ہے۔

سعد تاریخیں	۲،۱۱،۱۲،۲۲،۲۳		نحس تاریخیں	۹،۱۰،۱۴،۲۴،۳۰

ماہ اگست ...... اس مہینے میں عطارد حالت شرف میں آئے گا جو کہ آپ کے لیے ازدواجی امور میں کامیابی لائے گا۔ کاروباری افراد کو پارٹنر کے ذریعے فائدہ ہو سکتا ہے۔ اگر آپ عطارد کی لوح بنوائیں تو آپ کو حد درجہ فائدہ ہو سکتا ہے۔ لوح بنوانے کے لیے آپ ادارے سے رجوع کر سکتے ہیں۔ یہ لوح آپ کو شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری اور ذہنی سکون لائے گی۔

سعد تاریخیں	۴،۱۳،۱۴،۱۸،۱۹		نحس تاریخیں	۵،۶،۷،۲۳،۲۴

ماہ ستمبر ...... وہ حوت افراد جو کہ شادی کرنے کے خواہش مند ہیں اُن کے لیے اس ماہ کے پہلے دو عشرے بہت فائدہ مند ہیں کسی اچھی جگہ سے رشتہ آ سکتا ہے۔ کاروباری افراد اگر اشتراک کاروبار کے ذریعے بزنس کرنا چاہتے ہیں تو وہ اس مہینے میں کوشش کریں کامیابی مل سکتی ہے۔ اگر آپ [illegible] ادھار دی ہوئی رقم کی وصولی کرنی ہے تو یہ وقت بہتر ہے۔

سعد تاریخیں	۳،۱۵،۱۶،۲۱،۲۷		نحس تاریخیں	۱،۲،۷،۲۳،۲۴

ماہ اکتوبر ...... اس ماہ میں [illegible] حالت زوال میں ہوگا۔ اس لیے قانونی اور غیر قانونی معاملات کو سرانجام دیتے وقت خاص خیال رکھیں۔ عدالتی کاروائیوں سے بچنے کی کوشش کریں۔ اس ماہ کے پہلے دو عشرے نقصان دہ ہیں ہو سکتا ہے کہ اس مہینے میں آپ کو غیر یقینی صورتحال سے واسطہ پڑے۔

سعد تاریخیں	۱۰،۱۲،۱۳،۱۴،۱۵،۲۴		نحس تاریخیں	۵،۶،۲۰،۲۱،۲۶،۲۷،۲۸

ماہ نومبر ...... [illegible] کے لیے اندرون و بیرون ملک سفر کے مواقع [illegible] سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آنے والے کچھ دنوں میں آپ کو قریبی لوگوں کے ساتھ سفر کرنے کا موقع ملے جائے۔ امپورٹ ایکسپورٹ کا بزنس کرنے والے افراد کے لیے ستمبر کا مہینہ خاصا اہم ہے۔ ۱۳ تاریخ کے بعد کاروباری صورتحال بہتر ہونا شروع ہوگی۔

سعد تاریخیں	۳،۴،۵،۸،۹		نحس تاریخیں	۱۳،۱۴،۱۹،۲۰،۲۲

ماہ دسمبر ...... اگر آپ کسی نئے کاروبار کو شروع کرنا چاہتے ہیں یا کسی تبدیلی کے منتظر ہیں تو ۱۷ تاریخ سے پہلے لے آئیں چونکہ ۱۷ تاریخ کو ستارہ عطارد حالت رجعت میں ہوگا اس لیے لوگوں کے ساتھ تحریری معاہدے کریں یہ نہ ہو کہ بعد میں آپ کو پریشانی اٹھانا پڑے۔ اس ماہ میں خوشگوار تبدیلیاں آئیں گی۔

سعد تاریخیں	۵،۶،۱۱،۱۲،۲۵،۲۶		نحس تاریخیں	۱۷،۲۰،۲۱،۳۰،۳۱

خوش قسمتی کے دن: آپ کے لیے سعد دن جمعرات، اتوار اور منگل ہیں۔

لکی نمبر: آپ کے لیے سعد نمبر ۳، ۴، ۱۱ اور ۹ ہیں۔

لکی رنگ: آپ کے لیے سعد رنگ لال، پیلا، گلابی اور نارنجی ہیں۔ نیلے رنگ سے پرہیز کریں۔

لکی پتھر: آپ کے لیے سعد پتھر پکھراج اور پنا ہیں۔

از: محمد عمران اعظم لاہور۔

نقوش نحوست سیار گان

اگر کسی فرد پر اپنے ستارے کی نحوست کا اثر ہو تو مختلف مسائل میں مبتلا ہو، کاروباری مسائل میں مبتلا ہو اور مختلف قسم کے مسائل کا شکار ہو تو مندرجہ ذیل نقش اپنی کوکبی ساعت جس میں پیدا ہوا ہو جس کی نحوست کے اثرات ہوں تو اُس ستارے کی متعلقہ ساعت میں جب وہ سعد ہو تو تیار کر کے اپنے پاس رکھے تو نحس کوکب کے بد اثرات ختم ہو جائیں گے اور اس نقش سے بہت سے فوائد حاصل ہونگے اب ساتوں ستاروں کے نقش پیش کرتا ہوں۔

(1) نقش شمس

۷۸۶

۱۶۳۲۷	۱۶۳۳۰	۱۶۳۳۳	۱۶۳۱۹
۱۶۳۳۲	۱۶۳۲۰	۱۶۳۲۶	[illegible]
۱۶۳۲۱	۱۶۳۳۵	۱۶۳۲۸	[illegible]
۱۶۳۲۹	۱۶۳۲۴	۱۶۳۲۲	۱۶۳۳۴

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

(1) نقش قمر

۷۸۶

۱۶۳۲۷	۱۶۳۳۰	۱۶۳۳۳	۱۶۳۱۹
۱۶۳۳۲	۱۶۳۲۰	۱۶۳۲۶	۱۶۳۳۱
۱۶۳۲۱	۱۶۳۳۵	۱۶۳۲۸	۱۶۳۲۵
۱۶۳۲۹	۱۶۳۲۴	۱۶۳۲۲	۱۶۳۳۴

۳	۸	۷
۱۰	۶	۲
۵	۴	۹

(3) نقش مریخ

۷۸۶

۱۶۳۲۷	۱۶۳۳۰	۱۶۳۳۳	۱۶۳۱۹
۱۶۳۳۲	۱۶۳۲۰	۱۶۳۲۶	۱۶۳۳۱
۱۶۳۲۱	۱۶۳۳۵	۱۶۳۲۸	۱۶۳۲۵
۱۶۳۲۹	۱۶۳۲۴	۱۶۳۲۲	۱۶۳۳۴

۴	۹	۸
۱۱	۷	۳
۶	۵	۱۰

(4) نقش عطارد

۷۸۶

۱۶۳۲۷	۱۶۳۳۰	۱۶۳۳۳	۱۶۳۱۹
۱۶۳۳۲	۱۶۳۲۰	۱۶۳۲۶	۱۶۳۳۱
۱۶۳۲۱	۱۶۳۳۵	۱۶۳۲۸	۱۶۳۲۵
۱۶۳۲۹	۱۶۳۲۴	۱۶۳۲۲	۱۶۳۳۴

		۹		
	۱۰		۴	
۵		۸		۱۱
	۱۲		۶	
		۷		

(5) نقش مشتری

۷۸۶

۱۶۳۲۷	۱۶۳۳۰	۱۶۳۳۳	۱۶۳۱۹
۱۶۳۳۲	۱۶۳۲۰	۱۶۳۲۶	۱۶۳۳۱
۱۶۳۲۱	۱۶۳۳۵	۱۶۳۲۸	۱۶۳۲۵
۱۶۳۲۹	۱۶۳۲۴	۱۶۳۲۲	۱۶۳۳۴

		۱۰		
	۱۱		۵	
۶		۹		۱۲
	۱۳		۷	
		۸		

(6) نقش زہرہ

۷۸۶

۱۶۳۲۷	۱۶۳۳۰	۱۶۳۳۳	۱۶۳۱۹
۱۶۳۳۲	۱۶۳۲۰	۱۶۳۲۶	۱۶۳۳۱
۱۶۳۲۱	۱۶۳۳۵	۱۶۳۲۸	۱۶۳۲۵
۱۶۳۲۹	۱۶۳۲۴	۱۶۳۲۲	۱۶۳۳۴

		[illegible]		
	۱۴		۶	
۷		۱۰		۱۳
	۱۲		۸	
		۹		

(7) نقش زحل

۷۸۶

۱۶۳۲۷	۱۶۳۳۰	۱۶۳۳۳	۱۶۳۱۹
۱۶۳۳۲	۱۶۳۲۰	۱۶۳۲۶	۱۶۳۳۱
۱۶۳۲۱	۱۶۳۳۵	۱۶۳۲۸	۱۶۳۲۵
۱۶۳۲۹	۱۶۳۲۴	۱۶۳۲۲	۱۶۳۳۴

		۱۴		
	۱۳		۷	
۸		۱۱		۱۲
	۱۵		۹	
		۱۰		

ساعت کا متعلقہ نقش عرق گلاب و زعفران کی تیار کردہ سیاہی سے تیار کریں۔ قلم بالکل نیا ہو اور نقش کے نیچے یہ عزیمت بھی لکھے ہو سکے تو اس عزیمت کو روزانہ ۹ مرتبہ پڑھ لیا کرے عزیمت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نُحُوْسَۃِ الزُّحَل والشَّمْسِ والقَمَرِ والمرّیخ و العُطَار دِوَالْمشْتَرِیْ وَالزُّھْرَاءِ والرَّسِ وَالذَّنَبِ یَا بُدُّوحُ یَا بُدُّوح یَا بُدُّوح یَاعَظِیُم یَاعَظِیُم یَاعَظِیُم یَا وَھَّابُ یَا وَھَّابُ یَا وَھَّابُ یَا مُسْتَعَانُ یَاحَیُّ یَا قَیُّومُ یَا اَرْحَمَ الرَّحِمِینَo

☆☆☆☆☆

زائچہ مشتری کے مطابق اثرات سال ۲۰۰۳ء جبکہ زحل برج جوزا میں ہے:۔

برج حمل کے ماتحت لوگ: یہ لوگ ہر لحاظ سے اور ہر صورت میں ہر قسم میں خوش قسمت واقع ہونگے۔ لوگ ان لوگوں کے پیچھے دیوانہ وار بھاگتے پھریں گے۔ مگر یہ خاص ادا دلربائی میں اپنے عاشقوں اور محبوں کو تڑپاتے رہیں گے۔ جبکہ محبوب و معشوق خود بھی محبت میں اسیر رہیں گے۔ اور جو لوگ مال و دولت کی کمی کی وجہ سے ذوق جمالیات [illegible] سکتے ہوں گے ان کے لیے اللہ تعالیٰ کشائش رزق کر دے گا مگر آزمائش ہوگی۔ اس لیے حرام جگہ پر دولت خرچ نہ کریں ورنہ پھر تنگ دست ہو جائیں گے۔

برج ثور کے ماتحت لوگ: ان لوگوں کے لیے یہ مثال کافی ہے جو کچھ عرصہ قبل کافی مشہور تھی کہ خواہ بے نظیر آوے یا نواز شریف تخت پر بیٹھے ہمارے لیے تیشہ کافی ہے۔ اور جو ثوری لوگ غلط کار ہیں ان کی زوجیت میں فرق آ کر نوبت طلاق یا فرار کی ہو سکتی ہے۔ احتیاط کریں۔ اور جن کا مشتری سعد ہے ان کو اچانک خوشی ملے گی جہاں سے مایوس ہوں گے یا امید بھی نہ ہوگی۔

برج جوزا کے ماتحت لوگ: کچھ لوگوں کا مقولہ ہے کہ عادات [illegible] کوئی نہیں ہوتا۔ اور کچھ لوگوں کا مقولہ ہے زمانے کی ٹھوکریں کھا کر گول ہو گئے ہیں جو لوگ وقت سے کام لینا جانتے ہیں اور اعلیٰ ارفع منزل مقصود ہے تو اوپر کے دونوں مقولے چھوڑ کر اقبال کے شاہین بن جاؤ ورنہ کرگس بننے سے آپ کو کوئی حکیم و دانا نہ روک سکے گا۔

برج سرطان کے ماتحت لوگ: سرطانی لوگوں کے ایک طرف زحل ہے اور دوسری طرف مشتری۔ یعنی ایک طرف ہے میخانہ اور دوسری طرف ہے تیسرا گھر۔ مجموعی طور پر یہ لوگ سال ۲۰۰۳ء کو بھی سال ۲۰۰۲ء کی طرح خوش قسمت پائیں گے۔ اور زحل کی نحوست سے محفوظ رہیں گے۔ مگر جن لوگوں کا پیدائشی مشتری اور زحل بد اور نحس ہے ان کا اللہ مالک اور حافظ ہے۔ ان کو کوئی منجم، جفار رمال یا پیر فقیر نہیں سنبھال سکتا ہے۔ ان کے خدائی جندرے بند ہوتے ہیں۔

برج اسد کے ماتحت لوگ: شروع سال میں طالع مشتری کا مریخ خانہ چہارم عقرب میں پہنچ چکا ہوگا۔ عطارد جدی میں راجع ہوگا۔ جہاں شمس بھی ہوگا۔ زہرہ مریخ کے ہمراہ ہوگا۔ اس وقت وہی اسدی افراد اچھے ہونگے جن کی تعلیم و تربیت اچھی ہوگی اور اچھی کردار سازی کی گئی ہوگی۔ دیگر صورت نوجوان لڑکیاں ہونگی یا خواتین ہونگی سبھی نوجوان لڑکوں کے پیچھے سرگردان ہونگی اور ہوس شہوت پرستی متارہی ہونگی۔ ان کے مرد اغلام بازی کر رہے ہونگے۔ یہی لوگ آتشک و سوزاک کا باعث بنیں گے۔ اس طرح حکیم لوگوں کا کاروبار چمکے گا۔ اور جو لوگ نجوم' فلسفہ' حکمت' ریاضی اور موسیقی سیکھنا چاہیں گے۔ وہ اپنے جس مقصد کے تحت قدم اٹھائیں گے کامیاب رہیں گے۔ ہمت اور حوصلہ افزائی ہوگی۔

برج سنبلہ کے ماتحت لوگ: اس برج کے مرد جو دولت سمیٹنے کے چکر میں ہونگے۔ وہ اکثر لاٹری' قرعہ اندازی اور

جوا وغیرہ میں پڑ کر دولت کے لیے پریشان ہونگے۔ اور کچھ ناجائز طریقہ استعمال کرنے سے جیل میں چلے جائیں گے۔ مگر قحبہ خانہ/ بازار حسن کی عورتوں کے لیے یہ سال بہت سود مند رہے گا۔ اور ایسی خواتین جواڈہ چلاتی ہیں یا اڈہ پر جاتی ہیں۔ یہ عورتیں نوجوان لڑکیوں کو اسی دھندہ پر چلانے کے لیے ترغیب دے کر ایک نئی کھیپ تیار کریں گی۔ اس لیے شرفاء ایسی عورتوں پر کڑی نگاہ رکھیں۔

برج میزان کے ماتحت لوگ: اگر اس برج والے خواتین و مرد مال اولاد کی نعمت سے محروم ہیں تو علاج معالجہ کے ساتھ تعویذوں کا سہارا لیں تو انشاء اللہ ثمر بار ہونگے۔ اور جو جاہ پسند اور مرتبہ کی بلندی کے خواستگار ہیں وہ ہر صورت کسی عامل کامل سے رجوع کریں کامیابی ہوگی۔

برج عقرب کے ماتحت لوگ: ایسے عقربی لوگ جو نفیس طبع کے ہیں اور نفیس لباس زیب تن کرتے ہیں۔ ان کے لیے یہ سال عزت و شہرت کا ہے۔ اور جو لوگ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں ان کو ضرور اعلیٰ عہدہ ملے گا۔ اور جو کسی عہدہ پر متمکن ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ترقی پائیں گے۔ عقربی لوگوں کے لیے حسن پرستی اور عشق بازی ہر قسم کی ترقی کے لیے رکاوٹ بنے گی۔

برج قوس کے ماتحت لوگ: برج قوس والوں کی یہ خواہش ضرور پوری ہوگی جو عقل یا خوبصورتی کے طالب ہیں۔ نیک و مقدس مقامات کی زیارت کے لیے بیرون ملک کا سفر جو صدق دل سے چاہتے تھے ضرور پورا ہوگا۔

برج جدی کے ماتحت لوگ: ان لوگوں کے بلند مقامات سے گرنے کا اندیشہ ہے۔ اس لیے میری درکھان برداری بالخصوص احتیاط کرے۔ اور وہ لوگ کسی کے مرنے کے خواہش مند ہیں۔ بالخصوص والدین جن سے وراثت ملنے کی توقع ہے۔ انہیں از خود مارنے کی کوشش نہ کریں بلکہ رضاء الٰہی یا قضاء الٰہی پوری ہو سکتی ہے۔ یا مہربان ہو کر جائیداد تقسیم کر دیں گے۔

برج دلو کے ماتحت لوگ: دلوی مرد یا عورت جن کی شادی نہ ہو رہی ہو یا شادی میں رکاوٹ ہو گئی ہو یا شادی تو ہو گئی ہے مگر مابین بناہ نہ ہو رہا ہو یا فریقین کسی جنسی/ پوشیدہ مرض کا شکار ہو کر بے لذت زندگی گزار رہے ہوں یا ایسے لوگ جو جوانی کو لوٹانا چاہتے ہوں۔ ان کے لیے یہ سال بہت مبارک ہے کسی طبیب یا ڈاکٹر کے پاس جانے سے قبل کسی منجم یا جفار سے ضرور راہنمائی حاصل کریں ورنہ پھر زندگی بھر کا پچھتاوا یا محرومیت ہو سکتی ہے۔

برج حوت کے ماتحت لوگ: اس برج کے لوگ اپنے کاروبار کو وسعت دیں تو کامیابی ہے۔ بہت جلد دولت کی فراوانی ہو جائے اور صحت کا خیال رکھنے والے علاج سے تومند ہو جائیں گے۔

زائچہ زحل کے مطابق اثرات سال ۲۰۰۳ء جبکہ مشتری برج اسد میں ہے

برج حمل کے ماتحت لوگ: برج حمل والوں کا حال برج حوت والوں سے مماثلت رکھتا ہوگا۔ مگر وہ لوگ جو اپنی اولاد پر اپنی دولت خرچ کرتے ہونگے۔ وہ ناگہانی مصیبت سے بچ جائیں گے۔ حملی خواتین و حضرات کو چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں۔ بدکردار و بدافعال لوگوں سے پرہیز کریں۔ انشاء اللہ کھویا ہوا وقار بحال ہو جائے گا ورنہ بستہ الف یاب کے بدمعاش ہونگے۔

برج ثور کے ماتحت لوگ: اگر ثوری افراد اپنے دکھ دردوں کا حال اس انداز سے شروع کریں کہ جناب پہلے تنگدستی تھی اب بھائی رشتہ مخالف بن گئے ہیں تو یہ لوگ کسی کے بن جائیں یا کسی کو اپنا بنالیں تو ان لوگوں کے تمام مسائل حل ہو سکتے ہیں۔

برج جوزا کے ماتحت لوگ: یہ لوگ پہلے مقروض ہونگے پھر اخراجات بڑھ جائیں گے جیسا کہ ضرب المثل ہے۔ آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔ اگر یہ لوگ ہجرت کریں تو تن آسانی ہو۔ اگرچہ ان سال نو ۲۰۰۳ء کا نصف اول زحل کی وجہ سے خراب تھا اور نصف آخر بھی زحل کی وجہ سے خراب ہوگا۔ لیکن یہ لوگ صبر و شکر کر لیں تو پھر انہیں جلد صلہ یا اجر عظیم ملے گا۔

برج سرطان کے ماتحت لوگ: سرطانی لوگ دولت ہونے کے باوجود غم و رنج میں مبتلا ہونگے۔ کم عقلی، حرص و حسد اور غصہ کا مظاہرہ کر کے معاشرے میں اپنی پوزیشن کمزور کر دیں گے۔ اس طرح ہمت و حوصلہ پست ہو جائے گا۔ نفسیات کے اس عارضہ کے تحت بدصورت، کم زاد و کم ذات و کم فکر و خیالات کے لوگوں میں بیٹھ کر قلبی سکون محسوس کریں گے۔ اور چند ایک ایسے بھی

ہونگے۔ جوز نا کی عادت میں مبتلا ہو کر کنگال ہو جائیں گے۔ سرطانی عورتیں بھی کردار کے لحاظ سے ذرا کم نہ ہونگی۔ ماسوائے ان خواتین کے جن کا زحل پیدائشی سعد اور طاقتور ہے۔

برج اسد کے ماتحت لوگ: اسدی لوگ جو امیر ہونگے ان سے ایسے افعال ہونگے جن سے قید یا ہسپتال کی یاترا ہوگی۔ غریب لوگ پریشان حال ہونگے یا بد چلن ہو جائیں گے یا ایسے افعال ان سے سرزد ہونگے جن سے پردیس یا فرار کی راہ اختیار کرنا پڑے گی۔ بہر حال حکومت وقت ایسے لوگوں کے پیچھے پڑی رہے گی۔ اور اگر اسدی لوگ احسان فراموش ہیں تو اس سال مکافات کے لیے تیار رہیں۔

برج سنبلہ کے ماتحت لوگ: سنبلہ کے وہ لوگ جو اپنی بیوی، محبوب و معشوق کے بے وفا ہونے کا اندیشہ رکھتے ہیں۔ ان کا اندیشہ سچ ثابت ہوگا۔ البتہ جو لوگ طالع سعید کے پیدائشی ہیں۔ نیک چلن اور فیاض طبع کے ہیں، والدین کے خدمت گزار ہیں ان کے لیے یہ سال اپنے دشمنوں پر فتح مندی کا پیغام لا رہا ہے۔ البتہ بخیل اور یا حاسد لوگ اس سال میں ذلیل و رسوا ہونگے۔ اور برج سنبلہ کے لوگ کسی جلدی مرض میں مبتلا ہیں تو ان کو تکلیف زیادہ مل سکتی ہے۔

برج میزان کے ماتحت لوگ: اس برج والے افراد پر بھاری ذمہ داریاں آ رہی ہیں۔ جو لوگ شوقیہ ذمہ داری قبول کریں گے بعد میں بہت پریشان و پشیمان ہونگے۔ اگر ان کے والد صاحب کا ان سے کسی امر میں اختلاف ہے یا ناراض ہیں تو انہیں فوراً تسلیم کرنا چاہیئے ورنہ بدبختی کا ایسا دور آ رہا ہے کہ شاید گھر بار، اولاد، بیوی سے محروم ہونا پڑے اگر بدباطن اور کینہ وری کی عادت ہے تو کسی سواری کے حادثہ میں ہلاکت [illegible] کی بد [illegible] کی وجہ [illegible]

برج عقرب کے ماتحت لوگ: اگر آپ بدزبان اور قطع رحمی کے بد خصائل میں گرفتار ہیں تو آپ بیمار کیے جا سکتے ہیں اگر ایسا ہو گیا تو ہلاکت ہر صورت میں ہوگی [illegible] آپ اپنے رویہ میں تبدیلی لائیں ہر ایک سے صلح جوئی اور خندہ پیشانی سے پیش آئیں۔ ورنہ جو پیشانی پر لکھا جا چکا ہے وہ ہر صورت میں پیش آئے گی [illegible] توبہ استغفار پڑھیں۔

برج قوس کے ماتحت لوگ: قوسی لوگ جو ڈرپوک، دغاباز، کاہل یا حریص اور لالچی ہیں تو یہ لوگ اپنے مفادات سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔ اور نا قابل تلافی نقصان سے دوچار ہونگے۔ اگر یہ لوگ اپنے رب کے حضور صدق دل سے توبہ کریں تو اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والا ہے مکافات سے بچا لے گا اور اگر مریض ہیں تو سخت خطرہ ہے۔

برج جدی کے ماتحت لوگ: [illegible] مابین زوجین جدائی ہو گئی ہے یا ہو چکی ہے تو نوبت طلاق تک پہنچ سکتی ہے یا کوئی ناخوشگوار واقعہ ہو سکتا ہے جو قتل کی صورت میں بھی ہو سکتا ہے۔ اگر ایسا وقت آ جائے یا حالات پیدا ہو جائیں تو پنچائیت کا فیصلہ تفرقہ و فراق و فساد کا موجب بنے گا۔ اس لیے کسی عامل کامل یا پیر و مرشد سے رجوع کریں تا کہ معاملہ از خود رفع دفع ہو جائے۔ اگر جدی عورت خوبصورت ہے تو طلاق لے لے فائدہ ہے۔

برج دلو کے ماتحت لوگ: دلو کے برج سے تعلق رکھنے والے حضرات و خواتین میرے مشورے کے مطابق اپنا زائچہ کسی تجربہ کار منجم سے بنوا کر زمانہ استقبال کو ذرا جھانک لیں کیونکہ طالع میں یورانس اور نپچون بدل کر مریخ اور نپچون ہو جائیں گے۔ خانہ چہارم میں راس زہرہ اور عطارد چھٹے کا زحل جو شمس و مشتری کے درمیان مساوی الفاصلہ میں گھرا ہوا ہے۔ گویا یہ لوگ اگر بے شمار مسائل میں گھرے ہوئے ہونگے تو بیشمار مسائل کا حل بھی ہونگے۔ یعنی بہت اہم لوگ ہونگے۔

برج حوت کے ماتحت لوگ: اس برج والوں کے لیے اہم تبدیلی ۱۱ مارچ ۲۰۰۳ء بروز منگل سے شروع ہوگی۔ جونہی زحل خانہ تثلیث میں داخل ہوگا۔ زندگی اچانک بدل جائے گی۔ عزیز و اقارب مثل عقارب بن جائیں گے۔ فکر و پریشانی سے لاغر اندامی ہو جائے گی۔ والدین یا والدین کی دولت، زمین، مکان، سواری، اولاد اور عیش و آرام سے محروم ہونا پڑے گا۔ یہ سب کچھ بد عقلی، کاہلی یا بدکرداری کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے۔ یا کسی دائمی مرض کے شکار ہو سکتے ہیں یا اپاہج بھی۔

اسپیشل: سال ۲۰۰۳ء کے دو بڑے سیارے مشتری اور زحل کمزور بروج اور خانہ میں ہیں اور رجعت کی وجہ سے حالت ایسی ہے جیسے محترمہ بے نظیر صاحب اور میاں نواز شریف صاحب جلاوطنی کی زندگی گزار رہے ہیں۔ مشتری بے نظیر ہے اور زحل میاں نواز شریف ہے۔

ختم شد۔

کھیعص حمعسق

از: آغا حسنین احمد عامل، ہتیھجی۔

چودہ حروف نورانی میں **کھیعص** اور **حمعسق** کا آسان اور مختصر سا عمل خالد روحانی جنتری کے لئے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ یہ عمل ملکہ کوہسار مری سے میرے عظیم ترین محسن ڈاکٹر محمد آصف صاحب سے مجھے حاصل ہوا اور جب میں نے خود تجربہ کیا تو ازحد موثر پایا۔ برائے افادہ قارئین خالد روحانی جنتری میں عمل من وعن تحریر ہے کوئی خوف خطرہ نہ ہوگا۔ اس عمل کی میری جانب سے ہر برادران اسلامی کو اجازت ہے۔

جو شخص بے روزگار ہو، قرض سے پریشان ہو، کسی مقدمہ میں ناحق پھنس گیا ہو، ظالم کے ظلم سے تنگ آ چکا ہو، نافرمانی اولاد یا زوجہ سے ہراساں ہو۔ بیٹیوں کے رشتہ شادی میں رکاوٹ ہو یا کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو جس سے چھٹکارے کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو۔ وہ یہ عمل کرے اور دعا دے۔ یہ عمل نہ کسی کتاب میں ملے گا نہ ہی کسی عامل سے عطا ہوگا۔ خصوصاً وہ اصحاب جن کا خیال ہے کہ عملیات میں کوئی تاثیر نہیں ہوتی اُن کو اس عمل کی تکمیل کی دعوت دیتا ہوں۔

تشریح عمل: **کھیعص۔ حمعسق۔**

نیا چاند نظر آنے پر جب اتوار کا دن گذر جائے تو شب پیر کو ۳ بجے قبل صبح اٹھ کر مطابق موسم غسل کریں۔ احرام کی طرح بغیر سلائی ایک سفید چادر اوڑھیں اور پہن کر نماز طریق تہجد ادا کریں بعد ازاں بار درود پاک کا ورد کریں۔ پھر ۴۱ مرتبہ **الفتاح، الحکیم، الوکیل** کا ورد کریں۔ پھر ۳۷۴ بار **ک اف ھا یا عین صاد کِفایَتُنا حاَ میم۔ عین سین قاف حِمایَتُنا** سب ملا کر پڑھیں یہ عمل ۱۴ یوم تک مکمل کریں۔

یومیہ عمل مکمل ہونے پر وہیں مصلے پر بیٹھے ہوئے بکثرت درود شریف کا ورد جاری رکھیں تانکہ اذان صبح ہو جائے فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد بارگاہ الٰہی میں اپنے مقصد کی دعا کریں۔ عمل مکمل ہونے پر یا اس سے قبل اللہ کی طرف سے ازغیب ایسا سبب سامنے آ جائے گا جس کا آپ کو گمان تک نہ ہوگا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ سب سے بڑا مسبب الاسباب ہے وہ قادر کریم مشکل کو آسان بنا دے گا۔ غذا میں گوشت، حیوانی اشیاء، کچا پیاز، کچا ٹماٹر، اچار چٹنی، سلاد نہ کھائیں۔ یومیہ کاروبار حسب معمول خاموشی سے کریں۔ رزق حلال اور سچ بولنے کو اپنا شعار بنالیں اپنی نگاہ کو بھی پاکیزہ رکھیں۔

اس عمل میں راز کی بات یہ ہے کہ **کھیعص، حمعسق** پڑھتے وقت اپنی زبان کو ذرا الٹالیں اور اوپر والے دانتوں کے اندرونی مسوڑھوں سے چمٹالیں۔ اس عمل کو شروع کرنے سے قبل کچھ دنوں تک پریکٹس کرلیں۔ بعد ازاں تکمیل کی نیت سے عمل شروع کریں۔ عادت نہ ہونے کی وجہ سے یا غنودگی کی وجہ سے بے خبری میں زبان علیحدہ ہو جائے تو عمل باطل ہو جائے گا۔ عمل کے ورد **کھیعص حمعسق** کی آواز گلے سے نکالیں۔ میری طرف سے اس عمل کی ہر فرد کو اجازت ہے الگ سے خط لکھنے کی ضرورت نہیں۔ (ختم شد)۔

از عامل سحر کاظمی۔

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حروف تہجی یعنی (اُ بُ جُ دُ) وغیرہ کی کوئی حیثیت نہیں لیکن جب اس کی حقیقت ارباب عصمت سے دریافت کی جاتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ حروف جن سے قرآن مجید جیسی اعجازی کتاب مرتب کی گئی ہے اور جس پر کائنات کے افہام و تفہیم کا دار و مدار ہے۔ یہ اپنے دامن میں بے شمار صفات رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے انھیں حروف کو اپنی معرفت کا ذریعہ بنایا ہے۔

حروف تہجی کے اثرات

حرف الف: حروف الف کے عدد ا=ا--ل=۳۰--ف=۸۰ جملہ ۱۱۱ ہوئے اگر کوئی ۱۱۱ کو اپنے اور اپنے محبوب کے نام کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ تم دونوں پر مہربان ہوگا اور سب مشکل آسان ہو۔ اگر یہ حرف الف کند ذہن کے لئے ایک ہزار بار ریشمی کپڑے پر لکھ کر سینہ پر باندھیں تو ذہن کھل جائے گا جو بات سنے گا وہ یاد رکھے گا۔ اگر صرف الف کی تکسیر کر کے مسدس میں شرف آفتاب و مریخ کی گھڑی میں ایک کاغذ پر سرخ روشنائی سے لکھے تو جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے اس پر کوئی ہتھیار بھی اثر نہ کرے۔

حرف ب: حرف ب کو اللہ تعالیٰ نے یہ بڑائی دی ہے کہ بسم اللہ کو اس سے شروع کیا۔ حرف باء کے اصلی اعداد اور وہ اسماء جن کے اول میں حرف باء لکھ کر اگر غریب شخص اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کی روزی کشادہ کر دے گا۔ اگر حرف باء ۱۶ مرتبہ اور بسم اللہ ۱۹ مرتبہ لکھ کر اس کے ساتھ یہ آیت **بدیُع السَّمٰوٰت والارض** لکھے اور اپنے پاس رکھے تو تمام مشکلات آسان ہو جاتی ہیں۔

حرف ت: اگر حرف ت [illegible] تو [illegible] رزقی ہوگی۔ اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو ت کو اس کے اعداد کے مطابق لکھ کر قرآن پاک میں رکھ دیں تو انشاء اللہ گم شدہ چیز مل جائے گی۔

حرف ث: اگر میاں بیوی میں رنجش پیدا ہوگئی ہے یا کسی نے کروا دی ہے تو حرف ث کو اعداد کے مطابق لکھ کر کسی پانی کے گھڑے میں ڈال دیں اور اس گھڑے کا پانی میاں بیوی کو پلایا جائے تو دونوں کی ناراضگی ختم ہو جائے گی۔ اور پھر کبھی جھگڑا نہیں ہوگا یہ حرف لکھتے وقت ورد اسماء حسنیٰ یا دائم یا صمدُ پڑھنا چاہیئے۔

حرف ج: اگر تین مرتبہ حرف ج مع اسم موکل سرخ پتھر یا سونے یا سرخ تانبے کی مثلث تختی پر لکھے اور لکھنے والا اس کو اپنے پاس رکھے تو دنیا میں عزت زیادہ ملے۔ دنیا اس کی تعظیم کرے گی۔ جو شخص ۵۳ مرتبہ اس حرف کو طلوع آفتاب کے وقت لکھے اور اپنے پاس رکھے اس کی برائی کرنے والوں کی زبان بند ہو جائے گی۔ اگر دشمنی کا خوف ہے تو ساتھ میں اسم یا باریُ یا کبیرُ کا بھی ورد کرتا رہے۔

حرف دال: اگر کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا چاہو تو اس حرف د کو لکھ کر پانی سے دھو لو اور اسم دیڑھ کر اس پر دم کر لو پھر محبوب کو پلا دو' یہ عمل مقناطیس کا کام کرے گا۔ اگر حرف دال کو ستر مرتبہ باموکل پڑھے صبح کے وقت ننگے سر ساتھ میں دشمن کا نام اور اس کی والدہ کا نام بھی لیتا ہے اور پڑھ کر آسمان کی طرف دم کرتا رہے اس کا دشمن ہلاک ہو جائے گا۔

حرف ح: اگر کسی شخص کو پیاس کی بیماری ہوگئی ہو تو وہ حرف ح کو اسی مرتبہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر مریض کو پلائے انشاء اللہ صحت ملے گی۔ اگر کوئی شخص تنگدست ہو تو اسے چاہیئے شرف مشتری اور اگر شرف مشتری کا وقت نہ ملے تو جمعرات کو پہلی ساعت

مشتری کی ہوتی ہے میں یہ عمل کرے نیچے دیئے ہوئے نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے انشاءاللہ تنگ دستی دور ہو گی۔

۷۸۶

۸

۸	۸	۸
د		د
۸	۸	۸

۸

حرف خ: اگر حرف خ کو ۳۰۱ مرتبہ اتوار کے دن قمری مہینے کے آخری دنوں میں لکھ کر اپنے مکان کی خالی جگہ پر لٹکا دے تو جو مراد بھی رکھتا ہے پوری ہوں گی اور اگر گھر میں لڑائی وغیرہ رہتی ہو تو اس نقش کو گھر میں ایسی جگہ لٹکایا جائے جہاں اس پر ہر فرد کی نظر پڑتی ہو انشاءاللہ چند روز میں لڑائی بند ہو جائے گی۔

حرف د: جو شخص حرف د کو روزانہ کا ورد بنا لے اور ایک ہزار بار روزانہ پڑھ لیا کرے تو اس کو اتنا نفع ہو جتنا سوچا بھی نہ ہو اور دولت تمام عمر اس کے ساتھ رہے گی۔ اگر کسی نے کسی کا قرض دینا ہو اور دے نہیں سکتا اسے چاہیئے ہر روز بعد نماز مغرب زعفران سے سفید کاغذ پر ۳۵ بار اس حرف کو لکھے اور پانی میں بہا دے اس طرح ۱۰ روز کرنا ہے انشاءاللہ تعالیٰ قرض غیب سے ادا ہو گا۔

حرف ذ: اگر کسی شخص کے دشمن بہت ہوں یا لوگ پسند نہ کرتے ہوں اسے چاہیئے حروف ذ کو ۷۰۰ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کسی کتے کو کھلا دے لوگ محبت کرنا شروع کر دیں گے۔

حرف ر: جس وقت قمر برج عقرب میں ہو اس حروف کو ۲۰۰ مرتبہ دشمن کے نام مع والدہ لکھ کر کسی ویران جگہ دفن کر دے تو دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔ اور یہی عمل دو انسانوں کے درمیان دشمنی ڈالنے کے لئے بھی کیا جا سکتا ہے یہ عمل اس طرح کرنا ہے حرف ر ۲۰۰ مرتبہ اور جن کے درمیان دشمنی ڈالنی ہے ان کا نام ان کی والدہ کا نام لکھیں اور درمیان میں X بنا دیں۔

حروف ز: اگر کسی کاغذ پر حرف ز ۱۰۰ مرتبہ لکھ کر کسی درخت پر لٹکا دیا جائے اور اس پر اپنا اور والدہ کا نام بھی لکھیں تو انشاءاللہ تعالیٰ کاروبار میں ترقی ہو گی اور چالیس دن تک صرف ۱۵ بار ورد کیا جائے تو خوب خیر و برکت ہو گی۔

حرف س: جس وقت برج جوزا کا اول درجہ شروع ہو اس وقت اپنے حاسد کا نام مرغی کے انڈے پر لکھیں اور اس نام کے چاروں طرف حرف س لکھیں اور نیت یہ رکھیں آپ یہ کام حاسد کی زبان بندی کے لیے کر رہے ہیں اس کے بعد اس انڈے کو لوبان کی دھونی دے کر زمین میں دفن کر دیں انشاءاللہ حاسد کی زبان بندی ہو جائے گی۔ اگر حرف س ۶ مرتبہ کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر شربت کے ساتھ کسی بیمار کو پلائیں انشاءاللہ چند روز میں شفاء ہو جائے گی۔

حرف ش: اگر کسی مکان کو اثر ہو تو آپ حرف ش کو تانبے کی پلیٹ پر ش کو نیچے دیئے ہوئے نقش کے مطابق لکھ کر مکان کے دروازے پر ٹانگ دیں تو آہستہ آہستہ اثر ختم ہو جائے گا۔

ش	ش	ش
ش	ش	ش
ش	ش	ش

اگر اس حرف کو ۱۳ بار کاغذ پر اتوار کے دن جس وقت آفتاب برج حمل میں ہو لکھ کر عنبر کی خوشبو لگا کر اپنے سر پر باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہیبت اور نور دے گا جو شخص بھی دیکھے وہ اس کی اطاعت کرے اور اس سے محبت کرے۔

حرف ص: اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو اسے چاہیئے ایک برتن لے اس برتن پر ۹۵ بار حرف ص لکھے لیکن لکھنا مشک اور زعفران سے

ہے اور پھر اس برتن کو پانی سے دھوئے اور یہ پانی سر پر ڈالے ایسا کرنے سے جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص سفر میں ہے تو حرف ص کا ورد کرتا ہے انشاء اللہ خیریت سے گھر پہنچ جائے گا۔

حرف ط: یہ حرف تمام عالم میں پرواز کرتا ہے جب اس حرف کو ۹ بار اور ھ کو ۵ بار کسی تختی پر جب کہ قمر اس کی منزل میں ہو مع موکل لکھے اور اس کو اپنے پاس رکھے تو تمام عالم اس کے خوف سے کانپے گا اگر درد سر والا سر پر باندھے تو آرام ملے اور اگر اسی ترتیب سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو کوئی موذی جانور اس کے قریب نہ آئے۔ اگر کند ذہن اس حرف کو ۱۸ بار روزانہ پڑھے تو اس کی عقل میں اضافہ ہوگا۔

حرف ظ: اگر کوئی شخص کسی ظالم سے خائف ہو تو سات دن نماز ظہر کے وقت اس نیت سے ایک ہزار بار پڑھے تو ظالم دوست ہو جائے گا۔

حرف ع: اگر گھر میں بہن بھائی یا میاں بیوی میں ناراضگی رہتی ہو تو ہر نماز مغرب کے بعد اس حرف ع کو ۱۰۰ مرتبہ کسی مٹھائی پر پڑھ کر دم کر کے سب کو کھلا دیں انشاء اللہ ناراضگی ختم ہو جائے گی۔ اگر اس حرف کو ہر نماز کے بعد ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھ لیا جائے تو تمام دنیا محبت کرے۔

حرف غ: اگر حرف غین ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے سر سے باندھے تو رزق زیادہ ہو سب لوگ محبت کریں۔ اور جب شمس اس کی منزل میں ہو تو صرف غ لکھ کر اپنے پاس رکھے بہت عزت ملے۔

حرف ف: اگر کوئی شخص کسی کپڑے کے ٹکڑے [illegible] پر دم کرے تو اس سے جدا ہونے والا شخص اس کے پاس دوبارہ واپس آجائے گا۔ اگر اس حرف کو ۹۰ بار بدھ کے دن لکھ کر اپنے پاس رکھے جو بھی مراد ہوگی پوری ہوگی۔ ۹۰ بار حرف لکھتے وقت یا غیاث یا مغیث کا ورد کرتا رہے۔

حرف ک: اگر کوئی شخص [illegible] رنگ کے کپڑے پر حرف ک مع اسمائے موکلات لکھے اور انگوٹھی کی نگینہ کے نیچے رکھ لے اور پہن لے تو پہننے والے کو قبول عظیم نصیب ہوگا۔ اور اگر اس حروف کو چار ٹھیکریوں پر لکھ کر کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دیا جائے تو کھیت ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی شخص اس حرف کو ۱۰ بار لکھ کر اپنے پاس رکھے ہر رنج و غم سے امان میں رہے گا۔

حرف ل: یہ صرف تعریف کے لئے عام طور پر آتا ہے اور اسم اعظم میں بھی ہے جس سے بسم اللہ کے حروف مراد ہیں۔ اسم لطیف میں بھی یہ صرف ظاہر ہوا ہے اگر کوئی اس حرف [illegible] کتاب مخزن عملیات میں مولانا محمد علی قبلہ لکھتے ہیں جب تم کسی جن کو جلانا چاہو تو حرف ل کی قسم پڑھ کر کہو اے حرف لام کے موکل اس جن کو جلا دے تو فوراً وہ جل جائے گا۔

حرف م: کتاب لطائف العوارف میں مولانا اقبال الدین احمد صاحب اردو ترجمہ لکھتے ہوئے کہتے ہیں صرف م کا تعلق تین عالموں سے ہے یعنی عالم ملک عالم ملکوت اور عالم جبروت سے جو شخص اس کو ۴۰ مرتبہ مع اس آیت کے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالی اس پر پوشیدہ راز اور عالم ملک وملکوت کا کشف اس کو حاصل ہوگا۔ آیت یہ ہے محمد رسول اللہ والذین امنو معہ۔ اگر کسی کے پاس کوئی چیز ہو اور وہ نہ دیتا ہو تو سات بار پڑھ کر طلب کرے انشاء اللہ وہ واپس دے دے گا۔

حرف ن: نماز عشاء کے بعد اگر سو دفعہ پڑھ لیا جائے تو بے خوابی برطرف ہو۔ اگر پیٹ میں درد ہو تو حرف ن تیرہ بار لکھ کر اپنے پاس رکھے تو پیٹ کے درد سے شفا ملے۔ اگر یہ حروف مع اسمائے نونیہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ اگر کوئی مچھلی کے شکار کا شوق رکھتا ہے تو حروف ن سیسہ کی تختی پر جب قمر عروج پر ہو تو مع اسم موکل تختی پر لکھے اور تختی دریا میں ڈال دے تو چاروں جانب سے مچھلیاں اس کے گرد جمع ہو جائیں گی۔

حرف و: اگر درخت کے پتے پر لکھ کر کسی بھی بھاری پتھر کے نیچے اس طرح رکھے کہ پانی اس پر گزرتا ہے تو چشم مردم میں عزیز ہوگا۔ اگر کوئی شخص کسی کپڑے کے ٹکڑے پر واؤ لکھ کر اپنے پاس رکھے کوئی بھی چیز خدانخواستہ اسے کاٹے یا ڈنگ مارے تو اسے درد

ہر گز نہیں ہوگا اگر کوئی شخص کسی افسر سے ملنے جا رہا ہو اور اس کا ملازم اسے ملنے نہ دیتا ہو تو حرف د ساٹھ بار پڑھ کر روکنے والے کے منہ پر پھونکے تو وہ اس کے راستے میں ہٹ جائے گا۔

حرف ہ: اگر کوئی شخص اس حرف کو ۱۵بار لکھ کر اپنے پاس رکھے تو پوشیدہ علوم اس پر آشکار ہونگے۔ اگر کالی مرچ کو شکر اور موم میں لپیٹ کر اس پر سو بار حرف ع پڑھ کر مطلوب کے گھر کی چوکھٹ میں دفن کر دے مطلوب طالب ہی کی طرح اس کی محبت میں بے قرار ہوگا۔ اگر میاں بیوی میں ناراضگی ہے تو کالی مرچ پر ۵۰۰ بار صرف ہ پڑھ کر شہد میں ڈبو کر کالی مرچ سالن میں پکا کر شوہر کو یا بیوی کو کھلا دیا جائے ناراضگی دور ہو جائے گی۔

حرف ی: اگر چاہو کہ کسی کی زبان خود اپنے حق میں یا دوسرے کے لیے بند ہو تو ساٹھ بار پڑھ کر اس پر پھونکے اگر کسی ریشمی کپڑے پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو امراء وزراء و سلاطین کی نظر میں ممتاز ہوگا۔ اگر دوران سفر حرف ی سو بار لکھ کر اپنے پاس رکھے سفر میں خیر و عافیت رہے۔ جو خاندان ان تمام حروف کو ایک ایک کر کے اپنے پاس رکھے تو روز بروز اس خاندان کی دولت میں اضافہ ہو گا۔

سورہ رعد رکوع نمبر۲ میں ایک آیت ہے **اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ** سے لے کر **رَّابِیا** تک۔ یہ آیت دست غیب کے لیے بہت قوی ہے۔ شرط ہے کہ پڑھنے والا ہمت رکھتا ہو۔ اگر اس کے اسباب معیشت کسی وجہ سے گزر گئے ہوں۔ اور عمر ۴۰ سال سے اُوپر ہے تو عمل ذیل ہے:۔

۴۰ دن تک چارپائی پر نہیں سونا۔ فرش یا تخت پر سونا ہے جو زمین سے زیادہ اُونچا نہ ہو۔ عشاء کی فرض اور سنتیں پڑھ کر وتر نہ پڑھیں۔ اب دنیاوی کاموں سے فراغت حاصل کر کے جب سونے کی نیت ہو تو وتر و نفل پڑھ کر پاک بستر پر پڑھ کر سونے کے لیے لیٹ جائیں۔ اور اب خاص تاکید ہے کہ کسی سے بات نہیں کرنا ہے نہ ہی کھانا پینا ہے۔ اپنے داہنے ہاتھ کو داہنے کان کے نیچے ہاتھ رکھ کر لیٹ جائیں۔ اور مندرجہ بالا آیت کو اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں اول آخر تین تین بار درود شریف۔ اس حالت میں سو جائیں۔ روزانہ اس طرح عمل کرتے ہوئے یہ عمل تین چلہ تک پڑھنا ہے۔ یعنی ۱۲۰ دن۔ انشاءاللہ اس عرصہ میں غائب سے ایسا سامان پیدا ہوگا کہ بقیہ زندگی محتاجی نہ ہوگی۔ زندگی بھر کا بندوست ہو جائے گا۔ دیگر یہ قدرت کا کام ہے کہ وہ کیا بندوست کرتی ہے اور وہ کس طرح نوازتی ہے۔

نیز اگر کسی وجہ سے آپ نے فرض بھی عشاء کے سوتے وقت تک نہیں پڑھے تو فرض ضرور پڑھ لیں۔ کیونکہ نماز کے بعد ہی وظیفہ کرنا ہے۔ وظیفہ کے بعد [illegible] کرسو جائیں اسی کروٹ پر وظیفہ ختم کرنا ہے۔ سو جانے کے بعد کروٹ بدل جائے تو کوئی حرج نہیں۔ اگر نیند نہ آئی ہو اور کوئی ایسا حادثہ پیش آ جائے جس میں اٹھنا یا بات کرنا ضروری ہو گیا ہو تو اب پھر وضو کریں۔ اور ۴ رکعت نماز نفل پڑھ کر دوبارہ عمل کریں۔ جب نیند آ جائے تو عمل کا وقت مکمل ہو گیا۔ اور جب آپ سو گئے اور کوئی وجہ یا ایسی بات ہوگی آپ اُٹھ گئے۔ اب دوبارہ عمل کی ضرورت نہیں ہے۔ عمل کا وقت پڑھنے اور سو جانے تک کا ہے۔ سو جانے کے بعد دھرانے کی ضرورت نہ ہے۔ باقی دن کا حصہ وضو بے وضو اٹھتے بیٹھتے یہ پڑھیں کوئی تعداد مقرر نہ ہے۔ توجہ سے ورد کرتے رہیں۔ **یَا مَالِکَ اُلْملکِ ذُوالْجَلَالِ وَالاِکْرَام۔** انشاءاللہ یہ عمل فقیر کو غنی کرتا ہے۔ اس عمل کو عورتیں اور مرد دونوں کر سکتے ہیں۔ عورتیں ناغہ کے دن نکال کر ۱۲۰ دن پورے کریں۔ عمل بہت بڑا نہیں مگر پابندی بہت ہی بڑی ہے۔ شروع شروع میں آپ کو بہت مشکل لگے گی مگر پھر آہستہ آہستہ عادی ہو جائیں گے۔

(۲) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ جو شخص روزانہ سورہ واقعہ پڑھے وہ فاقے سے محفوظ رہے گا۔ انشاءاللہ جو شخص سورہ واقعہ رات کے وقت پڑھ لے گا اس کو فاقہ نہ پہنچے گا۔

اس میں شک نہیں کہ جلب غنا' دفع افلاس وادائے قرض و ترقی مناسب کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ اس کی کئی ترکیبیں ہیں۔ ہر ترکیب ذود اثر ہے۔ چند ایک پیش خدمت ہیں۔

1- اگر کوئی سخت حاجت درپیش ہو تو تین دن تک بعد از نماز عشاء اس کو ۴۱ بار پڑھے اور اللہ سے دعا کرے انشاءاللہ حاجت پوری ہو۔

2- بعد نماز عصر اس کو چودہ بار اور اسماء حسنیٰ ایک بار چودہ دن تک پڑھے تو ترقی رزق ہو۔

3- اگر کوئی دنیاوی مصائب سے محفوظ رہنا چاہے تو اسے ایک دفعہ صبح ایک دفعہ شام پڑھ لیا کرے۔

4- حاجت دنیاوی و دینی کے لیے اس طرح پڑھے کہ مہینہ کے پہلے جمعہ سے سات دن تک روزہ رکھے اور بعد ہر نماز کے سورہ واقعہ ۲۵ مرتبہ پڑھے۔ اور مغرب عشاء کے درمیان جب اس کو ۲۵ مرتبہ پڑھ چکے تو دو سو مرتبہ روزانہ درود شریف پڑھے۔ جب ساتواں دن ہو تو بعد عشاء اس کو ۲۵ مرتبہ پڑھے۔ ایک ہزار دفعہ درود شریف پڑھے۔ اب اس کا عامل ہو گیا اس کے بعد صبح و شام ایک ایک بار پڑھ لیا کرے۔ پھر جس حاجت کے لیے چاہے اس کو بعد عشاء سات مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں **یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ بِرَحمَتِکَ اَستَغِیثُ** سات بار کہہ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ دعا قبول ہوگی۔

5- ترقی کے لیے تسخیر امراء وغیرہ کے لیے ۱۵ دن تک مغرب وعشاء کے درمیان ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھ کر روزانہ دعا کرنا چاہیے انشاء اللہ تعالی ۱۵ دنوں میں مراد پوری ہوگی۔ یہ عمل اُس وقت کریں جب امراء سے کام ہو یا ترقی کا موقع ہو۔

(۳) حل اُلمشکلات:

یہ دعا مجھے ایک بزرگ سے ملی تھی۔ اس دعا کو روزانہ ۴۱ بار پڑھ لیا کریں۔ کیسی بھی مشکل اور مصیبت کیوں نہ ہو۔ انشاء اللہ اس دعا کی وجہ سے دور ہوگی۔ یہ دعا حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کو عطا کی تھی۔ مایوس اور حاجت مندوں کے لیے موثر دعا ہے۔ مشکل اور مصیبت میں اس کو پڑھیں اور فائدہ اُٹھائیں۔ انشاء اللہ مصیبت دور ہوگی۔ حاجت رواہوگی۔ **یَا کَاشِفُ کُلَّ کُربَۃٍ وَیَا مُجِیبُ کُلَّ دَعوَۃٍ یَا مُونِسُ کُلَّ وحِیلَۃٍ وَیَا صَاحِبُ کُلَّ غَرِیبٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنتَ سُبحَانَکَ اِجعَل لِی مِن اَمرِی فَرَجًا وَ مُخرِجًا بِرَحمَتِکَ یَاارحَمَ الرَّاحِمِینَ۔**

(۴) اسم اللہ تعالی:

امام بونی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالی کے ۹۹ نام ہیں۔ ۹۹ ہی دوران کے ہوتے ہیں۔ اس لیے ہر سال اللہ تعالی اپنے ایک نام کے ساتھ جلوہ گر ہوتا ہے۔ بس اس حساب سے ایک دور ۹۹ سال کا ہوا۔ جس سال رزاق کا جلوہ ہوگا وہ ---خوبی کا ہوگا۔ جس سال دور قہار کا ہوگا وہ قہر وغضب کا دور ہوگا۔ جس سال اسم حیّ کا جلوہ ہوگا۔ اس سال حیات و پیدائش زیادہ ہوگی۔ اب تقریباً ۱۴۱۶ سال ہو چکے ہیں۔ چودہ صدی ختم ہو گئیں۔ ۹۹ سال پر تقسیم کریں تو ۱۴ دور ختم ہو گئے۔ تیسویں اسم کا دور ہے۔ بس عقل مند کے لیے اشارہ کافی ہے جو لوگ تیسویں اسم کا اس سال ذکر کریں گے وہ مرتبہ حاصل کریں گے۔

(۵) قضائے حاجت:

نماز فجر کی سُنتیں پڑھ کر چار سو پچاس مرتبہ ذیل کی آیت پڑھیں پھر فرض پڑھ کر ایک تسبیح پڑھیں۔ اول آخر ۳+۳ مرتبہ درود شریف ہو۔ پھر سجدہ میں جا کر مقصد کے لیے دعا مانگیں۔ چند یوم میں مقصد پورا ہوگا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔ **سلام قولا من رب الرحیم۔**

(۶) چاند کی پہلی تاریخ سے ۱۲۲ مرتبہ روزانہ عشاء کے بعد پڑھنا ہے۔ ۲۱ روز کا عمل ہے۔ کوئی احتیاط پرہیز نہ ہے۔ اپنے لیے بھی کر سکتے ہیں۔ کسی دوسرے کے لیے بھی کر سکتے ہیں۔ یہ عمل روزی رزق، نوکری، کشائش رزق کے لیے کر سکتے ہیں۔ ایک وقت روزانہ مقرر کر کے باوضو کریں۔ عمل: **وَارزُقنَا فَاِنَّکَ خَیرُ الرَّازِقِین۔**

(۷) آیت: **اَلعَلِیمُ العَلَّامُ شُمَھُورَش وَ طِیغُذغٍ وَ فَاغُذغ۔** اس آیت کو ۵۳۲۴ بار روزانہ دس روز رات کے وقت پڑھ لیں تو عامل ہو جائیں گے۔ خواب میں کوئی بھی بات/ راز یا چیز معلوم کرنا چاہتے ہیں تو کاغذ پر سوال/ امر جو معلوم کرنا ہو لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر اُوپر دی گئی آیت پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ خواب میں سب کچھ معلوم ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

سورۃ اخلاص اپنے اندر بے پناہ تاثیر رکھتی ہے۔ آج کی بزم میں اسی سورہ مبارکہ سے متعلق حاضرات کے مختلف طریقے پیش کیے جا رہے ہیں۔

(۱) اس طریقہ حاضرات میں بعد از نماز مغرب کسی بھی مزار پر قبر کے پاس بیٹھ جائیں۔ پہلے تین دفعہ درود پاک پڑھیں۔ اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یا صمد اللہ الصمد پڑھیں۔ آخر میں پھر تین مرتبہ پہلے والا درود پاک پڑھیں۔ اور ثواب صاحب مزار کو بخش دیں۔ دوران پڑھائی یکسوئی کا ہونا بہت ضروری ہے۔ اگر یکسوئی برقرار رہی تو دوران عمل ہی تاثیر ظاہر ہوگی۔ بصورت دیگر خواب میں واضح طور پر صاحب قبر سے ملاقات ہوگی اور خواب میں جو کچھ بھی وارد ہوگا وہ آپ کا اور صاحب قبر کا معاملہ ہے۔ ہر آدمی کے ساتھ الگ الگ کیفیات پیش آتی ہیں۔ صاحب قبر کا خواب میں آنا ہی صاحب قبر کے صاحب تاثیر ہونے کی علامت ہے۔ تمام مومنین کو اس عمل کی اجازت ہے۔

(۲) نو چندے سوموار کو کسی بھی مزار پر بہ طریقہ بالا بیٹھ کر معہ اول آخر ایک ایک تسبیح درود پاک تین سو تیرہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں۔ اور ثواب صاحب مزار کو بخش دیں۔ زوال اور غروب اوقات کے علاوہ کوئی سا بھی وقت مقرر کر لیں۔ مسلسل سات روز تک یہی عمل کریں۔ پہلے ہی دن سے انشاء اللہ تاثیر ظاہر ہونا شروع ہو جائے گی۔ اس کے بعد آپ کسی بچے پر حاضرات کر سکتے ہیں۔ اس عمل کے دوران روزانہ صبح تین پاؤ گڑ اور چنے کمسن بچوں میں تقسیم کریں۔

(۳) حاضرات میں پہلی آیت قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کے موکل کی حاضری ہوتی ہے۔ اس آیت کو نو چندی سوموار سے ۱۰۰۲ مرتبہ اکیس یوم تک پڑھنے سے زکوۃ ادا ہو جاتی ہے۔ روزانہ دوران عمل اکیس اکیس مرتبہ درود پاک پڑھنا ہے۔ آخری روز بچوں میں شیرینی تقسیم کر دیں۔ بعد از زکوۃ پہلے نو چندے جمعۃ المبارک کو ساعت اول زہرہ میں اس آیہ مبارکہ کا نقش مثلث پُر کریں۔ چال آتشی ہو۔ نقش کے درمیانی خانے کو سیاہ کر دیں اور تھوڑا سا عطر لگا دیں۔ بچے کو سامنے بٹھائیں اور آیت کا ورد شروع کر دیں۔ بچہ نقش میں سیاہ خانے میں بغور دیکھتا رہے۔ چند لمحوں کے بعد موکل عطرائیل اور عبد الاحد حاضر ہوں گے۔ عامل حسب منشا ان سے کام لے لیکن عامل آسیبی مریض کے ساتھ دوسرا طریقہ اختیار کرے۔ یعنی عامل مریض کے سر کو مضبوطی کے ساتھ پکڑ لے۔ اور آیت کا ورد جاری رکھے اس دوران ہی مریض کے جسم میں سنسناہٹ دوڑنے لگے گی۔ مریض کے جسم پر کپکپی طاری ہو جائے گی۔ اثرات پاؤں سے سر کی جانب جاتے محسوس ہوں گے۔ مریض کی آنکھوں میں جلن اور بے چینی محسوس ہوگی۔ تھوڑی دیر کے بعد مریض ٹھیک ہو جائے گا۔ اس کے بعد موکلین کا شکریہ ادا کریں۔ اور انہیں رخصت کر دیں۔ دوران عمل یہ آیت معہ عزیمت پڑھنی ہے۔ **یَا عِطْرَائِیْل بِحَقِّ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یَا عَبْدَ الْاَحَد** حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔ نقش حاضرات یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۱	۱۷۶	۱۸۴
۱۸۳		۱۷۸
۱۷۷	۱۸۵	۱۷۹

سورۃ اخلاص کے عملیات کے لیے سورۃ اخلاص کا عامل ہونا ضروری نہیں لیکن اگر زکوۃ ادا کر لی جائے تو سونے پر سہاگہ ہے۔ سورۃ اخلاص کی زکوۃ کا طریقہ پہلے بتا دیا گیا ہے۔ اب چند اور طریقے پیش خدمت ہیں۔ آپ اپنی سہولت کے مطابق کوئی سا بھی طریقہ اختیار کر سکتے ہیں۔ (۱) بعد از نماز عشاء وقت کی پابندی کے ساتھ معہ درود پاک سورۃ الاخلاص روزانہ ۳۱۳ مرتبہ بلاناغہ اکیس یوم تک پڑھیں۔ زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ (۲) بعد از نماز عشاء پابندی وقت کے ساتھ معہ درود پاک سورۂ مبارکہ کو ۱۰۰۲ مرتبہ تین یوم تک پڑھیں۔ دوران عمل مصطگی کا بخور جلائیں۔ مقدار بخور ۲ تولے ہے یعنی روزانہ مصطگی ۲ تولے جلانی ہے۔ ساتھ اچھی قسم کی اگربتی بھی جلائیں۔ دوران عمل شرعی پرہیز ضروری ہے۔ روزانہ سوا کلو چینی قبرستان میں پھینک دیا کریں۔ انشاء اللہ ۳ یوم کے اندر آپ صاحب زکوۃ ہو جائیں گے۔

اب آتے ہیں آیت نمبر ۲ کی طرف۔ اللہ الصمد۔ اس آیت کی زکوۃ کا طریقہ کار بھی پہلی آیت کی طرح ہی ہے۔ حاضرات کے لیے عامل بچے کو قبلہ رو بٹھائے اور مریض کو معمول کے برابر بٹھائے جبکہ خود معمول کے بالمقابل بیٹھے۔ پہلے حصار ضرور کر لیں۔ درد پاک کے ساتھ عزیمت پڑھیں۔ اس سے قبل معمول کی آنکھیں بند کرائیں یا ناخن پر سیاہ روشنائی لگا کر یکسوئی قائم کرائیں۔ اس عمل میں موکلات ہمواکیل اور عبدالصمد حاضر ہوں گے۔ سابقہ طریقہ کے مطابق عمل کریں۔ یہ حاضرات ناخن پر، بند آنکھوں میں اور اس کے علاوہ نقش میں کی جا سکتی ہے۔ حاضرات کے لیے جو نقش تیار کیا جاتا ہے وہ یہ ہے۔

یا ہمواکیل　۷۸۶　یا ہمواکیل

۱۹۶	۱۹۰	۱۹۸
۱۹۷		۱۹۱
[illegible]	۱۹۹	۱۹۴

یاعبدالصمد　یاعبدالصمد

سورہ اخلاص کی تیسری آیت کی زکوۃ کا طریقہ بھی حسب سابق ہے۔ عزیمت اس آیت کی یہ ہے۔ **یا طاطائیل بحق لمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَد** یاعبدالرحمٰن حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔ اس کی حاضرات بھی سابقہ طریقوں سے کی جاتی ہے۔ نقش حاضرات یہ ہے جو کہ اس آیت کے موکلات کی حاضرات کے لیے زیر استعمال لایا جاتا ہے۔

۷۸۶

۲۳۷	۲۳۲	۲۴۰
۲۳۹		۲۳۴
۲۳۳	۲۴۱	۲۳۵

سورہ اخلاص کی چوتھی آیت **وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ**۔ اس آیہ مبارکہ کی زکوۃ کا طریقہ بھی پہلی، دوسری اور تیسری آیات کے طریقہ زکوۃ کے مطابق ہے۔ عزیمت یہ ہے۔ **یَا اَحْمَائِیل بَحَقِّ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یا عبدالرحیم** حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔ اس آیہ مبارکہ کا نقش حاضرات یہ ہے۔ اس نقش کے ذریعے سابقہ آیات مبارکہ کے طریقہ کار کے مطابق حاضرات کی جا سکتی ہے۔

یااحمائیل	۷۸۶	یااحمائیل
۱۳۷	۱۳۰	۱۳۵
۱۳۲		۱۳۶
۱۳۳	۱۳۸	۱۳۱

یاعبدالرحیم بحق ولم یکن لہ کفوا احد عبدالرحیم

سورہ اخلاص کی حاضرات بہت ہی خوبیوں کی مالک ہے۔ یہ اختیار میں نہیں کہ ان خوبیوں کا احاطہ کیا جاسکے۔ جو لوگ قدر دان ہیں اور علم رکھتے ہیں وہ فائدہ ضرور اٹھائیں گے۔ سورہ اخلاص کے عمل سے سخت سے سخت سحر و جادو کی کاٹ بھی ممکن ہے۔ جنات اور آسیب کو گرفتار کر کے بوتل میں بند کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ اس سورہ مبارکہ کے موکلات کو اپنی تسخیر میں لانا چاہتے ہیں تو اس کے لیے اکیس روزہ عمل کرنا پڑے گا۔

سب سے پہلے بازار سے نیا چراغ لائیں۔ اس کو آب زم زم اور پاکیزہ روئی سے باوضو ہوکر پاکیزہ جگہ پر دھویں۔ اور اک قدِ آدم منہ دیکھنے والا آئینہ اپنے سامنے رکھیں۔ اپنے اور آئینے کے درمیان میں چراغ جلائیں۔ چراغ میں ۲ تولہ مینڈک کی چربی ڈال دیں۔ نوچندے اتوار کو بعد از نماز عشاء عمل شروع کریں۔ جوں جوں عمل کامیاب ہوگا۔ آئینہ دھندلا ہوتا جائے گا۔ جب عمل کی مدت گیارہ یوم تک پہنچے گی تو آئینہ بالکل سیاہ ہوجائے گا۔ گیارہویں روز کے بعد سے سیاہی ختم ہونا شروع ہوجائے گی۔ اور اکیسویں روز آئینہ بالکل صاف ہوجائے گا اور ساتھ ہی حاضری ہوگی۔ حاضری کے وقت موکلات سے عہد و پیمان سوچ سمجھ کر کرنا ہوں گے۔ عمل ختم کرنے کے بعد گفتگو کریں۔ پرہیز اس میں بلحاظ عمر ہے۔ اگر آپ کی عمر کم ہے تو پرہیز جلالی و جمالی کریں۔ اگر اس سے زیادہ ہے تو شرعی پرہیز کریں۔ چراغ میں چربی کے ساتھ چنبیلی کا تیل بھی شامل کرلیں۔ پاکیزہ روئی کی بتی جلائیں۔ اگربتیاں بھی جلائیں۔ چلہ کے تمام قواعد وضوابط کو ملحوظ رکھیں۔ تین چلے انتہا ہے۔ عزیمت عمل یہ ہے۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم: عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یا عطرائیل بحق قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یا ھموا کیل بحق اَللّٰہُ الصَّمَدُ یا طاطائیل بحق لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یا اصحائیل بحق وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔** تعداد ۳۱۳ مرتبہ روزانہ معہ درود پاک اول و آخر ۱۰۱ مرتبہ۔

☆☆☆☆☆

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

راٹھور پبلشرز کے تحت شائع ہونی والی کتب

مستحصلہ قادر الکلام

☆بنیادی طور پر یہ کتاب خالد اسحاق راٹھور کے ذاتی استعمال کے مستحصلے کی تفصیلی تشریح پر مشتمل ہے۔اس مستحصلے کے نام پر ہی کتاب کو یہ نام دیا گیا ہے۔

☆اس کے علاوہ اس کتاب میں 150 اصطلاحات جفر کے علاوہ پانچ دیگر جفری مستحصلا جات بیان کیے گئے ہیں۔ ہر مستحصلہ اپنی جگہ لاجواب ہے۔

☆وہ لوگ جو مستحصلے کی تلاش میں سرگرداں ہیں ان کے لیے یہ کتاب راہنما ثابت ہوگی۔

قیمت 50 روپے علاوہ محصول ڈاک۔

10 سالہ جنتری

اس جنتری میں 2001 سے لے کر 2010 تک یومیہ حساب سے کواکب کی روزمرہ رفتار دی گئی ہے۔ ہر نجومی اور عامل کے پاس اس کا ہونا بہت ضروری ہے۔

اس میں قمری پوزیشن صبح پانچ بجے کے علاوہ اضافی طور پر شام پانچ بجے کی بھی دی گئی ہے۔اس کو ہندی حساب کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

قیمت 115 روپے علاوہ محصول ڈاک

السحر الاحمر

☆یہ کتاب عبدالفتاح السید الطوخی کی تحریر کردہ ہے۔اس کتاب کا ترجمہ خالد اسحٰق راٹھور کی زیرنگرانی کیا گیا ہے اور اب یہ عملیات کے شوقین دوستوں کے لیے اردو زبان میں دستیاب ہے۔

☆اس کتاب میں تسخیر، محبت، لوگوں کی آنکھوں سے مخفی ہونے، شادی کی رکاوٹ کے خاتمے، بندش کھولنے، دائمی محبت، مرضی سے شادی، کشف، حاجتوں کے پورا ہونے، دشمنی، طلاق، حفاظت، خوبصورتی اور مردانگی، مال مسروقہ کی برآمدگی، استخارے، انڈے کے اعمال، ظالم کی ہلاکت، لڑکی کی شادی، حکام کی تسخیر جیسے لاتعداد اعمال درج ہیں۔ یہ کتاب پہلی دفعہ اردو زبان میں پیش کی جارہی ہے۔

☆عربی عبارت پر اعراب لگا دیئے گئے ہیں تاکہ ہر فرد ان سے فائدہ اٹھا سکے۔

قیمت 50 روپے علاوہ محصول ڈاک۔

علم الحروف

☆حروف کے موضوع پر ایک جامع کتاب ہے۔ مختلف اقسام کی حروف کی تشریح کے علاوہ تمام حروف ابجد کے خواص کو عمومی طور پر بیان کرنے کے ساتھ ساتھ بعض حروف پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔

☆مختلف قسم کے نقوش کی چال ان کے بھرنے اور استعمال کا طریقہ اور علم النقوش سے متعلق دیگر امور کا بیان بھی ہے۔

☆اس کتاب کا ایک خاص پہلو اس میں حروف کی زکوۃ کے متفرق طریقے ہیں۔ جن سے ہر آدمی فیض اٹھا سکتا ہے۔

☆علم الحروف، شرف کواکب اور مختلف مسائل کے حوالے سے کتاب میں لاتعداد اعمال بیان کیے گئے ہیں۔ تسخیر اور بندش کے اعمال اس کا خاصہ ہیں۔ اس کے علاوہ نجوم کے حوالے سے حروف کے استعمال کا قاعدہ اور لوح تحفظ بھی شامل کتاب ہے۔

قیمت 100 روپے علاوہ محصول ڈاک۔

سحر العجیب فی جلب الحبیب

☆اس کتاب کے مصنف عبدالفتاح السید الطوخی ہیں۔ خالد اسحٰق راٹھور کی زیرنگرانی اس عربی کتاب کا ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ یہ کتاب قدیم ترین عملیات، طلسمات اور عجیب و غریب اعمال لیے ہوئے ہے۔ محبت، حب، تسخیر، بغض، جنات [illegible] لینے، دشمنی، صحت، ظالم کے قتل، غائب کے حاضر، چوری کے لیے گواہوں کو متوجہ کرنے، حمل ہونے، بندش جیسے کم و بیش دو سو کے قریب لاجواب اور ایسے اعمال جو اس سے قبل کسی فرد کی نظروں سے نہ گزرے ہوں گے اس کتاب کا حصہ ہیں۔

☆کتاب میں تمام عربی عبارت کو اعراب لگا دی گئی ہیں تاکہ پڑھنے میں آسانی رہے۔

قیمت 80 روپے علاوہ محصول ڈاک

راہنمائے تل شناسی

☆تلوں کے موضوع پر یہ سب سے پہلی اور واحد کتاب ہے۔ اس سے پہلے اس موضوع پر الگ سے کوئی کتاب شائع نہ ہوئی ہے۔

☆اس کتاب میں انسانی جسم کے تمام حصوں پر تلوں کے اثرات اور احکام کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

☆عورت یا مرد کے حوالے سے تلوں کے اثرات و احکام میں کیا فرق ہے؟ یہ امر اس کتاب کی اہم خاصیت ہے۔

قیمت 40 روپے علاوہ محصول ڈاک

بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر

☆ جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے یہ کتاب مختلف انعامی سکیموں میں کامیابی کے حصول کے لیے راہنمائی دینے کا باعث ہے۔

☆ اس کتاب میں بالکل آسان طریقے سے اعداد، نجوم، ساعات، جفر، استخارے، رمل اور فالنامے وغیرہ کے ذریعے انعام حاصل کرنے کے مختلف قواعد کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ ایک آسان فہم کتاب ہے عام قاری بھی اس کے قواعد کو باآسانی سمجھ سکتا ہے۔

قیمت 100 روپے علاوہ محصول ڈاک

روحانی مشورے

☆ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا مفید ثابت ہوگا۔

☆ اس کتاب میں انسانی زندگی سے متعلق قریباً ایک ہزار امور و مسا[illegible] بارے میں اسماء الحسنیٰ کے حوالے سے آسان اور مجرب اعمال کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ اعمال ایسے ہیں کہ علم عملیات کے بنیادی اصولوں سے نابلد فرد بھی ان [illegible] سکتا ہے۔ یہ کتاب درج ذیل حصوں پر [illegible]

1) روحانی مشورے و اعمال
2) برکات بسم اللہ
3) حروف کی روحانی و عملیات تفسیر و تاثیر
4) بخاری اور ترمذی سے رسول ﷺ کی دعائیں اور روحانی علاج
5) استخارے اور اسم اعظم جیسے امور بھی اس کتاب میں زیر بحث آئے ہیں

قیمت: 50 روپے علاوہ محصول ڈاک۔

الاقوال المرضیة

☆ "الاقوال المرضیة فی معرفة الاعمال الرملیة" علم رمل پر ایک لاجواب کتاب ہے جسے محمد الزناتی الفلکی نے تحریر کیا۔ راٹھور پبلشرز کے زیر اہتمام علم الرمل کے موضوع پر اس کتاب کا عربی سے اردو میں ترجمہ کروا کر شائع کیا گیا ہے۔ ایک طویل عرصے کے بعد شائقین رمل کے سامنے نئے امور آئے ہیں۔ ورنہ ان کو پرانی کتابوں سے نقل شدہ مضامین ہی پڑھنے کو ملتے تھے۔

قیمت 40 روپے علاوہ محصول ڈاک

راہنمائے علم نجوم

حصہ اول

نجوم کے موضوع پر خالد اسحٰق راٹھور کی مایہ ناز تصنیف نجوم کے شائقین کے لیے پیش کی جا رہی ہے۔ اس کتاب میں زائچہ بنانے سے لے کر زائچہ پڑھنے اور احکام بیان کرنے تک کے تمام امور کو مکمل تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ زائچے میں تمام کواکب کی نظرات کے احکام، ستاروں کے زائچے کے مختلف گھروں اور برجوں میں ہونے کے احکام، کواکب، زائچے اور بروج کے منسوبات، حاکم یا مالک خانہ کے زائچے کے مختلف گھروں میں اثرات، شرف، ہبوط، عروج وبال، ترفع، تنزل، اوج، حضیض کواکب کی عارضی اور مستقل دوستی دشمنی، زائچے کے مختلف گھروں پر بحث اور نجومی احکام اخذ کرنے کے اصول و قواعد۔ ادوار (دشا) نکلنے کا طریقہ اور احکام (حالات زندگی) بیان کرنے کے اصولوں سمیت لاتعداد نجومی امور کو اس کتاب میں زیر بحث لایا گیا ہے۔

قیمت 80 روپے علاوہ محصول ڈاک

[illegible]

☆ اگر یوں کہا جائے کہ انسانی حد تک یہ کتاب اعداد کے موضوع پر ایک جامع صحیفے کی شکل اختیار کر گئی ہے تو غلط نہ ہوگا۔ کتاب میں علم اعداد کے بنیادی امور پر بحث کرنے کے ساتھ ساتھ درج ذیل امور پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔

ہر عدد کی متفرق خصوصیات
سالانہ زائچہ
مدت العمر
مرکب اعداد کے احکام
سوالوں کے جواب معلوم کرنا بمعہ ذاتی قاعدہ
حالات زندگی
عددی ادوار برائے زندگی، ماہ اور دن
واقعات کے وقوع میں آنے کا وقت۔

☆ متفرق امور کے باب میں مختلف قواعد اور مختلف نمبروں کے استخراج پر بحث کی گئی ہے مثلاً مشترک نمبر، معاشی نمبر، آتشی نمبر، بادی نمبر، پیشے کا نمبر وغیرہ وغیرہ۔

قیمت: 50 روپے علاوہ محصول ڈاک

اسباق دست شناسی

☆ یہ کتاب 'پامسٹری' کے ہر طالب علم کی ضرورت ہے۔

☆ یوں تو دست شناسی کے موضوع پر لاتعداد چھوٹی بڑی کتب بازار میں دستیاب ہیں۔ تاہم اس کتاب کو تحریر کرتے ہوئے اس بات کو مدنظر رکھا گیا ہے کہ قارئین دست شناسی کی دقیق اور فنی بنیادوں کو سمجھ سکیں۔ اس کو اسباق کے طرز پر تحریر کیا گیا ہے۔ اس کتاب کی مدد سے ہر فرد علم دست شناسی کو با آسانی سمجھ سکتا ہے۔ تعین وقت کے حوالے سے اس کتاب میں خصوصی بحث کی گئی ہے۔

قیمت 60 روپے علاوہ محصول ڈاک۔

ساعات حقیقی

☆ ساعات کا ایک نیا طریقہ کار جو کہ خالد اسحاق راٹھور کی [illegible] اور تجربے کا [illegible] پہلے یہ طریقہ آپ کے علم میں نہ آیا ہوگا۔

☆ عام مروج طریق کی بجائے اس میں پہلے ساعتوں کو سات [illegible] اور پھر ہر ساعت کو مزید سات حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ کتاب میں [illegible] مشتمل جدول میں تمام دنیا کے لیے ساعتیں [illegible] کر دی گئی ہیں۔

☆ اس کتاب میں مندرجہ [illegible] طریقے [illegible] ساعت معلوم کرنے کے دس (10) مختلف طریقے بیان کیے گئے ہیں۔ مختلف ساعتوں میں پیدا ہونے والے بچوں [illegible] تفصیلی حالات سعد و نحس ساعتیں، عملیات، روزگار، امراض، جنس، سمت، رنگ، انعامی نمبر، منسوبات، اسم مولود، صدقہ، طلسم ساعات جیسے امور پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

☆ اس کے علاوہ تمام ساعات [illegible] کتاب کو چار چاند لگانے کا باعث ہے۔ اس سے آپ دنیا کے کسی بھی سوال کا درست جواب اعتماد سے دے سکتے ہیں۔

قیمت 90 روپے علاوہ محصول ڈاک

سحر بارنوخ

یہ بنیادی طور پر ہزاروں سال قبل گزرے ہوئے حکیم الحکماء فرید عصر حکیم برنوخ ساحر سوڈانی کی کتاب ہے جسے قلمی نسخے سے عربی کتاب کی شکل الطوخی فلکی نے دی اور راٹھور پبلشرز نے اس کتاب کو قارئین کے لیے اردو ترجمے کے ساتھ شائع کیا ہے۔

آج ہی طلب کریں۔ اس سے قبل ایسے عملیات آپ نے نہ دیکھے نہ پڑھے ہوں گے۔

قیمت 50 روپے علاوہ محصول ڈاک

خالد روحانی جنتری

خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔ اور یہ سال بھر کے لیے آپ کی تمام نجومی و عملیاتی ضرورتوں کو پورا کرے گی۔

مختلف موضوعات پر بہترین مضامین اس کو مقابلے کی تمام تقویموں اور جنتریوں سے ممتاز کر دیتے ہیں۔

قیمت 60 روپے علاوہ محصول ڈاک

طلسمات زہرہ

محبت کے متوالوں کے لیے ایک نایاب کتاب۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل۔ پہلا حصہ ان ابواب پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور نے محبت [illegible] اتفاق، تفریق، الفت وغیرہ جیسے امور پر تحریر کیے ہیں۔ جبکہ دوسرا حصہ محبت اور تسخیر کے موضوع پر ایک عربی کتاب کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ اپنے [illegible] اعتبار سے یہ کتاب محبت و تسخیر کے حوالے سے آپ کے ہر مسئلے کا حل لیے ہوئے ہے۔

قیمت 60 روپے علاوہ محصول ڈاک

راہنمائے عملیات

☆ شائقین عملیات کی راہنمائی کے لیے یہ کتاب تحریر کی گئی ہے۔ اب اس کو ترمیم، اضافے اور اصلاح کے ساتھ دوبارہ شائع کیا گیا ہے۔ زیادہ کیا لکھوں بس یہ جان لیں یہ کتاب بڑے پیار، محبت اور توجہ سے تحریر کی ہے۔ بالیقین آپ کو بھی یہی اثر اس میں ملے گا۔

☆ عملیات کا معاوضہ لینا چاہیے یا نہیں، عامل کی تربیت، قواعد عملیات، ساعات و نجوم، منازل قمر، نظرات و عملیات، اسم اعظم، علم نقوش و اقسام نقوش، موکل، اجازت، زکوٰۃ، پرہیز، اسماء الحسنیٰ سے مسائل کا حل، قرآنی سورتوں سے مسائل کا حل، طب نبوی، استخارہ، فطری طریقہ علاج، ہومیوپیتھی سے علاج جیسے ابواب اس کتاب کی جان ہیں۔

قیمت 80 روپے علاوہ محصول ڈاک۔

کرشمہ اعداد
غالب ومغلوب معلوم کرنے کا طریقہ

از: شہزادہ منظور علی سمون ٹنڈو محمد خان۔

قارئین خالدروحانی جنتری اسلام علیکم: جنتری کے لیے کرشمہ اعداد کے عنوان سے مضمون حاضر خدمت ہے۔ انشاء اللہ یہ مضمون قارئین کو پسند آئے گا۔ علم الاعداد کے ذریعے غالب ومغلوب معلوم کرنے کا بہترین فالنامہ ہے۔ اس فالنامہ سے دنیا کا کوئی بھی مشکل سوال ہو اُس کا جواب نکال سکتے ہیں۔ کرشمہ اعداد کی [illegible] روزانہ کے معمول میں سے ہے۔ کبھی بھی خطا نہیں ہوا ہے۔ سو فی صد درست جواب [illegible] انشاء اللہ مجھے امید ہے آپ سب اس فالنامہ سے فیضیاب ہوں گے اور دوسروں کے مسائل میں بھی خوشی کا باعث بنیں گے [illegible] طرف سے تمام راہنمائے عملیات و خالدروحانی جنتری کے پڑھنے والوں کو تحفہ ہے۔ انشاء اللہ یہ چیز ساری زندگی [illegible] علم الاعداد کو دنیا والوں نے بہت مانا ہے۔ اور بہت وسیع ہے۔ علم الاعداد کا دارومدار ۱۰ اہندسوں سے ہے۔ یعنی ۰ سے لے کر ۹ تک۔ [illegible] کا عدد کام میں آتا ہے۔ کیونکہ علم اعداد بہت بڑا سمندر ہے۔ کچھ ترکیبات ایسی ہیں جس میں ۰ کا عدد کام میں آتا ہے۔ اور کچھ ترکیبیں ایسی ہیں جس میں ۰ کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ جیسے مندرجہ ذیل کرشمہ اعداد کی ترکیب میں ۰ کام میں نہیں آئے گا۔ آپ اگر غور سے کام لیں گے تو سب کچھ سمجھ میں آجائے گا۔ زائچہ استخراج کرنے میں مندرجہ ذیل سات لوازمات [illegible] (۱) [illegible] (۲) ہفتے کے دنوں کا نقشہ (۳) نقشہ غالب ومغلوب (۴) نام سائل مع والدہ کا مفرد عدد (۵) تاریخ ماہ سال کا مفرد عدد (۶) دن کا مفرد عدد (۷) وقت سوال کا مفرد عدد۔

خانہ	منسوبات
-1	سائل کے نفس۔ ذاتی حالات وغیرہ
-2	دولت۔ مال۔ ملکیت
-3	ملکی سفر۔ نزدیکی رشتہ دار۔
-4	زمین۔ جائیداد۔
-5	محبوب۔ محبت۔ اولاد۔ عقل
-6	بیماری۔ سحر جادو۔ گمشدہ
-7	نکاح وشادی
-8	اچانکی حادثات۔ موت
-9	غیر ملکی سفر۔ یا زیارت حج

ہفتے کے سات دنوں کا نقشہ

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
یک شنبہ	دوشنبہ	سہ شنبہ	چارشنبہ	پنج شنبہ	جمعہ	ہفتہ
۹	۷	۵	۳	۷	۱	۶

نقشہ غالب ومغلوب

اعداد غالب				خانہ	اعداد مغلوب			
۲	۴	۶	۸	۱	۳	۵	۷	۹
۳	۵	۷	۹	۲	۴	۶	۸	۱
۴	۶	۸	۱	۳	۵	۷	۹	۲
۵	۷	۹	۲	۴	۶	۸	۱	۳
۶	۸	۱	۳	۵	۷	۹	۲	۴
۷	۹	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱	۳	۵
۸	۱	۳	۵	۷	۹	۲	۴	۶
۹	۲	[illegible]	۶	۸	۱	۳	۵	۷
۱	۳	۵	۷	۹	۲	۴	۶	۸

نوٹ: زائچہ استخراج کرنے کے بعد اتفاق سے اگر دونوں طرف برابر اعداد بچیں تو اُن میں سے غالب کون ہوگا اور مغلوب کون ہوگا؟

اعداد مفردین طالب-غالب	اعداد زوجین مطلوب-غالب
۱-۱	۲-۲
۳-۳	۴-۴
۵-۵	۶-۶
۷-۷	۸-۸
۹-۹	

اگر دونوں طرف عدد مفردین بچے تو طالب غالب ہوگا۔ اگر دونوں طرف عدد زوجین بچے تو مطلوب غالب ہوگا۔ اب علم الاعداد کا زائچہ استخراج کرنے کے لئے ایک مثال سے واضح کرتا ہوں تا کہ آپ کو زائچہ بنانے میں کوئی تکلیف نہ ہو۔

وضاحت: (۱) پہلے سائل کا نام مع والدہ کے حروف جدا جدا تحریر کریں۔ اُس کے نیچے ابجد کا عدد مفرد لکھتے جائیں۔ اب سب حرفوں کے ابجد کا شمار کر کے مفرد عدد بنالیں۔ (۲) دوسرے نمبر پر لائن میں تاریخ، ماہ، سال عیسوی جدا جدا لکھ کر جمع کر کے مفرد عدد بنالیں یہ لائیں مطلوب کے شمار میں آئے گی۔ (۳) سات دنوں کے نقشے سے اپنے سوال کا دن یعنی اُس کا مفرد عدد لکھیں۔ یہ عدد بھی مطلوب میں شمار ہوگا۔ (۴) وقت سوال کا جمع کر کے مفرد عدد بنالیں یہ عدد بھی مطلوب میں شمار ہوگا۔ اب ہمیں ۴ عدد مفرد ملے ہیں

اس سے زائچہ استخراج ہوگا۔

مثال: سائل ریاض علی بن جنت نے ۱۵اپریل ۲۰۰۳ بروز منگل ۹ بجکر ۴۵ منٹ صبح سوال کیا کہ میری شادی ۲۰۰۳ء میں ہو جائے گی؟

(۱) د=۲' ی=۱' ا=۱' ض=۸' ع=۷' ل=۳' ی=۱' ج=۳' ن=۵' ت=۴ جمع کیا تو ۳۵ ہوا۔ اب پھر ۳۵ کو آپس میں جمع کیا ۳+۵=۸ یہ عدد طالب ہوا۔

(۲) سوال کی تاریخ ماہ و سال ۱۵اپریل ۲۰۰۳=۵+۱+۴++۳+۰+۰ +۲ کُل ۱۵ ہو اب پھر ۱۵ کو جمع کر مفراد بنایا ۵+۱=۶ عدد مطلوب ہوا۔

(۳) دن منگل مفرد ۵ عدد مطلوب ہوا۔ (۴) وقت سوال ۹ بجکر ۴۵ منٹ صبح۔ ۰+۵+۴=جمع ۱۸ ہوئے۔ اب پھر ۱۸ کو آپس میں جمع کر مفرد بنایا ۸+۱=۹ عدد مطلوب چاروں مفرد اعداد یہ ملے ۸ ۶ ۵ ۹۔

زائچہ:

علم

۸ ۶ ۵ ۹ | ۸ ۶ ۵ ۹

۸ ۲ | ۸ ۲

۱۰ | ۱۰

۱

۸ | ۲

طالب مطلوب

۱+۱=۲ مطلوب۔ ۸ طالب ۹۵۶ مطلوب۔ جمع ۲۸۔ طالب کے ۸ نکال دیئے باقی ۲۰ بچے یہ شمار مطلوب ہے۔ ۲۰ کا مفرد ۲ ہوا۔ یہ ۲ مطلوب ہوئے۔ استخراج ہونے کے بعد معلوم ہوا کہ سائل کا عدد ۸ ہے۔ اور مطلوب یا مطلب کا عدد ۲ نکلا۔ اب نقشہ نمبر ۳ غالب و مغلوب کے خانہ نمبر ۷ میں دیکھا۔ کیونکہ خانہ نمبر ۷ شادی و نکاح سے منسوب ہے۔ اب خانہ ۷ میں دیکھنے سے معلوم ہوا کہ عدد ۸ غالب ہے جو کہ سائل کا ہے۔ اور عدد ۲ مغلوب ہے۔ عدد ۲ مطلب یا مطلوب ہے۔

زائچہ سے واضح ہو گیا کہ عدد ۸ غالب ہے اس لئے سال ۲۰۰۳ء میں سائل ریاض علی بن جنت کی شادی ہو جائے گی۔

اگر عدد ۲ غالب ہوتا تو سائل کی شادی ۲۰۰۳ء میں نہیں ہو سکتی۔

نوٹ: اگر طالب و مطلوب دونوں کے مفرد عدد غالب میں ہوں تو جو عدد قیمت میں زیادہ ہوگا وہ غالب ہوگا۔ اگر دونوں کے مفرد عدد مغلوب ہوں تو وہ کام نہیں ہوگا۔ (واللہ اعلم بالصواب)۔

☆☆☆☆☆

زیر نظر مضمون عربی کی ایک قدیم کتاب کے کچھ اوراق کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ یہ مضمون اپنے اندر ایسے اعمال لیے ہوئے ہے جو آپ کو صرف سال 2003 میں ہی بلکہ تمام عمر کام دیں گے۔ یہ اعمال سادہ اور اثر انگیز ہیں۔ قارئین خالد روحانی جنتری اور ماہنامہ راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کو ان اعمال کو تجربے میں لانے کی دعوت ہے۔ دعا گو۔ ایڈیٹر خالد اسحاق راٹھور۔

نقشِ مربع

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اور اُس کی بنیاد تیس ہے اور اُس میں آفات، تکلیف اور نقصان کے مٹانے نفرت والے والوں کے درمیان الفت پیدا کرنے، بندشوں کے کھول دینے، تکلیفوں کے کھول دینے، عزت قبول مرتبہ امراء وہ کام کے پاس بات کے نفاذ کی حفاظت کے لیے کثیر خواص ہیں اور ان کے علاوہ بھی اور لکھنے کا وقت جمعرات کے دن پہلی یا آٹھویں ساعت ہو۔

اور اچھی بات یہ ہے کہ اُس وقت قمر اپنے شرف میں ہو۔ اور جس نے اُسے ٹین (قلعی) کی لوح پر لکھا اور اُس کا وزن چار درہم ہو اور جس نے اُس پر پانچ قلاقل (سورتیں) پڑھیں اور وہ ہیں سورۃ الجن، سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص اور موذتین چونتیس مرتبہ اور اُسے مرگی والے آدمی پر معلق کیا تو وہ ٹھیک ہو جائے گا۔ اور اگر اُسے بچے پر معلق کیا جائے تو وہ ہدایت پائے اور اُس سے تکلیف اور نقصان زائل ہو جائیں گے۔ اور اگر اُسے مجنون پر لٹکایا جائے تو وہ شفا پائے۔ اور اُس کے لیے اس کے علاوہ وہ فوائد ہیں جن کو شمار نہیں کیا جا سکتا۔ یہ تم پر لازم ہے۔ پس بے شک اُس میں عظیم راز ہے۔ اور جس نے اُسے تانبے کی لوح پر منقش کیا اور قمر برج قوس میں ہو اور صندل کے ساتھ لوبان کا اطلاق کرے اور اُس پر سورت یٰسین پوری کا ایک دفعہ ذکر کرے۔ پس جس نے اُس اٹھایا تو اُس سے لوگ محبت کی شدت سے صبر نہیں کر سکیں گے۔ اور جب وہ اُسے اپنی جیب میں رکھے تو اُس کا رزق کثیر ہو گا اور اُس کا مرتبہ بڑا ہو گا۔ اور وہ لوگوں کے شر سے امن میں ہو گا۔ اور اگر وہ اُسے مال میں رکھے تو وہ زیادہ ہو جائے گا یا تجارت میں تو وہ نفع والی ہو گی۔ یا فصلوں کے درمیان میں رکھے گا تو اُس کے ثمرات زیادہ ہونگے یا گھر میں رکھے گا تو اس میں کثیر خیر ہو گی۔ اور جہاں تک مخمس ہے تو اُس کے بنانے کا طریقہ اس طرح ہے۔

مخمس

اور اُس کی بنیاد ساٹھ ہے۔ اور اُس میں فہم و ذکاء کے زیادہ ہوئے بلاء کے دفع کرنے' بچوں کے اخلاق کو اچھا کرنے' اور اُن سے تکلیف کا مٹانا' مقاصد کے پہنچنے' خواہشوں کے حاصل ہوتے' حاجتوں کے پورے ہوتے' محبت' قبول' عطف' تالیف گاہکوں کے حاصل کرنے اور احکام کی زبانوں کے بند ہونے وغیرہ کے کثیر خواص ہیں۔ اور دشمنوں ومخالفوں پر قہر کرنے اور اُن پر نصر کے لیے۔ وہ ہرن کی کھال یا ریشم پر پاک سرخ مشک و زعفران کے ساتھ لکھے اور مصطگی' عود اور مائع میعہ کے ساتھ لوبان کا اطلاق کرے اور اُس پر سورت فاتحہ شریفہ پانچ دفعہ پڑھے اور اللہ تعالی کا نام دیان ۶۵ مرتبہ پڑھے۔ پس جس نے اُسے اٹھایا تو وہ سب کچھ حاصل کرلے گا جس کا تو نے ذکر کیا اور اچھائیوں و برکات میں سے دگنی دگنی حاصل کرے گا۔ اور

٩	٢١	١٣	٥	١٧
٣	٢٠	٧	٢٤	١١
٢٢	١٤	١	١٨	١٠
١٦	٨	٢٥	١٢	٤
١٥	٢	١٩	٦	٢٣

جس نے اُسے شیشے کے برتن میں لکھا اور شمس برج حمل یا چاند برج سرطان میں ہو اور اُس پر اسم مذکور ۶۵ دفعہ پڑھا اور اُسے پلایا جسے اُس نے چاہا تو بے شک وہ اُس کی محبت سے ایک ساعت صبر نہیں کرے گا۔ اور جس نے اُسے مریخ کی ساعت میں دن میں سرخ ٹھیکری پر لکھا اور اُس پر لبان اور مقل ازرق کے ساتھ لوبان کا اطلاق کیا۔ اور اُس پر سورت مائدہ ایک دفعہ پڑھی اور اُسے اُس مکان میں دفن کیا جس میں وہ اکٹھے ہوتے ہیں۔ پس بے شک وہ آپس میں غضب ناک ہو کر الگ الگ ہو جائیں گے اور جس نے اسی طرح اُسے خچر کے ناخن پر لکھا اور اُسے ظالم کے [illegible] رکھا وہ تباہ ہو جائے گا۔ اور اگر اُسے اُس کی تجارت (کی جگہ) پر ڈالے تو کساد بازاری ہو جائے اور اگر اُسے اُن کے جمع ہونے کی جگہ پر رکھے تو وہ آپ میں جھگڑا کریں اور جو اُسے منگل کے روز مریخ کی ساعت میں لوہے کی لوح پر منقش کرے اور اُس پر لبان ذکر اور مقل ازرق کے ساتھ لوبان کا اطلاق کرے اور اُسے سرخ کپڑے میں باندھے اور اُس کے بازو پر مضبوطی سے باندھے اور جبار بادشاہ یا ظالم حاکم اور سخت دشمن کے پاس داخل ہو تو وہ اُس کے لیے مطیع ہو جائیں گے اور وہ اُس کے شر سے مامون ہو جائے گا۔ اور جہاں تک مسدس کا تعلق ہے تو اُس کے بنانے کی صورت اس طرح ہے۔

٣٦	٣٠	٢٤	١٣	٧	١
٢٥	١٩	٣	٣٥	١٧	١٢
٦	١٠	١٤	٢١	٢٨	٣٢
٢٠	٢	٢٩	١١	٣١	١٨
١٥	٢٤	٨	١٧	٥ [illegible]	٢٢
٩	١٦	٣٣	٤	٢٣	٢٦

مسدس

اور اُس کی بنیاد ۱۰۵ ہے اور اُس کے خواص کثیر ہیں اور حاجتوں کے پورے ہونے' برکت کے زیادہ ہونے' وقت مال' عز' جاہ' فصاحت' محبت اور قبول میں اُس کے منافع اتنے ہیں کہ گنے نہ جاسکیں۔ اور جس نے نصف مثقال سونا لیا اور اُس کی لوح بنائے اور شمس کے شرف میں اُس پر یہ وفق نقش کرے اور زعفران' مشک اور کافور کے ساتھ لوبان کا اطلاق کرے اور اُس پر اللہ تعالی کے نام کافی کا ۶۶۶ مرتبہ ذکر کرے اور اُسے اپنے ساتھ اٹھائے وہ سب کچھ حاصل کرے جس کا ہم نے ذکر کیا۔ اور جس نے اُسے اتوار کے دن اول ساعت میں ہرن کی کھال یا زرد کاغذ پر

٢٣	٤٢	٥	١٧	٢٩	٤٨	١١
٦	١٨	٣٠	٤٩	١٢	٢٤	٣٦
٣١	٤٣	١٣	٢٥	٣٧	٧	١٩
١٤	٢٦	٣٨	١	٢٠	٣٢	٤٤
٣٩	٢	٢١	٣٣	٤٥	٨	٢٧
١٥	٣٤	٤٦	٩	٢٨	٤٠	٣
٤٧	١٠	٢٢	٤١	٤	١٦	٣٥

مشک‘ زعفران اور گلاب کے عرق کے ساتھ اُسے لکھا اور اُس پر اللہ تعالیٰ کے نام کریم کا ہزار دفعہ ذکر کیا اور اُسے اپنے ساتھ اٹھایا وہ قوت اور غلبہ حاصل کرے گا۔ اور لوگ اُس کی پیروی کریں گے اور اُس کے اقوال اور افعال میں پیروی کریں گے۔ اور جہاں تک مسبع کا تعلق ہے تو اُس کے بنانے کی صورت اس طرح ہے۔

مسبع

اور اُس کی بنیاد ۱۶۸ ہے اور حفاظت‘ ذکاء علوم کے حاصل کرنے‘ رفعت استقامت‘ عزت‘ مرتبہ‘ قبول اور خواہش کی ہوئی چیزوں کے حاصل کرنے کے لیے اُس کے منافع کثیر ہیں۔ اور جو اُسے پیتل کی لوح پر نقش کرے اور قمر برج سرطان اور عطارد سنبلہ میں ہو اور عود کے ساتھ لوبان کا اطلاق کرے اور اللہ تعالیٰ کے ناموں‘ ہادی‘ علیم اور قوی کا ۱۲۲۵ دفعہ ذکر کرے اور اُسے بچے پر معلق کرے تو اہل زمانہ سے حفاظت میں ہوگا اور ایسا ہو جائے گا کہ اُسکی قوت حفظ سے کوئی چیز نہیں بھولے گی۔ اور اگر وہ اُسے کسی حامل پر معلق کرے تو وہ ذاتی طور پر ہر برائی سے مامون ہوگا اور اُسکی اولاد عظیم نجابت کو پائے گی۔ اور اگر اُسے برتن میں رکھے اور اُس میں پانی بھی رکھے اور اُسے ایسی عورت کو پلائے جو غیر لوگوں کے پاس کثرت سے جاتی ہے تو وہ ہدایت پا جائے اور اُس کے اخلاق اچھے ہو جائیں اور اُس کا شر زائل ہو جائے گا۔ اور اگر اُسے اُس شخص کے اوپر معلق کیا جائے جو اپنی بیوی سے بغض رکھتا ہے اور اُس سے مجامعت کرے تو اُسے اپنی بیوی سے بہت زیادہ محبت ہو جائے گی اور وہ اُس کی طرف اپنے جمیع جوارح (جسم کے اعضاء) کے ساتھ آگے بڑھے گی۔

اور جو اُسے پاک تیل میں رکھے اور وہ تیل اپنے جسم پر لگائے تو عورتوں و مردوں میں جس کا ارادہ کرے وہ اس کے آگے آئیں گے وہ اُسے تحفے دیں گے اور جو بھی حاجتیں ہونگے وہ پوری کریں گے۔

اور جہاں تک مثمن (آٹھ خانوں یا گھروں والا) کا تعلق ہے تو اُسے بنانے کی صورت اس طرح ہے۔

مثمن

اور اُس کی بنیاد ۲۵۲ ہے اور انسان کے لیے عارض ہونے والے تمام امراض اور چوپاؤں کے ازالے کے لیے بہت منافع ہیں۔ اور جس نے اُسے شیشے کے برتن میں زعفران گلاب کے عرق اور مشک کے ساتھ لکھا اور اُسے پاک صاف پانی یا گلاب کے عرق کے ساتھ مٹایا اور اُسے پلایا جسے بخار ہے تو وہ اُس سے زائل ہو جائے گا۔ اور اگر اُس کا تیل اُسکے جسم پر لگائے تو وہ ٹھیک ہو جائے گا اور اگر گندے اخلاق والا آدمی اُسے پیئے تو اُس کے اخلاق ٹھیک ہو جائیں گے۔ اور اُس کی حماقت زائل ہو جائے گی۔ اور اگر اُس ایسی اونٹنی کو پلائے جو بھاگ جاتی ہے تو اُسے ہدایت آ جائے گی اور اطمینان یافتہ ہو جائے گی۔ اور جس نے اُسے کاغذ میں لکھا اور اُس کے ارد گرد اللہ تعالیٰ کا نام حمید ۶۴ مرتبہ لکھا اور اُس عورت کے نشان کے کپڑے میں لف کیا جس نے دس خاوند کئے پھر اُسے پاک صندوق میں رکھے تو وہ عورت اچھے حال والی ہو جائے گی اور اپنے خاوند کی مخالفت نہیں کرے گی۔ اور رہن سہن کو اچھا بنائے گی۔ اور جس نے اُسے لکھا اور اُس کے ارد گرد اللہ تعالیٰ کا نام حی ۱۸ مرتبہ لکھا اور اُسے اپنے دل کے سامنے اٹھا تو اُس کا دل ایمان اور معرفت کے نور کے ساتھ زندہ ہو جائے گا۔

٨	٥٨	٥٩	٥	٤	٦٢	٦٣	١
٤٩	١٥	١٧	٥٢	٥٣	١١	١٠	٥٦
٤١	٢٣	٢٢	٤٤	٤٥	١٩	١٨	٤٨
٣٢	٣٤	٣٥	٢٩	٢٨	٣٨	٣٩	٢٥
٤٠	٢٦	٢٧	٣٧	٣٦	٣٠	٣١	٣٣
١٧	٤٧	٤٦	٢٠	٢١	٤٣	٤٢	٢٤
٩	٥٥	٥٤	١٢	١٣	٥١	٥٠	١٦
٦٤	٢	٣	٦١	٦٠	٦	٧	٥٧

اور اللہ تعالیٰ کے اولیاء میں سے ہو جائے گا۔ اور جو اُسے لکھے اور اُس کے ارد گرد اللہ تعالیٰ کے اسماء حکم حکیم حلیم حنان حسیب حمید حق حفیظ حی ۳۱ مرتبہ لکھے اور اُس پر اُن کا ہزار مرتبہ ذکر کرے اور وہ اسے اٹھائے تو وہ ہر دیکھنے والے کے لیے مقبول ہو جائے گا۔ اُس کی بات مانی جائے گی۔ جہاں بھی جائے محبوب ہوگا اور ہر شخص اُس کی حاجت پوری کر دے گا اور جو اُسے لوہے کی لوح پر نقش کرے اور اُسے اُس مکان میں معلق کرے جس سے بھاگنے والا نکل گیا ہے تو وہ جلدی سے لوٹ آئے گا اور صرف راستے کی مسافت جتنی دیر کرے گا۔ اور اگر اُسے دانوں کے خزائن (گندم کے یا کسی جنس کے دانے) میں رکھے تو چوروں اور آفات سے امن میں رھیں گے۔ اور جو اُسے بدھ کے روز اول ساعت میں لکھے اور مشک وعنبر کے ساتھ لوبان کا اطلاق کرے اور اُسے اُٹھائے تو اُس کی طاقت زیادہ ہو جائے گی اور جب بھی چلے گا تو نہیں تھکے گا اور نہ اکتائے گا۔ اور اگر اُسے اُس پہلو پر رکھے جس میں درد اور چبھن ہوگی تو اُسی وقت زائل ہو جائیں گے۔ اور اگر اُسے مریض کے سر پر رکھے جسے سر درد ہے تو اُس سے زائل ہو جائے گا۔

اور جہاں تک متسع (نو گھروں یا خانوں والا) کا تعلق ہے تو اُس کے بنانے کی صورت اس طرح ہے۔

متسع

اور اُس کی بنیاد ۳۶۰ ہے اور محبت، قبول، عز وجاہ کی زیادتی، دشمنوں پر مدد، حاجتوں کے پورے ہونے اور لڑنے والوں کے درمیان صلح، نفسانی وجسمانی امراض کے زائل ہونے، جانوروں کو سدھانے اور دشمنوں کے اخضاع (انکساری) کے لیے بہت منافع ہیں۔ اور جس نے اُسے چاندی کی لوح پر نقش کیا جب کہ زحل درجہ ... معلّی، جادوی اور عنبر کے ساتھ لوبان کا اطلاق کرے اور اُس پر سورت انعام ۹ دفعہ پڑھے اور اُسے اٹھائے وہ وہ کچھ حاصل کرے گا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اور جو اُس کے سامنے آئے گا اُسے تحفہ دے گا۔ اُس کی عزت کرے گا اور اُس کی حاجت پوری کر دے گا۔ اور اگر سمندر میں طغیانی آ جائے تو اس کے اثر سے سکون ہو جائے گا۔ اور اگر اُسے تجارت کی جگہ لٹکائے تو ہر طرف سے گاہک بھاگے آئیں گے۔ اور اگر اُسے ایسی لڑکی کی اوپر لٹکائے جس کی شادی نہ ہو رہی ہو تو ہر طرف سے اُس کے لیے رشتے آئیں گے اور اس کے لیے عزت قبول اور جمال ہو جائے گا اور جو بھی اُسے دیکھے گا اُس سے محبت کرے گا۔ اور جو اس بات کا ارادہ کرے کہ ہر کوئی اُس سے محبت کرے اور تمام لوگوں کے عقلوں کا جلب کرے اور اُسے کے لیے اُن کے عوامل مسخر کر دے تو اُسے چاہیے کہ وہ اُسے آنے والے طریقے کے ساتھ سوموار

٣٧	٧٨	٢٩	٧٠	٢١	٦٢	١٣	٥٤	٥
٦	٣٨	٧٩	٣٠	٧١	٢٢	٦٣	١٤	٤٦
٤٧	٧	٣٩	٨٠	٣١	٧٢	٢٣	٥٥	١٥
١٦	٤٨	[illegible]	[illegible]	٨١	٣٢	[illegible]	٢٤	[illegible]
٥٧	١٧	٤٩	٩	٤١	٧٣	٣٣	٦٥	٢٥
٢٦	٥٨	١٨	٥٠	١	٤٢	٧٤	٣٤	٦٦
٦٧	٢٧	٥٩	١٠	٥١	٢	٤٣	٧٥	٣٥
٤٦	٦٨	١٩	٦٠	١١	٥٢	٣	٤٤	٧٦
٧٧	٢٨	٦٩	٢٠	٦١	١٢	٥٣	٤	٤٥

کے دن کی پہلے قمر کی ساعت میں لکھے۔ اور قمر زائد النور ہو یا کسی دن قمر کی ساعات میں سے ساعت میں ہو مگر یہ کہ بے شک پہلی مذکورہ زیادہ اچھی ہے اور اچھے لوبان کے ساتھ اطلاق کرے پھر اُسے طالب کو دے وہ اُسے اٹھائے اور اس کے بعد فاعل اپنا ہاتھ طالب کے سر پر رکھے اور وفق کے ادر گرد اسماء اور دائرے کی آیات ۴۱ مرتبہ پڑھے اور کہے کہ اے عقلوں کی روحانیت اُن کو اس کی طرف کھینچ لے جاؤ۔ ابو القاسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں جب یہ پوری ہو جائے تو مراد پوری ہو جائے گی۔ اور وہ مقصود کو پہنچ جائے گا۔ اور بعض مولفین نے ذکر کیا ہے کہ بے شک امام کبیر اور عارف مئبور معروف بابق حاجب نے بعض قبائل کے رؤسائے کے لیے اُسے لکھ۔ پس جس نے اُسے اٹھایا تو وہ غلو درجہ میں بڑھ گیا اور اپنے ہمسایوں پر فائق ہوگا۔ یہاں تک کہ اکثر بلاد

کا مالک بن گیا اور اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ ہارون الرشید اپنی سیاہ لونڈی کے پاس تھا جسے عزت، مرتبہ قبول میں سے بہت بڑا حصہ ملا تھا۔ جب وہ مری اور غسل دینے والی عورت اُسے غسل دینے کے لیے آئی تاکہ وہ اُسے غسل دے تو اُس نے اُس کے سر میں تمیمہ (نقش) پایا وہ اُس نے لے لیا اور اُس نے اُسے اُٹھایا تو وہ بہت رونق اور فائق جمال وری ہوگئی۔ جو اُسے دیکھتا تھا اُس سے محبت کرتا تھا۔ اور وہ سفید بالوں والی بوڑھی عورت تھی۔ تو اُس کے لیے زیادہ رشتے آئے اور بڑے لوگوں میں سے ایک نے اُس

ودودعطوف حنات برروف حليم فلمارا اينه اكبرنه

وقطعن ايديهن وقلن حاش لله ما هذا بشرا ان

هذا الا ملك كريم

١١	١٨	١٣	٧٤	٨١	٧٦	٢٩	٣٦	٣١
١٦	١٤	١٢	٧٩	٧٧	٧٥	٣٤	٣٢	٣٠
١٥	١٥	١٧	٧٨	٧٣	٨٥	٣٣	٢٨	٣٥
٥٦	٦٣	٥٨	٣٨	٤١	٣٩	٢٥	٢٣	٢١
٦١	٥٩	٥٧	٤٣	٤١	٣٩	٢٥	٢٣	٢١
٦٥	٥٥	[illegible]	[illegible]	٣٧	[illegible]	[illegible]	١٩	٢٦
٤٧	٥٤	[illegible]	٢	٩	٤	٦٥	٧٢	٦٧
٥٢	٥٠	٤٨	٧	٥	٣	٧٠	٦٨	٦٦
٥١	٤٦	٥٣	٦	١	٨	٦٩	٦٤	٧١

عظیم قدوس مالک نور نافع باطا

حسبی الله ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم منهم مودة والله قدیر والله غفور رحیم

یحبونهم کحب الله والذین امنوا اشد حبا لله

حکیم علیم واسع روف عظیم سریع

کے ساتھ شادی کرلی [illegible] تو اُنہوں نے [illegible] اس مبارک وفق کو پایا۔ اور اُنہوں نے اس کا نام حرز الغاسلہ (نہانے والی کی حرز) رکھا۔ اور اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ ایک بالغ نوجوان اس تمیمہ مبارکہ کو طلب کیا جب اُسے حاصل کیا اور اُسے اٹھایا تو اُس نے وافر حصہ اور بہت عزت حاصل کرلی یہاں تک کہ وہ ملک کے اُن لوگوں میں سے ہوگیا جن کی بات مانی جاتی ہے اور اُنہیں احور کے بارے میں بتایا تھا۔ اور جس نے اُسے اٹھایا وہ کسی کا محتاج نہ ہوا اور یہ اُس کی صفت ہے جیسے تم دیکھتے ہو۔ اور جس نے اُسے اس طریقے کے ساتھ کاغذ میں لکھا اور جو کچھ اُس کے اردگرد اسماء، آیات، املاک اور رؤس میں سے ہے اُن کو نہ لکھا۔ اور پھر اُسے اپنے سرہانے تکیے نیچے رکھا اور اُس نے سورت ضحیٰ، سورت القدر اور سورت زلزلہ سات سات دفعہ پڑھیں پھر کہا اے اس مبارک وفق کے خادم تقوائیل توکل کرو اور مجھے اپنی نیند میں فلاں فلاں کے بارے میں خبر دے۔ اللہ تعالیٰ تمہارے معاملے میں اور تم پر مبارک کرے پھر اس سرہانے پر سو جائے پس وہ دیکھے گا وہ جو طلب کرے گا اور اُس کا حال منکشف ہو جائے گا تو تم اُس کی قدر پہچانو۔ اللہ تعالیٰ مجھے اور تمہیں خیر اور نیکی میں ہدایت دے۔

اور جہاں تک معشر (دس خانوں یا گھروں والا) کا تعلق ہے تو اُس کے بنانے کی صورت اس طرح ہے۔

معشر

اس کی بنیاد ۴۸۵ ہے اور اُس کے خواص میں سے ہے کہ جب اُسے زہرہ کے شرف میں ٹھیکری پر اُس کے نام پر لکھے جسے تو چاہتا ہے اور تم نے اُسے آگ میں ڈالا۔ بے شک محبت کی شدت سے اُسے بڑی تہیج (تڑپ۔ اکسانا۔ بھڑکانا) ہوگی۔ اور

اُس میں سے یہ ہے کہ بے شک وہ زہروں کے دفع کرنے کے لیے نفع دیتا ہے اور یہ اس طرح کہ وہ مشتری کے اپنے شرف میں دخول کے وقت نقش کرے اور قمر تثلیث یا تسدیس سے اُس کی طرف دیکھنے والا ہو معدنیات میں سے کسی چیز کی لوح پر اس شرط کے ساتھ کہ نقش واضح ہو پھر اُس کے ساتھ روٹی میں سے دس قرصوں پر نقش کرے اور زہر زدہ شخص کو کھلائے ایک کے بعد دوسرا قرص پس بے شک وہ ٹھیک ہو جائے گا۔ اور اُس میں سے حاجتوں کا پورا ہونا' خواہشوں کا حاصل ہونا نقصان دینے والی چیزوں سے امن' صدور کا کھل جانا ہے۔ تکلیفوں کا دور کرنا ہے اور ہر خیر وشر سے جس کی وہ خواہش کرتا ہے تم چھ معدنیات کی بنی ہوئی لوح لو۔ سونا' چاندی' سیاہ سیسہ' تانبا' لوھا اور قلعی اس شرط کے ساتھ کہ اوزان برابر ہوں اور یہ کہ اُس کا سانچہ اور شمس دلو برج میں ہو پھر تم اُسے برج حوت میں سطر کرو (لائن ڈالو) اور تم اُسے دس بروج میں منقش کرو بعد اس کے کہ خانوں کا ہر دسواں برج ہو اس شرط کے ساتھ کہ ہر برج کا رب مسعود غیر راجع اور نحوستوں سے سلامتی والا ہو۔ پس جب اُس کا عمل پورا ہو جائے تو اُسے اپنے پاس محفوظ کرو۔ بے شک وہ بڑا خزانہ ہے۔ اور اس قدر میں کفایت ہے۔ اور اللہ ٹھیک بات کے لیے توفیق دینے والا ہے اور اُس کی طرف لوٹ جانا ہے۔

١	٢	٩٨	٩٧	٩٦	٥	٩٤	٩٣	٩	١٠
٩٥	١٢	١٣	٨٧	٨٦	٨١	٨٤	١٨	١٩	١١
٨٠	٧٩	٢٣	٢٤	٧٦	٧٥	٢٧	٢٨	٢٢	٧١
٧٥	٦٩	٦٨	٣٤	٣٥	٣٦	٣٧	٣٣	٦٢	٦١
٤١	٥٩	٥٨	٥٧	٤٥	٤٦	٤٤	٥٣	٥٢	٥٠
٥١	٤٢	٤٨	٤٧	٥٥	٥٦	٥٤	٤٣	٤٩	٦٠
٣١	٣٩	٣٨	٦٤	٦٥	٦٦	٦٧	٦٣	٣٢	٤٠
٣٠	٢٩	٧٣	٧٤	٢٥	٧٦	٧٧	٧٨	٧٢	٢٠
٢٠	٨٢	٨٣	١٤	١٦	١٥	١٧	٨٨	٨٩	٨١
٩١	٩٢	٣	٧	٦	٩٥	٤	٨	٩٩	١٠٠

☆☆☆☆☆

حمد وثناء اللہ جل شانہٗ کے لیے خاص ہے جو رب العلمین ہے۔ اور بے شمار درود وسلام ہو جناب رسالتماب' حبیب کبریا' احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل اطہار اور آپ کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین پر۔

قرآن مجید کی ایک بڑی ہی عظیم الشان آیت ہے جس کا نام "آیت الکرسی" ہے جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی ایک مرتبہ پڑھتا ہے اس کے اور جنت کے درمیان صرف موت حائل ہے۔

حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوالمنذر سے دو مرتبہ پوچھا کہ اللہ کی کتاب میں سے کونسی عظیم ترین آیت تم کو یاد ہے؟ انہوں نے جواب میں آیت الکرسی کا نام لیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سینہ پر اپنا ہاتھ رکھ کر فرمایا کہ اے ابوالمنذر تم کو علم قرآن مبارک ہو۔ گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہو کر ان کو مبارک باد پیش کی۔

فی الواقع آیت الکرسی ہر لحاظ سے قرآن پاک کی بہت ہی بابرکت آیت ہے۔ آیت الکرسی پڑھنے والے پر شیطان غلبہ نہیں پا سکتا۔ حضرت ایفع بن عبدالکلاعیؒ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا تھا۔ یارسول اللہ معانی ومطالب وثواب کے لحاظ سے قرآن شریف کی کونسی سورت عظیم ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "قل ھو اللہ احد" اس نے عرض کی یارسول اللہ اس طرح اور کونسی آیت اعظم ہے۔ آپ نے فرمایا آیت الکرسی۔

ذیل میں قرآن مجید کی اس عظیم الشان آیت کا وظیفہ پیش خدمت ہے آپ کا کوئی بھی مسئلہ خواہ بیروزگاری' ترقی کاروبار' صحت' تعلیم' تنگی رزق' ادائیگی قرض' ترقی ملازمت' سحر' حصول اولاد' نظر بد' پریشانی' مقدمہ' بچوں یا بچیوں کی شادی کے متعلق یا ان کے علاوہ ہوں' انشاء اللہ العزیز آپ کا ہر ایک مسئلہ اللہ رب العزت کے اس پاک اور لافانی کلام کی برکت سے یقیناً حل ہو جائے گا' وظیفہ کا مکمل طریقہ وترکیب درج ذیل ہے۔

ہر مشکل کے حل کے لیے عظیم ترین آیت الکرسی کا وظیفہ

نوچندی جمعۃ المبارک سے بعد نماز عصر گیارہ مرتبہ نماز والا درود شریف پڑھیں۔ بعد تعوذ وتسمیہ آیت الکرسی تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ کر اللہ رب العزت سے اپنے مقصد کے حصول کی دعا نہایت عاجزی وانکساری سے مانگیں' آخر میں دوبارہ مذکورہ درود شریف پڑھیں۔ وظیفہ تین جمعۃ المبارک تک جاری رکھیں' جگہ اور وقت کی پابندی کے ساتھ ساتھ رزق حلال کھائیں اور سچ بولیں' مقصد جائز ہونا چاہئے۔ باقی دنوں میں بالعموم اور دوران وظیفہ بالخصوص پنجگانہ نماز کی پابندی اور گناہوں سے پرہیز ضروری ہے۔ اس پر عمل کرنے سے پہلے مذکورہ وظیفہ کے کلمات کسی عالم دین کو سنا کر تلفظ خوب درست کر لیں تا کہ غلطی نہ ہو۔ (واللہ اعلم بالصواب)۔

از: حاجی ندیم چشتی، حاصل پور۔

محترم قارئین اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاۃ۔ کسی بھی شخص کو بیمار کرنا مقصود ہو تو یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالی سو فی صد نتائج برآمد ہوں گے۔ یہ عمل اُس شخص کے لئے کریں جو آپ کو بلاوجہ تنگ کر رہا ہو اور اپنی حرکتوں سے باز نہ آتا ہو۔ لیکن یہ بات ذہن میں رکھیں کہ کسی کو ناجائز تنگ مت کریں۔ ورنہ خود ذمہ دار ہوں گے۔ عمل اس طرح ہے کہ جس شخص کو بیمار کرنا مقصود ہو اُس کا نام مع والدہ کے قمری اعداد سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر ۱۰ کے قمری اعداد لیں جو کہ ۳۴۹۲ ہیں جمع کریں اور مثلث پُر کریں۔ تین نقش بنائیں۔ ایک نقش کو پُرانی قبر میں دوسرے کو نہر یا دریا کے کنارے دفن کریں تیسرے کو کسی بھاری چیز کے نیچے دبا دیں۔ یہ عمل مثال دے کر سمجھائے دیتا ہوں۔

مثلاً مطلوب عمران کے اعداد: ۳۶۱۔ آیت کے اعداد: ۳۴۹۲۔ میزان ہوا ۳۸۵۳۔ اب ان اعداد سے قانون کے ۱۲ عدد نفی کریں تو ۳۸۴۱ اعداد باقی بچے۔ اب ان اعداد کو ۳ پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو مثلث کے خانہ اول میں رکھ کر مثلث پُر کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو خانہ نمبر سات میں ایک عدد بڑھا دیں اور اگر باقی دو بچے تو خانہ نمبر پانچ میں ایک عدد بڑھا دیں۔

میزان: ۳۸۵۳-۳۱=۳۸۴۱

۳۸۴۱ تقسیم ۳: حاصل قسمت ۱۲۸۰---باقی قسمت ۱۔

چال

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

نقش

۱۲۸۳	۱۲۸۹	۱۲۸۱
۱۲۸۲	۱۲۸۴	۱۲۸۷
۱۲۸۸	۱۲۸۰	۱۲۸۵

نقش کے اوپر اجھزط تحریر کریں

☆☆☆☆☆

تحریر: پروفیسر حکیم اشفاق چوہان' گوجرانوالہ۔

روایت ہے کہ جب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نازل ہوئی تو اس کے نازل ہونے سے عرش ہلا۔ ملائکہ برزخ نے یہ کہا کہ جس نے اس کو پڑھا وہ دوزخ میں داخل نہ ہوگا۔ بسم اللہ کے انیس حروف ہیں۔ اور ملائکہ محافظین دوزخ بھی انیس ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو عافیت میں رکھے۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا جب بسم اللہ نازل ہوئی تو ابر مشرق کی طرف بھاگا اور ہوا ٹھہر گئی اور سمندر چڑھ آیا۔ اور جانور گردن جھکا کر خاموش ہو گئے اور شیطانوں کو آسمان سے شہاب مارے گئے تھے۔ اور اللہ تعالیٰ نے قسم کھائی تھی کہ جب میرا نام کسی بیمار پر دم کیا جائے گا تو شفاء ہوگی اور جس چیز پر بسم اللہ پڑھی جائے گی اس میں برکت ہوگی۔ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ جس کو منظور ہو کہ وہ دوزخ سے نجات حاصل کرے وہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بکثرت پڑھے۔ کیونکہ اس کے انیس حروف ہیں ہر حرف کے مقابلے میں ایک فرشتہ سے نجات حاصل ہوگی۔ جو کوئی سومرتبہ بسم اللہ لکھ کر اپنے پاس رکھے لوگوں کے دلوں میں اُس کا رعب ہو۔ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے جس شخص کو کوئی حاجت ہو اس کو چاہیے کہ بدھ' جمعرات' جمعہ کا روزہ رکھے پھر جمعہ کو غسل کر کے جامع مسجد جائے اور کچھ صدقہ مساکین کو تقسیم کرے پھر صلوۃ جمعہ کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ آخر آیت تک پھر یہ آیت پڑھے۔ اَلَّذِیْ عَنَتْ لَہُ الْوُجُوْہُ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَ وَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَسْئَالُکَ اَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمِ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ وَاَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔ اس جگہ اپنی حاجت کا نام لے ابن عباسؓ فرماتے ہیں یہ دعا تم جاہلوں کو نہ سکھانا اور نہ وہ ایک دوسرے پر بددعا کریں گے جو قبول ہوگی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اسم اعظم میں اتنا فرق ہے جتنا آنکھ کی سفیدی اور سیاہی میں نیز فرمایا کہ آدمی کی شیطان سے حفاظت بسم اللہ ہی کرتی ہے۔

بسم اللہ ایک سال میں امیر ہونے کا عمل: طلوع شمس کے وقت آفتاب کے سامنے ہو کر تین سومرتبہ بسم اللہ اور تین سومرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ اُس کو بے گمان رزق عطا کریں گے۔ اور ایک سال کے اندر امیر کبیر ہو جائے گا۔

محبت کے واسطے: محبت کے لیے جس کسی کو سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں وہ دوست بن جائے گا۔

ذہن کی تیزی کے لیے: اور اگر اسی پانی کو گند ذہن نہار منہ پیئے تو ذہن اس کا بہت تیز ہو جائے گا جو بات سنے یاد رہے گی۔

برائے بارش: اگر بارش کی نیت سے اکسٹھ مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ بارش نازل ہو۔

تنگ حالی کے لیے: اگر تنگ حال شخص اس کو ایک سو اکیس مرتبہ علیحدہ علیحدہ حروف میں ہرن کی جھلی پر لکھے قلم کے ساتھ

مشک وزعفران کے ساتھ اور قسط معیہ کی کو دھونی دے کر پاس رکھیں اللہ تعالیٰ رزق کشادہ کر دے گا۔ ب س م ال ل ہ ال رح م ن ا ل رح ی م۔

قرض سے نجات: اگر قرض دار اس کو اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس کا قرض ادا ہونے کا بندوست فرمائیں گے۔

مرض سے شفاء: اگر کوئی اس کو شیشے کے گلاس میں لکھ کر آب زم زم سے دھو کر پیئے تو مرض سے شفاء ہو گی۔

بچہ کی پیدائش کی سہولت: اگر عورت دردزہ میں مبتلا ہو اس کو پلائیں فوراً بچہ پیدا ہو جائے گا۔ اور اگر ایک کاغذ پر ۳۵ مرتبہ لکھ کر گھر میں لٹکائیں تو شیطان کا گزر نہ ہو اور خوب برکت ہو۔

اولاد کی زندگی: جس کی اولاد زندہ نہ بچتی ہو وہ اس کو اکسٹھ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے اولاد اُس کی زندہ رہے گی (مجرب ہے)۔

زھر کا تریاق: بسم اللہ لکھ کر انگوٹھی کے نگ کے نیچے رکھ لیں اور پھر اُس انگوٹھی کو دودھ میں دھو کر زہریلے جانور کے کاٹے کو پلائیں تو سب زہر دور ہو جائے گا۔

برائے حاجت: اگر کوئی شخص اس کے حروف کو اس طرح لکھے۔ م ی ح ال ر۔ اور جس شخص سے حاجت ہو اس کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے پھر اُس کے پاس جائے حاجت پوری ہو گی۔

بھاگے ہوئے کے لیے عمل: اگر کوئی گھر سے بھاگ جائے تو اُسے واپس بُلانا ہو تو ال رح م ن کو سات مرتبہ معہ نام بھاگے ہوئے کے لکھ کر اپنے گھر میں دفن کریں۔ اور اگر ایک پتھر پر رکھ دیں بھاگا ہوا لوٹ آئے گا۔

لقوے کا علاج: اگر پیر کے روز طلوع آفتاب کے وقت اس طرح م ی رح نئے آئینے پر لکھ کر اکثر دیکھتا رہے تو لقوے سے آرام آ جائے گا۔

قوت باہ کے لیے: اگر چاندی کی انگوٹھی جس کا وزن ساڑھے تین ماشہ ہو اس پر اس طرح لکھ کر ال رح ی م پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ قوت باہ عطا کرے گا۔

بسم اللہ کے حروف اور اُن کے خواص

اس میں کل انیس حروف ہیں ان میں سے [illegible] غیر مکرر ہیں یعنی "بسم الل ہ ال رح من ال رح ی م" ان میں میم نے تین بار تکرار کی ہے اور لام نے چار بار اور راء نے دو بار اور مکرر یہ نو حروف ہیں۔ ال رح م۔ حروف غیر مکررہ میں سے ایک حرف با ہے جو خیر پہنچانے کے لیے ہے۔ مزاج اس کا سرد ہے۔ اسی لیے اس حرف سے ابتداء کی گئی ہے دراصل حرف با حروف باقیہ میں سے ہے۔ کیونکہ اس نے ابتداء کی ہے اس لیے یہ قیامت تک باقی رہیں گے۔ اور یہ حرف جوہری ہے۔

حرف "ب" والے اسماء الٰھی کے خواص: حرف "ب" جن اسماء کے اول میں ہے وہ ہر ایک خشک بیماری اور سخت کلام کے لیے مفید ہیں۔ جیسے بَارِیُ بَاقِیُ اور بَاعِثُ وغیرہ اور یہ سب خواص بسم اللہ کے ہیں۔

حرف سین: جب اللہ تعالیٰ نے حرف سین کو عالم امر سے پیدا فرمایا تو نو ہزار آٹھ سو اسی (۹۸۸۰) فرشتے نازل ہوئے ظاہر اسم اعظم کا یہ پہلا حرف ہے۔ اسم اعظم کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن۔ اس کے ظاہر سے آسمان و زمین قائم ہیں اور باطن میں علویات کرسی و عرش وغیرہ قائم ہیں۔ اسی واسطے سین لفظ سمٰوات کے اول واقع ہے اور اسی میں کرسی کا مرتبہ ہے اور چونکہ حرف با کا تعلق قدرت سے ہے اور وہ پوشیدہ چیزوں کو پوشیدہ کرنے والی ہے۔ کیونکہ حرف با کا مطلب یہ ہے کہ تجھ سے ہر طرف تیرے۔ پھر تو کہتا ہے ہو بہو یعنی وہ وہ اور وہ کہتا ہے مجھ سے ہی ہے۔ میرے ہی ساتھ ہے۔

حرف میم اور سرور عالم ﷺ کے اسم گرامی کے اسرار: اللہ تعالیٰ نے حرف میم کو پیدا کیا تو ایک نور روشن پیدا کیا جو حروف عقل میں سے بھی ہے۔ بسبب اپنے احاطے کے اور اسی سے چوتھے آسمان میں سورج مدد لیتا ہے۔ اسی کی

برکت سے اللہ تعالیٰ نے ملک وملکوت قائم کیا اور کل عالم کا اظہار بھی اسی میم کے ساتھ ہے اس میم کی برکت سے اعمال کی مدد ہوتی ہے۔بسم کا مرتبہ عظیم ہے اس میم میں اشد یعنی کمال کو پہنچنا ہے۔جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ **حَتّٰی اِذَا بَلَغَ اَشُدَّہٗ وَ بَلَغَ اَربَعِینَ سَنَۃً۔** جب وہ اپنے کمال چالیس برس میں ہوتی ہے۔میم کے اعداد چالیس ہیں۔اللہ تعالیٰ نے اس حرف کے ساتھ نوے فرشتے فرشتگان روح میں سے موکل کئے ہیں اور یہی وہ راز ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک ''محمدؐ'' کے اول میں رکھے ہیں۔اس میں راز ملک مضمر ہے اس لیے ملک اور ملکوت دونوں اس میں مجتمع ہیں۔جو شخص شکل میم کو روزانہ چالیس بار دیکھے اور یہ آیت پڑھے۔ **اَللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ** آخر تک تو اللہ تعالیٰ اس سے خیر و برکت اسے دے گا۔اور وسیع رزق ملے گا۔

(شکل میم کا دائرہ)

قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب
قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم
قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم
قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر
قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر
قاہر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار
قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر
قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی
قدوس	قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم
قریب	قیوم	قائم	قدیر	قادر	قہار	قاہر	قوی	قدیم	قدوس

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔آمین۔

خط لکھنے والے

دوست اس بات کا خیال رکھیں کہ خط کے ایک کونے پر نمایاں طور پر خط کا مقصد تحریر کریں۔یعنی سالانہ خریداری، فنی مسائل، مشورہ، عملیاتی مدد، شعبہ اشتہارات، شعبہ مضامین وغیرہ۔
آپ کا خط فوراً متعلقہ شعبے میں پہنچے گا اور بلا تاخیر آپ کو جواب مل سکے گا۔ایک خط میں ایک سوال تحریر کریں۔زیادہ ہونے کی صورت میں ایک کے سوا باقی کا جواب دینا ممکن نہ ہوگا۔جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو ضرور ارسال کریں۔

راٹھور پبلشرز کے تحت شائع ہونے والی کتب

راہنمائے عملیات (ماہانہ)	ہر ماہ روحانیات' نجوم' عملیات' جفر' پامسٹری' اعداد' تقویم' رمل' ساعات اور ایسے ہی لاتعداد موضوعات پر لاجواب مضامین۔	20روپے
خالد روحانی جنتری	نظرات کواکب' شرف' ہبوط' گرہن' طلوع وغروب' مقسوی نمبر' روزانہ کوکبی پوزیشن' تحویل آفتاب' ہجری عیسوی' بکرمی تاریخیں' استخراج طالع اور لاتعداد مضامین۔	80روپے
مستحصلہ قادر الکلام	ذاتی مستحصلے کی تشریح اور ساتھ ہی چند دوسرے جفری قواعد اور اصطلاحات جفر کا خصوصی بیان۔	50روپے
علم الحروف	تجربہ شدہ اور نئے اعمال چونکا دینے والے کرشمے' علم الحروف پر ایک عام فہم کتاب نئے اور تجربہ شدہ اعمال کے ساتھ۔	100روپے
روحانی مشورے (ترمیم شدہ)	روزمرہ مسائل کے حل کے آسان اور آزمودہ روحانی وعملیاتی مشورے اب ہر نقش ہمراہ چال۔ ہر گھر کی ضرورت۔	50روپے
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)	اعداد پر اس سے بہتر اور جامع کتاب آپ کی نظروں سے نہ گزری ہوگی۔ اب ترمیم شدہ ایڈیشن نئی معلومات کے ساتھ۔	50روپے
ساعات حقیقی	سات کواکب' سات ساعتیں۔ ایک نیا اور مصنف کا ذاتی قاعدہ ہمراہ تمام دنیا کیلیے استخراج کردہ ساعتوں کے جدول کے۔	90روپے
بانڈ' ریس اور لاٹری کے نمبر	ہر فرد کے لیے اعداد' نجوم' جفر' رمل' ساعت' فالنامے اور استخارے کے ذریعے انعامی نمبر معلوم کرنے کے طریقے۔	100روپے
اسباق دست شناسی	ہر فرد اس کتاب کے ذریعے دست شناسی سیکھ سکتا ہے۔ رموز فن سے آشنا ہونے کے لیے نایاب کتاب۔	60روپے
10 سالہ جنتری	ہر نجومی اور عامل کی ضرورت [illegible] 2001 تا 2010 تک۔ زیانہ سسٹم کے لیے بھی استعمال ہو سکتی ہے۔	115روپے
راہنمائے تل شناسی	تلوں کے موضوع پر شائع ہونے والی پہلی اور واحد کتاب۔ اس موضوع سے دلچسپی رکھنے والے ہر فرد کی ضرورت۔	40روپے
راہنمائے عملیات	عملیات کے اصول' قواعد نقوش اور لاتعداد مقاصد کے لیے اسماء الحسنٰی اور قرآنی سورتوں کے خواص۔	80روپے
السحر العجیب فی جلب الحبیب	عبدالفتاح طوخی کی تسخیر اور سحر کے سربستہ رازوں کی کتاب کا اُردو ترجمہ ایک نیا دریافت شدہ خزانہ۔	80روپے
السحر الاحمر	عبدالفتاح طوخی کی عملیات [illegible]	50روپے
الاقوال مرضیہ فی معرفتہ الاعمال الرملیہ	محمد الزناتی الفلکی کی رمل پر عربی کتاب کا اردو ترجمہ' ایک لاجواب کتاب۔	40روپے
سحر بارنوخ	ہزار ہا سال پرانے سوڈانی عملیات پر مشتمل کتاب حکیم بارنوخ ساحر سوڈانی کی تحریر جو بعد از ترجمہ پیش قارئین ہے۔	50روپے
راہنمائے علم نجوم	علم نجوم کے موضوع پر ایک مکمل اور جامع کتاب جو نجوم کے راز آپ پر آشکار کرے گی۔ ہر ماہر فن کی ضرورت (حصہ اول)	80روپے
طلسمات زہرہ	صرف عشق ومحبت کے متوالوں کے لیے...... خاص اعمال	60روپے
پرانے پرچے	مکمل سیٹ راہنمائے عملیات 1998	225روپے
راہنمائے عملیات	مکمل سیٹ راہنمائے عملیات 1999	300روپے
	مکمل سیٹ راہنمائے عملیات 2000	300روپے
	مکمل سیٹ راہنمائے عملیات 2001	300روپے

نوٹ...... بذریعہ ڈاک کتب منگوانے والے کتب کی کل قیمت کے ہمراہ 20 روپے ڈاک خرچ بھی ارسال کریں۔ VP ارسال نہیں کی جاتی۔ رقم منی آڈر کریں

رابطہ: خالد اسحاق راٹھور' مکان نمبر 2' گلی نمبر 11' نزد جامعہ نعیمیہ' محمد نگر' گڑھی شاہو لاہور

از: مترجم حافظ ایم فرخ۔

ایک سنجیدہ دست شناس کے لیے بڑے فخر اور احساس ذمہ داری کی بات ہے کہ وہ ہاتھ کی ساخت اور نشانیوں سے انسان کے پیشے کے متعلق بیان کرے۔ مگر اس کے لیے ضروری ہے کہ دست شناس ان باتوں میں توازن رکھے۔

1- ہمدرد طبیعت 2- رحمدلی 3- اعلیٰ درجے کی درستگی 4- تفصیل

اگرچہ ہمارا بنیادی کام یہ ہے کہ ہم سائل کے ذاتی کردار، پروفیشن اور طرز زندگی کے بارے میں عمومی اور خصوصی تجزیہ کریں مگر اس کے ساتھ لازمی ہے کہ ہم سائل کی زندگی کو اپنے مشوروں سے محدود کرنے کی کوشش نہ کریں۔ ہمیں سائل کی زندگی کی دشواریوں اور آسانیوں کی نشاندہی کرنی چاہیے۔ خاص طور پر اس کے معاشی مستقبل سے متعلق اس کی زندگی کو درپیش مشکلات اور ان مشکلات کو حل کرنے کی اس کی خصوصی قابلیت کے بارے میں بتائیں۔ خصوصی توجہ ہمیں نوجوانوں کی راہنمائی پر کرنی چاہیے۔ عام طور پر ہم اس بات کے اصولی طور پر خلاف ہیں کہ نوجوانوں کو کسی خاص پروفیشن کے متعلق خاص ہدایت دینی چاہیے۔ بچوں کے ہاتھ خاص طور پر تبدیلی کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ بڑوں کی طرف سے کسی قسم کی زور زبردستی چاہے وہ تھوڑی سی بھی کیوں نہ ہو بچے کی شخصیت اور معاشی مستقبل پر بڑے دوررس منفی اثرات مرتب کرسکتی ہے۔ ہاں اگر بچہ کسی خاص شعبے کے متعلق خصوصی دلچسپی ظاہر کرے تو پھر ایسی کوئی وجہ نہیں کہ وہ اپنے والدین کی خصوصی شاباش اور حمایت حاصل نہ کرے۔ بیشتر کیسوں میں ہم نے یہ محسوس کیا ہے کہ پیشے کے متعلق خصوصی راہنمائی کا بہترین وقت پندرہ سے اٹھارہ سال کی عمر ہے۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے کہ جب ایک نوجوان اپنے مستقبل کے بارے میں سنجیدگی کے ساتھ سوچنا شروع کر دیتا ہے۔ جب ہم نوجوانوں کے ہاتھ کا مشاہدہ کرتے ہیں تو ہمیں فوری طور پر خصوصی بات کی طرف توجہ نہیں دینی چاہیے بلکہ اس بات کی کوشش کرنی چاہیے کہ ہم اس کی ذاتی پسند اور رجحان کے بارے میں عمومی رائے دیں کہ:-

> زیر نظر مضمون علم دست شناسی کی ایک تحقیقی کتاب "Your Career in Your Hands" کے ایک باب کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ باقی کتاب کا ترجمہ ہر ماہ "راہنمائے عملیات" میں شائع کیا جائے گا۔

1- کیا سائل تنہائی پسند ہے یا محفل پسند؟

2- کیا سائل اجتماعی طور پر کام کرنا پسند کرتا ہے یا انفرادی کوششوں پر یقین رکھتا ہے؟

3- کیا سائل کا ہاتھ اس بات کا اظہار کرتا ہے کہ وہ جسمانی محنت اور کام یا ذہنی محنت اور کام کو پسند کرتا ہے؟

اوپر کی تمام باتوں کا اندازہ ہم ہاتھ کی ساخت' اس کی لچک' انگوٹھے کی شکل' اہم جلدی نشانیوں اور انگلیوں کی ترتیب سے کر سکتے ہیں۔ ان تمام باتوں کا مطالعہ اور جائزہ ہمیں سائل کی شخصیت اور طرز زندگی کے بارے میں اچھی طرح آگاہ کر سکتا ہے۔

ان چیزوں کا عمومی جائزہ ہمیں اس قابل بناتا ہے کہ ہم ہاتھ کے خصوصی اور اہم مطالعے کی طرف اپنے قدم بڑھائیں۔

تحریری تجزیے کا سب سے خصوصی حصہ وہ ہوتا ہے جب سائل اس کو پڑھ کر سوالات کرنے کا موقع حاصل کرتا ہے۔ اس طرح وہ اپنے تجزیے کے بارے میں فعال کردار ادا کرتا ہے۔ سائل کے اس کردار سے اس کے بہت سے مسائل اور ان کے حل کا پتہ لگ جاتا ہے۔

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ہم اپنے مسائل کے حل کے بارے میں بہت گہرائی تک جانتے ہیں مگر یہ چاہتے ہیں کہ کوئی دوسرا ہمیں ان مسائل کے حل کے بارے میں بتائے۔ اور ایک دست شناس سائل کی اس سلسلے میں کافی زیادہ مدد کر سکتا ہے۔

بعض کیسوں میں ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ ہاتھ میں قسمت کی لکیر زندگی کی لکیر سے جڑی ہوتی ہے۔ یہ اس بات

کی نشاندہی کر رہی ہوتی ہے کہ بچے کے والدین اس کے کیرئیر کی سمت متعین کرنے میں کافی سختی سے اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ تصور حقیقی بھی ہو سکتا ہے اور خیالی بھی۔ جب ہم سائل کا یہ فقرہ سنتے ہیں "کہ دوسرے میرے بارے میں کیا سوچتے ہیں" اوپر بتائی گئی لکیروں کے ملاپ کے علاوہ زندگی اور دماغ کی لکیروں کا ابتداء میں ملاپ بھی دیکھنے کو ملتا ہے۔ بعض دفعہ قسمت کی لکیر ہمیں اپنے مقررہ مقام سے کچھ آگے جا کر اپنی ابتداء کرتی نظر آتی ہے جو اس بات کی غماز ہے کہ سائل کے مقدر کا ستارہ نوجوانی کے اواخر میں چمکے گا۔ اس بات کا ذکر سائل سے بہت ضروری ہے۔ ہاتھوں کی لکیریں بدلتی ہیں اور ان رجحانات کے بارے میں سائل کی مدد کر سکتی ہیں جو کہ نظر آ رہے ہوتے ہیں۔ ان رجحانات کو سامنے رکھ کر ہی سائل اپنی ضرورتوں اور چاہتوں کے مطابق اپنے کیرئیر کا انتخاب کرتا ہے نہ کہ وہ جو معاشرہ اس سے تقاضا کرتا ہے۔

اکثر اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ہمیں ایسے ہاتھوں کا مطالعہ کرنے کو ملتا ہے جو کسی مخصوص کیرئیر کے بارے میں کچھ نشاندہی نہیں کر رہے ہوتے ہیں۔ اس سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ سائل کے ذہن میں اپنے مستقبل کے بارے میں کوئی خاص سوچ نہیں ہے۔ ایسے سائلوں کو آپ اس کے مزاج اور قابلیت کو سامنے رکھتے ہوئے ایک سے زائد کیرئیر کے بارے میں آگاہ کریں۔ مناسب تو یہ ہے کہ سائل جو کام بھی کر رہا ہو آپ اسے اس کام پر جتے رہنے کا ہی کہیں تا کہ وہ ایک کیرئیر سے دوسرے کیرئیر پر چھلانگ نہ مارے۔

ایسے بہت سے مواقع بھی آتے ہیں جب آپ کو ایسے لوگوں کے ہاتھ دیکھنے کا کہا جاتا ہے جو کہ نوجوانی کے ماہ و سال گزار رہے ہوتے ہیں اور جنہوں نے زندگی میں کسی کام کو ہاتھ بھی نہیں لگایا ہوتا۔ اکثر ایسے لوگ ہمیں گلیوں میں پھرتے، چھوٹے موٹے جرائم میں ملوث نظر آتے ہیں۔ ان کی زندگی ہم ہی لوگوں کی امداد پر ہی گزرتی نظر آتی ہے۔ ایسے تمام کیسز میں ہاتھ کا مطالعہ اکثر ہمیں ان تمام نفسیاتی الجھنوں سے آگاہ کرتا ہے جو ان تمام باتوں کی باعث ہوتی ہیں۔

حالانکہ ایک دست شناس کا کام سائل کا علاج کرنا نہیں مگر سائل کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں حاصل کردہ معلومات کا اس سے تبادلہ خیال کرنا سائل کے لیے بہت سود مند ثابت ہو سکتا ہے۔ اس طریقے سے ہم ایسے تمام لوگوں کو ان کی منجمد زندگی سے باہر نکال سکتے ہیں اور انہیں چھوٹے چھوٹے کام جو کہ قانونی ہوں کرنے کی طرف مائل کر سکتے ہیں۔ اس سے وہ لوگ اپنی آنے والی زندگی کے لیے مختلف قسم کے تجربات حاصل کر سکتے ہیں۔

ماضی میں انسان [illegible] زندگی [illegible] ایک ہی نوعیت کا کام [illegible] سمجھا جاتا تھا مگر آج کے دور میں ایک اور ایک سے زائد کاموں کو اچھا سمجھا جاتا ہے۔ ہماری مثال لیں تو ہم بہت توازن کے ساتھ ایک مصنف (مختلف اقسام کے مضامین پر دسترس کے ساتھ) ایک استاد اور ایک پیشہ ور دست شناس کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں۔ جیسے جیسے انسان اپنے ذاتی شوق کو بڑھاتا اور پھیلاتا جاتا ہے۔ ویسے ویسے اس کے کیرئیر کے اندر نئی راہیں نکلتی ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ یہ نئی راہیں انسانی زندگی کا حصہ بنتی جاتی ہیں۔

سب سے آخر میں ہمیں یہ بات ضرور اپنے ذہن میں رکھنی چاہیے وہ یہ ہے کہ کیرئیر (روزگار) کا مطلب مختلف لوگوں کے لیے مختلف ہوتا ہے۔ کچھ لوگوں کے لیے ان کا پیشہ ہی ان کی زندگی کا جنون ہوتا ہے اور وہ ان کی تمام تر ذہانت، طاقت کا مرکز ہوتا ہے۔

بعض لوگوں کے لیے روزگار محض ذریعہ آمدن یا ان کے بعض مشاغل اور شوق پورا کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ ہم ایک سے زائد ایسے کاروباری حضرات سے واقف ہیں جن کا کاروبار ان کے سفر کے شوق کو پورا کرتا ہے۔ مصوری، تصنیف و تالیف سیاسی سرگرمیوں میں شمولیت ان چند روزگاروں میں سے ہیں جو کہ انسان کے اندر کے شوق کی ترجمانی کرتے ہیں مگر یہ ان روزگاروں کے سامنے دب سے جاتے ہیں جو کہ پیسہ کمانے کے بہترین ذرائع ہیں۔

درمیانی عمر کے سائل جب دست شناس کے سامنے آتے ہیں تو اس کے لیے بڑی دلچسپی کا سامان بنتے ہیں۔ اس عمر

کے بہت سے لوگوں کے ایسے مسائل نظر آتے ہیں جو کہ واضح طور پر اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ خرابی کہیں اس کے کام کرنے کے انداز میں ہے۔ اس مسئلے کا حل صرف اتنا ہے کہ اس کے کام کرنے کے طرز کار میں تھوڑی سی تبدیلی کر دی جائے وگرنہ یہ مسائل کیریئر کو بہت بڑا دھچکا پہنچانے کا باعث بن سکتے ہیں اور انسان کو اپنے مقصد سے بہت دور لے جا سکتے ہیں۔

بہت سارے ہاتھوں میں ہمیں درمیانی عمر کے مسائل تب بھی دیکھنے کو ملتے ہیں جب زحل (قسمت) کی لکیر ختم ہو رہی ہوتی ہے یا جب کوئی دوسری قسمت کی لکیر بنیادی قسمت کی لکیر کو ڈھانپ سی لیتی ہے۔ یہ اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ انسان ایک کام سے دوسرے کام کی طرف بڑی آسانی سے رجوع کر لیتا ہے۔ اگر بنیادی قسمت کی لکیر کے ساتھ دوسری قسمت کی لکیر شروع ہو رہی ہو تو یہ ایک متوازی کیریئر کی نشاندہی کر رہی ہوتی ہے۔ بعض دفعہ ہمیں قسمت کی لکیر ۴۰ سے ۴۵ سال کے عمر کے عرصے میں ختم ہوتی نظر آتی ہے۔ جو کہ ایک خشک اور ناخوشگوار دورِ حیات کی طرف اشارہ کر رہی ہوتی ہے۔ جو کہ اس وقت ختم ہو جاتا ہے جب دوسری قسمت کی لکیر شروع ہو جاتی ہے جو اس بات کی غماز ہے کہ بے یقینی اور غیر مطمئن کا زمانہ اب ختم ہو چکا ہے۔

قسمت کی لکیر کا یہ انداز ہمیں ایک اور نشانی کے ساتھ دیکھنے کو مل سکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ زحل اور شمس کی انگلیاں آپس میں ایک دوسرے کی طرف مڑی ہوں۔ انگلیوں کا یہ مڑنا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ سائل عام طور پر اپنی زندگی کی ڈگر سے مایوس سا رہتا ہے یہ اور محسوس کرتا ہے کہ اس کی زندگی کسی جال کی قید میں ہے۔ بہر حال یہ صورتحال اس وقت بہتر ہو سکتی ہے جب ہاتھ کے اوپر شمس کے ابھار پر واضح لکیر موجود ہو۔ اس لکیر کی موجودگی انسان کو حالات کا بہتر طور پر مقابلہ کرنے کی ہمت دیتی ہے۔

یہ بات تو واضح ہے کہ انسان کے ہاتھوں پر مشکلات کو ظاہر کرنے والے نشان جہاں مشکلات کو ظاہر کرتے ہیں وہاں وہ ان تمام راستوں کے بارے میں آگاہ کرتے ہیں جن پر عمل کر انسان اپنے کیریئر کی نئی راہوں پر قدم رکھتا ہے۔ ان نشانیوں کو اگر ہم منفی طور پر نہ دیکھیں تو ہاتھ پر ٹوٹی قسمت کی لکیر جہاں مسئلے کو ظاہر کرتی ہے وہاں انسان کی اندرونی شخصیت کی بڑھوتری اور نشوونما کو بھی ظاہر کرتی ہے۔

یہ بات بہت اہم ہے کہ کچھ لوگوں کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ان کے کام کرنے کی عمر کو ۶۵ سے ۷۰ سال کی روایتی عمر تک کھینچا جائے۔ ہمارا معاشرہ ان لوگوں کو بڑی تعظیم دیتا ہے خاص طور پر مردوں کو جو بڑی سختی سے اپنے عہدوں اور سیٹوں کے ساتھ چمٹے رہتے ہیں تب تک جب تک کہ ان کو زبردستی ان کے عہدوں سے سبکدوش نہ کیا جائے خاص طور پر تب جب وہ اپنے کیریئر کے عہد کے اندر بہت سارا روپیہ جمع کر لیں۔ بہت ممکن ہے کہ وہ اپنے کمائے اور جمع کیے ہوئے روپیہ کو زیادہ دیر تک استعمال نہ کر پائیں جو عام طور پر بعد میں اس کی اولاد، رشتہ دار اور غریبوں کے کام آئے گا۔ عمر کے درمیانی حصے میں مرد عموماً اپنے کیریئر کے بارے میں بنیادی توجہ کھو بیٹھتے ہیں مگر وہ اپنے کام کو جاری رکھتے ہیں حتیٰ کہ انہیں روپے کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہوتی۔ کام کو یہ لوگ اس لیے استعمال کرتے ہیں کیونکہ

1- یا تو یہ لوگ اپنی بیویوں سے دور رہنا چاہتے ہیں؟

2- یا پھر وہ اس تبدیلی اور آزادی سے بھاگتے ہیں جو ان کو اپنا کام چھوڑ کر ملے گی؟

3- یا پھر وہ اپنے اس عکس کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں جو کہ ان کا بحیثیت "کام کرنے والا" اور "روزی رساں" والا ہے؟

دوسروں کے لیے خاص طور پر ان لوگوں کے لیے جن کے ہاتھ پر قسمت کی لکیر بہت نمایاں ہوتی ہے اور کافی اوپر زحل کے ابھار پر پہنچتی ہے۔ بعض اوقات تو قسمت کی لکیر زحل کی انگلی میں بھی گھس جاتی ہے۔ ان لوگوں کے لیے اپنے کام سے کنارہ کش ہونا زندگی کے کسی موڑ پر ممکن نہیں ہوتا۔ دست شناسی کی ایک خوبصورتی یہ بھی ہے یہ بڑی پر مقصدیت کے ساتھ انسان کی ضرورتوں اور اس کی قابلیت کو منظر عام پر لے آتی ہے۔ یہ انسان کو اس بات پر مجبور نہیں کرتی جو کہ معاشرہ اس سے تقاضا کرتا ہے۔ بلکہ اس کو وہ تصویر دکھاتی ہے جس کو دیکھ کر انسان بغیر کسی زور زبردستی کے اپنی ضروریات سے آگاہ ہو جاتا ہے۔

بہت سارے لوگوں کے لیے خاص طور پر مردوں کے لیے ان کے کیریئر کا اختتام ان کی زندگی کے لیے ایک بہت بڑا مسئلہ ثابت ہوتا ہے۔ اگر یہ لوگ اپنے آپ کو بیزاری' کاہلی اور گرتی ہوئی صحت جیسے مسئلوں پر قابو پالیں اور اپنے اس وقت کو اپنے تجربے کی روشنی میں خوشی سے گزاریں اور نئی نئی چیزیں دریافت کریں اور ہلکے پھلکے کاموں میں اپنے آپ کو مشغول رکھیں تو یہ وقت بہت اچھی طرح گزر سکتا ہے۔

ہاتھ کے اوپر ریٹائرڈ ہونے والے لوگوں کے لیے کوئی خاص نشانیاں نہیں ہوتی ہیں ہاں مگر ہم نے یہ چیز دیکھی ہے کہ جن لوگوں کے ہاتھ پر شمس کی لکیر ہوتی ہے وہ اپنے اس وقت سے بہتر طور پر نبرد آزما ہو سکتے ہیں۔ جن لوگوں کے ہاتھ پر صاف اور لمبی شمس کی لکیر ہوتی ہے وہ ایک لگے بندھے کام کے انداز سے زیادہ اس طرف راغب ہوتے ہیں جہاں ان کے لیے زیادہ انتخاب کی گنجائش ہوتی ہے۔

وہ لوگ جو ریٹائرمنٹ کی عمر کو پہنچ رہے ہوتے ہیں ایک دست شناس ان کی اس طرح اچھی مدد کر سکتا ہے کہ ان کی حوصلہ افزائی کرے اس بات کے لیے کہ جو کام وہ اپنے کیریئر کی مصروفیات کے دوران سرانجام نہ دے سکے اب ان پر توجہ دینے کا یہ ایک اچھا وقت ہے۔ روایتی مصروفیت سے فراغت ان کو مطالعے' سیر و تفریح اور ایسے بہت سے کام کرنے کا وقت دیتی ہے جیسے کہ رضا کاری' باغبانی' کسی نوجوان کی راہنمائی کا فریضہ سرانجام دینا بلکہ فارغ بھی تو رہا جا سکتا ہے۔

ایک ایسا دست شناس جو کہ حساس' ہمدرد اور اپنے کام میں ماہر ہو تو وہ لوگوں کے بڑے کام آ سکتا ہے' جیسے کہ ان کو ان کی زندگی کی اصل ضرورتوں اور ان کے مقاصد سے آگاہ کرے اور ایسا کرے کہ بعض لوگوں کو ان کی قابلیت کے بارے میں بتانا' زندگی میں آنے والی مشکلات سے آگاہ کرنا انسانیت کی بھلائی کے لیے ایک بہت بڑا مثبت قدم ہے۔

(جاری ہے دیکھیں راہنمائے عملیات ماہ نومبر انشاءاللہ)

☆☆☆☆☆

بہادر ماں

☆ جب خلیفہ عبدالملک نے مکہ پر چڑھائی کی تو حضرت عبداللہ بن زبیر مکہ کی حفاظت کے ذمہ دار تھے لیکن ان کے ساتھی ان کا ساتھ چھوڑ گئے۔ اب وہ اکیلے رہ گئے ان کی ماں حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بیٹی حضرت اسماء تھیں۔ ان کی عمر ایک سو سال تھی۔ عبداللہ ماں سے مشورہ لینے گئے۔

عبداللہ...... سب لوگ میدان چھوڑ کر بھاگ گئے ہیں۔ دشمن نے مناسب شرائط پر صلح کی پیش کش کی ہے، اب میں کیا کروں۔

حضرت اسماء...... مر جاؤ۔

عبداللہ...... میں ڈرتا ہوں کہ میرے مرنے پر بھی دشمن میری لاش سے انتقام لینا نہ چھوڑیں گے۔

حضرت اسماء...... تمہیں اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ بکرا جب ذبح ہو گیا تو اسے اس سے کیا کہ وہ کیسے کاٹا جاتا ہے۔

ابن زبیر اٹھے اور جب دوبارہ ماں کے سامنے آئے تو کیل کانٹے سے لیس ہو کر میدان جنگ میں جانے کے لئے تیار تھے۔

ماں نے چھاتی سے لگایا تو اسے فولادی زرہ بکتر کا احساس ہوا۔

حضرت اسماء...... ''جو مرنے جا رہا ہو وہ زرہ بکتر نہیں پہنتا۔ بیٹا''

عبداللہ...... ''میں نے یہ تمہیں امید دلانے کے لئے پہن لی ہے، ماں''

حضرت اسماء...... ''میں امید کھو چکی ہوں اسے اتار دو بیٹے''۔

حضرت عبداللہ زبیر نے خانہ کعبہ میں نماز ادا کی اور میدان جنگ میں شہادت حاصل کی۔

از: شعیب الرحمٰن شاہ' کا کا خیل۔

طلسمی چراغ تسخیر افلاطونی ایک مجرب 'پُر تاثیر عمل ہے۔ یہ طلسمی چراغ مُجھ کو ضلع سوات کے ایک مشہور عامل جفار سے بطور تحفہ ملا تھا۔ آج کی محفل میں خالد روحانی جنتری 2003 کے لیے ایک مجرب عمل حاضر خدمت ہے۔ اس چراغ کے موکل حاضر ہو کر کام کرتے ہیں۔

اگر ترقی دولت کے لیے عمل کرنا ہو تو اجب یا اسرائیل بحق اسم اعظم۔ اگر افسر بالا کو مہربان کرنا ہو تو اجب یا مہثائیل بحق اسم اعظم۔ اگر حاضرات مطلوب کرنا ہو تو اجب یا سلبائیل بحق اسم اعظم۔ اگر کسی سے قرضہ واپس لینا ہو تو اجب یا حلبائیل بحق اسم اعظم۔ اگر میاں بیوی میں محبت ڈالنی ہو تو اجب یا بجائیل ... یہ چراغ نئے چاند کی نوچندی جمعرات کو تیار ہوتا ہے۔ مشتری کی ساعت میں اسے کندہ کریں مگر چراغ بنانے سے پہلے درود ابراہیمیؑ کے عامل بننے کے بعد اس چراغ سے کام لے سکتے ہیں۔

ایک مثال سمجھاتا ہوں۔ شعیب الرحمٰن کو دولت چاہیے۔ اب اس مقصد کے حروف نورانی الگ کر کے ان کے اعداد نکالیں اور اعداد سے اسم اعظم پیدا کریں۔ اس طریقہ سے گیارہ بتیاں مقصد کی بنا کر چراغ میں جلانی ہیں اور ساتھ میں اجب یا موکل بحق اسم اعظم پڑھنی ہے۔ اس طریقہ سے یہ چراغ تیار ہوتا ہے۔ اس چراغ کو نئے چاند کی نوچندی جمعرات میں مشتری کی ساعت میں تیار کریں۔ پھر گیارہ سو مرتبہ درود ابراہیمیؑ پڑھ کر چراغ پر دم کریں۔ اس معجزے کو ضرور آزمائیں۔ میں نے اپنی طرف سے مکمل وضاحت کر دی ہے۔

نقش طلسمی چراغ

مثال دوم: انیسہ کو دولت چاہیے۔ اب ان کے حروف الگ الگ کر کے حروف نورانی نکال لیں۔ ان ی س ہ ک و د و ل ت چ اہ ی ے۔

حروف نورانی۔ ا(۱) ن(۵۰) ی(۱۰) س(۶۰) ہ(۵) ک(۲۰) ل(۳۰) ا(۱) ہ(۵) ی(۱۰) ے(۱)۔

اب ان حروف نورانی کے اعداد نکال کر ان سے اسم اعظم پیدا کریں گے اور اجب یا موکل بحق اسم اعظم کا ورد ساتھ میں کرنا ہے۔ یعنی تمام مقصد سے حروف نورانی الگ کر کے حروف نورانی کے اعداد نکال کر اُن سے اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم نکالنا ہے۔ اور تمام مقصد کے حروف الگ الگ کر کے گیارہ بتیاں بنانی ہیں۔ اور پھر گیارہ بتیاں رات کے وقت جلانی ہیں۔ اگر قمر کی ساعت ملے تو بہتر ہے۔ چراغ خالص تانبے کا یا خالص پیتل کا یا خالص چاندی کا بنانا ہے۔ اور اسے شرف قمر میں کنندہ کرانا ہے۔ ایک مرتبہ پھر وضاحت کرتا ہوں۔

مقصد: شازیہ کو کاروبار میں ترقی درکار ہے۔ تو اس تمام مقصد کے حروف الگ الگ کر کے اور پھر تمام مقصد سے حروف نورانی الگ کر کے ان کے اعداد نکالیں۔ اعداد کے مطابق اس کا اسم اعظم پیدا کریں۔

(۲) چراغ میں رات کو قمر کی ساعت میں بتی جلانی ہے۔ اور ساتھ میں اجب یا موکل بحق اسم اعظم پڑھنا ہے۔ چراغ خالص پیتل یا خالص چاندی یا خالص تانبے کا بنے گا۔

(۳) تمام مقصد کے حروف الگ الگ کر کے گیارہ بتیاں بنا کر روزانہ رات کو قمر کی ساعت میں جلانی ہے۔

☆☆☆☆☆

علوم انسان کی آنکھ ہیں۔ وہ آنکھ جو دوربین کے ساتھ لگی ہوتی ہے۔ جس طرح دوربین کے ساتھ مشاہدات قدرت وسیع سے محیط پر دیکھے جاسکتے ہیں۔ اسی طرح علم اعداد سے مشاہدہ قدرت کے چھپے رازوں کو بخوبی دیکھا جاسکتا ہے۔

علم اعداد کے انکشافات کا کہاں تک ذکر کیا جائے جوں جوں اس کے متعلق تحقیق کی جاتی ہے۔ ایک سے بڑھ کر ایک مثال ملتی ہے۔ علم اعداد کے بے شمار قاعدوں میں سے اعداد کے ذریعے پیشنگوئی کا طریقہ ناچیز بندہ جناب محترم خالد راٹھور صاحب کی مدد اور وساطت سے پیش کر رہا ہے۔

جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب حصول مخفی علوم کے سلسلے میں گاہے بگاہے میرے مدد کرتے رہتے ہیں اور میں ان کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔

عددوں کا علم تمام علموں سے پرانا ہے اور یہ علم اہرام مصر کے کتبے پر بھی کندہ پایا گیا ہے قدیم یونان میں حکمائے اعداد کا یہ قول تھا کہ ہر انسان کی زندگی میں ۲۲ سال کا دور چلتا ہے اور کئی ایک مدوجزر ہیں جو ۲۲ سالوں کے بعد انسان کی زندگی میں آتے ہیں۔ اور انسان کی تمام عمر اس ۲۲ سالہ دور پر محیط ہے۔

اب میں علم اعداد کے ذریعے پیشنگوئی کا طریقہ پیش کرنے جارہا ہوں جس کے ذریعے آپ آنے والے اچھے اور بُرے سالوں کا تعین کر سکتے ہیں۔ لہٰذا اس قاعدہ سے صحیح افادہ حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ سائل کو کم از کم اپنی تاریخ پیدائش کا سال لازمی معلوم ہو علم اعداد کے اس قاعدے سے نہ صرف آپ انسانی زندگی پر ہی نہیں بلکہ دنیا کے ممالک کے بارے میں پیشن گوئی کر سکتے ہیں۔

قاعدہ پیشن گوئی:

جس سال کو چیک کرنا ہو اُس سال میں سائل کی عمر کو جمع کر دیا جاتا ہے حاصل مجموعہ کو آگے دیئے گئے جدول کے نمبر سے ملا کر آنے والے یا گزرے ہوئے سال کی پیشنگوئی کریں ایک خیال یہ رکھا جائے کہ حاصل مجموعہ ۲۲ سے بڑھنے نہ پائے۔ ۲۲ سے بڑھنے کی صورت میں اُسے مزید جمع کریں۔ جس کے لیے آگے چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

مثال نمبر 1۔ محمد اسلم تاریخ پیدائش سال ۱۹۷۵ اپنے کسی بھی کام کے لیے معلوم کرنا چاہتا ہے کہ سن ۲۰۰۲ اُس کے لیے کیسا رہے گا۔

قاعدہ: سن ۲۰۰۲ + محمد اسلم کی عمر ۲۷ سال = ۲۰۲۹۔ حاصل مجموعہ ۹+۲+۰+۲=۱۳۔

حاصل مجموعہ ۱۳ نمبر جو کہ مایوسی سے متعلق ہے یعنی کہ سائل سال ۲۰۰۲ میں جس قدر بھی کوشش کرے گا اُسے خاطر خواہ کامیابی حاصل نہ ہوگی۔ خاطر خواہ کامیابی کے لیے اُسے اپنے آنے والے کسی سال کا انتظار کرنا پڑے گا۔

مثال نمبر 2۔ محمد ندیم تاریخ پیدائش ۱۹۸۱ یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ سال ۲۰۰۲ اُس کے لیے کیسا رہے گا۔

قاعدہ: سال ۲۰۰۲ + محمد ندیم عمر ۲۱ سال۔ کُل ۲۰۲۳۔ حاصل مجموعہ ۳+۲+۰+۲=۷

حاصل مجموعہ کو درج ذیل جدول کے نمبر ۷ سے ملا کر پیشن گوئی کی گئی کہ سائل کے لیے سن ۲۰۰۲ ایک کامیاب اور اچھا سال رہے گا۔

جدول:

نمبر 1۔ یزدان۔ حکومت پسندی۔ جدت پسندی۔ ہر کام میں تیزی۔ ذہنی سکون۔ محنت۔ لگن سے فرائض کی ادائیگی اور خوشیاں۔

نمبر 2- حکمت ودانائی۔ سیر وسیاحت۔ مطالعہ ۔ تعلیم کی طرف رغبت۔ قانون کی پابندی مذہب کی طرف دھیان۔

نمبر 3- ملکہ۔ افزائش نسل۔ کامیابی۔ اقتدار۔ دولت کا حصول۔ ترقی اور رتبہ۔

نمبر 4- بادشاہ۔ انصاف پسندی۔ قیام استحکام۔ بلند حوصلہ۔ شہرت۔ عزت۔ امیدوں کی تکمیل۔ حکومت۔ دولت۔ دنیا اور سچائی۔

نمبر 5- حکیم۔ قانون سازی۔ مذہب پرستی علم وہنر کا حصول۔ جستجو۔ آزاد خیالی۔ ذہنی ترقی۔ وقت اور قانون کی پابندی۔

نمبر 6- عاشق۔ غیر معمولی مصائب کا سامنا۔ ذلت اور خواری۔ پریشانیاں۔ نقصان۔ قلبی دکھ۔ عشق ومحبت۔ سوز وگداز۔ ضمیر کی بیداری۔ حق کے لیے کوشش۔ محنت۔ مصروفیت۔ بے چینی کی کیفیت۔

نمبر 7- کارتھ دیوتا۔ دماغی نشوونما۔ کامیابی۔ دلی خواہشات کا حصول۔ خوشی۔ ترقی۔ عزت مقناطیسی کشش۔

نمبر 8- شمشیر۔ ظالموں کا مقابلہ۔ لڑائی جھگڑے کا امکان۔ بحث ومباحثہ۔ سیاست بازی۔ عدلیہ سے رجوع محنت طلب کام۔

نمبر 9- راہب۔ ذہن کا سنجیدہ ہونا۔ روزمرہ زندگی میں معمول سے ہٹ کر تبدیلیاں۔ لیکن فائدہ مند۔ نئے لوگوں سے تعلقات۔ نئے رجحانات۔ غور وفکر کرنا۔

نمبر 10- ابوالمدل۔ تفریح۔ جسمانی اور دماغی محنت۔ شہرت مختلف بہانوں سے۔ مزاج میں سختی۔ مطالعہ کی طرف رجحان۔ تنہائی کی طرف۔

نمبر 11- شیر۔ اقتدار پسندی۔ بہادری کی علامت۔ جسمانی طاقت کا مظاہرہ۔ دشمنوں پر فوقیت۔ خود اعتمادی کامیابی کا حصول۔ مالی نفع کم ہونا۔ رُعب ودبدبا۔

نمبر 12- قربانی۔ بنا بنایا کام بگڑ جانا۔ امیدوں میں ناکامی۔ دماغی صدمے جسمانی تکالیف اور روحانی زوال۔ ناکامی بربادی۔

نمبر 13- مایوسی۔ روحانی وجسمانی تکالیف [illegible] انقلاب۔ تباہی بربادی مایوسی اور ہر کام میں ناکامی۔

نمبر 14- طشت دیوتا۔ عزیزوں سے راحت وآرام۔ اہل وعیال سے محبت۔ دوستانہ تعلقات کی وسعت۔ غیروں کی مدد اور مقبولیت میں اضافہ مختلف ذرائع سے۔

نمبر 15- شیطان۔ دوسروں کو دھوکا دینا۔ لوگوں کو آپس میں لڑانا۔ مطلب پرستی۔ خود غرضی۔ قانون توڑنا۔ حسد کرنا۔ سازشیں کرنا یا ہونا باہمی بغض وبغاوت۔ دشمنی اور عداوت کا سامنا۔

نمبر 16- مینار۔ غرور اور انسانیت سے تباہی۔ انتہائی خود پسندی۔ حکومت اور اقتدار کی بربادی۔ شکست۔ معزولی۔ ناکامیاں۔ ناگہانی مصائب۔

نمبر 17- ستارہ۔ نئی امیدیں۔ خود اعتمادی۔ دوسروں سے توقعات کی اُمید رکھنا۔ مایوسی امیدوں میں کامیابی کی جھلک۔ دلی طور پر سکون محسوس کرنا۔

نمبر 18- شفق۔ ہر کام میں دیر۔ توقعات میں ناکامی۔ کمزوری۔ صحت۔ تاریکی اور خواشگوار تبدیلیاں۔ کاہلی۔ دماغی شکایات۔ ذہنی کمزوریاں۔

نمبر 19- سورج۔ دوسروں پر اثر اندازی۔ طاقت کا حصول۔ مالی منافع۔ دلی خواہشات کا حصول۔ کامیابی۔ عزت وشہرت۔ عروج وترقی خود اعتمادی۔

نمبر 20- روز حشر۔ نئی مصروفیات۔ ناکامی کے بعد کامیابی۔ سختی اور عجلت پسندی۔ دماغی اور جسمانی محنت۔

نمبر 21- تاج۔ عزت۔ عزم واستقلال۔ شہرت۔ کامیابی۔ طاقت ۔ خود اعتمادی۔ ثابت قدمی۔ معاشرے میں امتیازی مقام حاصل کرنا۔

نمبر 22- حماقت۔ توقعات میں ناکامی غیر دور اندیشی۔ غفلت۔ غرور وتکبر سے تباہی۔ پریشانیاں۔ اپنے ہاتھوں اپنا نقصان کرنا۔

مندرجہ بالا جدول سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہر سال کو کسی ایک علامت سے منسوب کیا گیا ہے۔ انسان کی زندگی ۲۲ سال

کا یہ دور ظہور پذیر ہے۔ چند مثالیں مزید بیان کرتا ہوں۔ اسی قاعدہ کے تحت پاکستان کے گزرے چند سالوں کو چیک کرتے ہیں۔

مثال نمبر 1- سن ۱۹۶۵ پاکستان کے لیے کیسا رہا؟

سن: ۱۹۶۵+ پاکستان عمر ۱۸ سال = ۱۹۸۳۔ حاصل مجموعہ ۳+۸+۹+۱=۲۱

حاصل مجموعہ ۲۱ جس کا تعلق تاج سے ہے، جو کہ عزت کامیابی طاقت اور خود اعتمادی کو ظاہر کرتا ہے۔ جس کے تحت پاکستان نے سن ۱۹۶۵ کو دفاع وطن کر کے عظیم کامیابی حاصل کی جسے عالمی سطح پر سراہا گیا۔

مثال نمبر 2- سن ۱۹۷۱ پاکستان کے لیے کیسا رہا؟

سن: ۱۹۷۱+ پاکستان کی عمر ۲۴ سال = ۲۴۔ حاصل مجموعہ ۵+۹+۹+۱=۲۴

حاصل مجموعہ قاعدہ کے قانون سے بڑھ گیا ہے لہذا اسے دوبارہ جمع کریں گے ۴+۲=۶

اور اب ہم سن ۱۹۷۱ میں پاکستان نمبر ۶ کے تحت رہا۔ جسے عاشق کا نام دیا گیا۔ جس کی نحوست کے اثرات پاکستان پر سن ۱۹۷۱ کی جنگ میں منڈلاتے رہے۔ غیر معمولی مصائب کا سامنا۔ ذلت و خواری۔ پریشانیاں۔ نقصانات۔ قلبی دکھ وغیرہ۔ اسی وجہ سے ہمارا دایاں بازو مشرق پاکستان ہم سے کٹ گیا۔ جسے بنگلہ دیش کا نام دیا گیا اور ۹۰ ہزار کے قریب پاکستان فوج کو قیدی بنالیا گیا یہ تمام حالات اُس نحوست کے اثرات کو ظاہر کرتے ہیں جو کہ نمبر ۶ کی وجہ سے ۱۹۷۱ میں پاکستان پر محیط تھے۔

گویا کہ اس طرح کی بے شمار مثالیں کسی بھی ملک یا شخصیت کے بارے میں اس دنیا میں موجود ہیں۔ جن کو ہم مندرجہ بالا قائدے کے تحت معلوم کر سکتے ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

از۔ سید محمود الحسن

ملازمت کا بہترین عمل

حم۔ تنزیل الکتاب من اللہ العزیز العلیہ غافر الذنب قابل التوب شدید العقاب ذی الطلول لا الہ الا ھو ۝ الیہ المصیر ۝ بسم اللہ بانبا تبارک حیطا ننا یٰسن مقفنا کھیعص۔ کفایتنا۔ حمعسق حمایتنا فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم۔

اس آیت شریف کو روزانہ بعد نماز عشاء یا بعد نماز تہجد ایک ہزار مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ کچھ روز کے بعد جن لوگوں کو ضرروت ہوگی وہ ملازم رکھنے کے خواہش مند [illegible] ہر شخص [illegible] گا کہ یہ بڑا نیک اور غریب ہے۔

یہ عمل اُن لوگوں کے واسطے زیادہ پُر اثر ہے جو بے روزگار ہو گئے۔ اور پھر ملازمت کا حوصلہ دل میں ہے یا مختار کارندہ وغیرہ بننا چاہتے ہیں بر سر خدمات ہو گئے۔

فائدہ: اس عمل کی بدولت بحمد اللہ بہت کامیاب ہو رہے ہیں۔ ادھر پڑھا اُدھر ملازم ہو گئے۔ لیکن بعد ملازمت چالیس یوم پورے کر لے ایسا نہ کرے کہ درمیان میں چھوڑ دے اور بعد ختم روزانہ ایک بار اس کو ضرور پڑھ لیا کرے تاکہ مالک خوش رہے۔ پھر صفت یہ ہے کہ مالک جس کا ملازم ہے بلا مشورہ آپ کے کوئی کام نہ کرے گا اور جو رائے آپ دیں گے اُس پر عمل درآمد کرے گا۔ انشاءاللہ تعالے۔

بعض احباب لکھ مارتے ہیں کہ نماز کا جھگڑا اچھا لگا دیا۔ یہ وسوسہ شیطانی ہے۔ نماز کی بدولت دین و دُنیا کے سب کام بحسن و خوبی انجام کو پہنچتے ہیں۔ اور دربار خداوندی میں حاضر ہونے والا جلد مقرب بارگاہ بن جاتا ہے۔ اللہ پاک بھی اس کی خوب سنتے ہیں۔ مقصد دلی جلد برآتا ہے۔

رحمت خداوندی

ستر العرش مشبول علینا وعین اللہ ناظرۃ الینا بحول اللہ لا یقدر علینا

ہر نماز کے بعد سات سات مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالی اس کو اپنی رحمت میں چھپاتا ہے۔ اگر کوئی امر خلاف سرزد ہو جائے اُس پر مخلوق کے ذریعہ سے ظاہر کرا دیتا ہے اور اس کو نقصان اور پریشانی سے بچالیتا ہے۔ بڑا اچھا عمل ہے۔

بدمزاج عورت کی درستی ہو جانا

اگر زوجین میں نفاق رہتا ہے اور کسی طرح نہیں بنتی اس وقت چاہئے کہ ذیل کی آیات کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھے۔ صبح و شام سجدہ میں جا کر دعا مانگے کہ اے پروردگار میری بیوی کو میرا مطیع اور فرماں بردار بنا۔ ہفتہ عشرہ نہ گذرے گا کہ کمال محبت ہو جائے گی۔ وہ آیت پاک یہ ہے **ان ولیَّ اللہ الذی نزل الکتاب وھو یتولیٰ الصالحین** (سورہ اعراف)۔

زہر خورانی کا دفعیہ

بسم اللہ الذی لا یضرمع اسمہ شییء فی الارض ولا فی السماء وھوالسمیع العلیم

اگر شبہ ہو کہ اس کھانے میں زہر ملا دیا گیا ہے تین بار اس آیت شریف کو دم کر کے کھائیں کچھ اثر نہ ہوگا۔ یا یہ طریقہ عمل کرلیں کہ جب کھانا سامنے آئے تین بار پڑھ کر دم کر دیا۔ پھر کھانا شروع کیا۔ اس طرح رہ لایلاف پوری پڑھ کر دم کرنے سے بھی اس ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔

خوش اسلوبی سے ہر کام کا پورا ہونا

حَسبِیَ اللہُ لَا الٰہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم

تمام مہمات کے لئے کافی ہے ہر کام احسن طریقہ سے انجام کو پہنچتا ہے۔ مخلوق معاون اور مددگار ہوتی ہے۔ جو دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ آسان طریقہ سے اس کا ذریعہ پیدا کر دے گا اور آپ کو معلوم بھی نہ ہوگا کہ کس طرح کام ہوگیا۔ بہترین عمل ہے۔ روزانہ ایک تسبیح صبح و شام پڑھ لیا کریں۔ اس کے علاوہ جو فائدہ پہنچے گا۔ اُس کا علم خود آپ کو ہو جائے گا۔ اگر چار بجے صبح آسمان کے نیچے برہنہ سر کھڑے ہو کر ایک تسبیح پڑھا کریں۔ بڑا زبردست توکل حاصل ہوگا اور مستغنی عن الغیر ہو جائے گا۔ تیر بہدف عمل ہے۔

فتوحات غیبی

یہ ایک بڑے زبردست عالم فاضل ... ہندوستان اور دیگر ممالک میں اپنی نظیر نہیں رکھتے۔ یہ عمل صاحب موصوف کے خاندان میں چلا آیا ہے۔ اور مصنف نے بھی اس کو پڑھا ہے۔ فتوحات غیبی روزانہ اس عمل کے پڑھنے سے شروع ہو جاتی ہیں اور کچھ عرصہ تک پڑھنے سے عجیب و غریب کمالات کا ظہور ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ پروردگار عالم طرح طرح کی نعمتیں عطا فرماتا ہے۔ تحفہ تحائف ملتے ہیں۔ فراخی رزق ہوتی ہے۔ دل ہر وقت خوش رہتا ہے۔ آپ جس وقت اس کو پڑھنا شروع کریں گے۔ دل باغ باغ رہے گا۔ اور اس عمل کی برکت سے وہ فوائد آپ کو پہنچیں گے جس کا اظہار کرنا مناسب نہیں معلوم ہوتا۔ قید صرف اس قدر ہے کہ ایک وقت مقررہ پر پڑھا جائے۔ اچھا معمول اس کا یہ ہے کہ روزانہ بعد نماز فجر باہر ہوا خوری کے واسطے نکل جائے اور پڑھنا شروع کر دے چار فرلانگ جانے اور چار فرلانگ آنے میں ختم ہو جاتا ہے۔ جی چاہے ایک جگہ بیٹھ کر پڑھے۔ بہر حال ناغہ نہ ہو اور کم سے کم چالیس دن تک تو اس کو اپنے ورد میں رکھے۔ جب یہ عمل چند روز معمولات میں آ جاتا ہے۔ دل چھوڑنے کو نہیں چاہتا یہی طبیعت ہوتی ہے کہ اس کو پڑھے جاؤ۔ ایک چلہ سے کم نہ پڑھا جائے اور یہ امر ذہن نشین کر لیا جائے کہ نتیجہ کی جانب توجہ نہ کی جائے اور کام جاری رکھیں اور خیالات فاسدہ دل میں نہ لائیں۔ خود بخود فوائد کا اظہار ہونے لگتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔ تمام امورات سے اس لئے آگاہ کیا جاتا ہے کہ جو جو باتیں ظہور میں آئی ہیں اُن کے اشارے لکھ دیئے گئے ہیں تا کہ آپ بدظن نہ ہوں اور چھوڑ نہ دیں۔ (اضافہ) بے شمار تصدیقات آ چکی ہیں۔ روزانہ معمول بنالیں اور اسی تعداد میں روزانہ برابر پڑھتے رہیں۔

روزانہ گیارہ بارہ درود شریف اور گیارہ سو گیارہ بار یا مغنی پھر گیارہ بار سورۂ مزمل شریف پھر گیارہ بار درود شریف پھر دعا مانگ لے نتائج چند روز کے بعد مرتب ہونے لگیں گے۔ (اضافہ) ایک چلہ میں حقیقت امر یہ ہے کہ زکوۃ پوری ہوتی ہے لیکن درمیان چلہ کے ہی اللہ پاک رزق کا دروازہ وسیع کرنا شروع کر دیتا ہے۔

مزید اضافہ: اکثر احباب کو چار چار چھ چھ ماہ کے اندر فتوحات حاصل ہونا شروع ہوئیں۔ نیز تجارتی کاروبار میں بھی خاص عظیم نفع پہنچانیوالی بھی سورت شریف یہی ہے۔

مغربی سیارہ کا برقی عمل

حضرت قطب صاحب کا بتلایا ہوا یہ عمل ہے۔ اس عمل سے خاکسار نے بہت کچھ فائدہ حاصل کیا اور برابر کر رہا ہے اور روزانہ اللہ تعالیٰ غیب سے امداد فرماتا ہے۔ یہ عمل تجارتی فوائد میں اپنا نظیر نہیں رکھتا۔

مثال: مشتہرین، مطالج والے۔ بک سیلر۔ اخبارات یا رسالہ جات نکالنے والے۔ مصنف کتب تجارت میں بکری کم ہوئی۔ بہر حال خوب تجربہ ہو چکا ہے۔ احباب خاص نفع اُٹھائیں گے نہ پڑھنا ہے نہ لکھنا معمول بنالینا ہے۔

بزرگان دین کے عطیہ سے خود فائدہ اُٹھانا اور مخلوق کی نظر سے پوشیدہ رکھ کر اپنے اغراض پورے کرنا یہ وسوسہ شیطانی ہے۔ بزرگان دین اگر آج ایسا کرتے تو دنیا میں اُن کے فوائد سے ہم لوگوں کو علم ہوتا۔ ہم دنیا کے کتے ہیں۔ اپنا فائدہ ہمیشہ پیش نظر رہتا ہے۔ لہذا اس بخل کو اللہ تعالیٰ نے دل سے نکال دیا۔ اور اسرار مخفیہ بھی منظر عام پر پیش کر دیئے گئے تا کہ عام طور سے احباب فائدہ اُٹھا سکیں۔

مغربی سیارہ کی شناخت یہ ہے کہ یہ سیارہ مشرق سے نکلتا ہے۔ اور مغرب میں جا کر غروب ہو جاتا ہے اور پھر روزانہ اُسی مقام سے نکلتا ہے روشنی اچھی ہوتی ہے۔ موسم سرما خصوصاً نومبر دسمبر کے مہینوں میں اس کا وقت نکلنے کا ۱/۲-۷ سے شروع ہوتا ہے اور آٹھ بجے پورا نکل کر سامنے آ جاتا ہے۔ اس سیارہ کی چال تیز ہے۔ آنکھوں کے سامنے آدھ گھنٹے کے اندر اندر دس بارہ ہاتھ اوپر چڑھ جاتا ہے۔ روشنی میں اول ہلکی روشنی پھر رفتہ رفتہ بڑھتی جاتی ہے۔ بڑی آسانی سے معلوم ہو جاتا ہے۔ اس کا نام مغربی تارہ ہے۔ اگر شناخت میں نہ آئے صبح پانچ بجے [illegible] ہوتا ہے دیکھ لیں [illegible] سے دریافت کرلیں۔ الغرض ہر شخص پہچان لیتا ہے روزانہ اس تارہ کے سامنے کھڑے ہو کر اور منہ تارے کی جانب رکھیں اور ہاتھ اُٹھا کر یہ درود شریف پڑھیں۔

اللھم صلی علی محمد فی الاولین والاخرین وفی الملا الاعلی الی یوم الدین ٥ گیارہ بار پڑھ کر حضور کی روح پاک کو بخش دے اور یہ دعا مانگے کہ اللہ میری کتب یا رسالہ یا فلاں تجارت کو فروغ دے اور فرمائش بھجوا۔ قسم ہے اُس پروردگار کی جس کے قبضہ قدرت میں جان ہے بڑی اشاعت ہوتی ہے۔ خریداران کتاب جو اس سے فائدہ اُٹھائیں۔ خاص اجازت اور خاص مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس عمل کو روزانہ کرتے رہیں اور اس کے فوائد سے محروم نہ رہیں۔ دو ہفتہ کے اندر اُس کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب وما علینا الا البلاغ۔

ہدایت۔ جب آپ کے تجربہ میں یہ عملیات آ جائیں خود فائدہ اُٹھانے کی کوشش نہ کریں بلکہ مخلوق اللہ کو بھی اس کتاب سے فائدہ اُٹھانے کی اجازت دیں اور یہ تحریک فرمائیں کہ عملیات غفرانی ایک بہترین کتاب ہے۔ جس سے میں فائدہ اُٹھا رہا ہوں۔ اور مشورہ دیتا ہوں کہ آپ اس کو طلب فرما کر اپنے مقاصد حاصل کریں۔ اس لئے کہ اس وقت دنیا پریشان حال ہے اور ہر شخص ایک نہ ایک فکر میں مبتلا ضرور ہے۔ کتاب میں بحمد اللہ انتہائی کوشش کے ساتھ قریب قریب تمام پریشانیوں کے ازالہ کی کوشش کی گئی ہے اور سر بسجود ہو کر دعا مانگی گئی ہے۔ انشاء اللہ آپ جس عمل کو موافق ہدایت کے پڑھیں گے۔ کامیاب ہونگے۔

مشورہ خاص: اول یہ عمل کئے جائیں (۱) سورۂ رحمٰن شریف کا (۲) بوقت شام مغربی سیارہ کا تا کہ اثرات اور نتیجہ دیکھ کر دوسرے عمل کرنے کی جرات ہو۔ (۳) سورۂ مزمل شریف معہ یا مغنی کے (۱۱۱۱) بار۔

ہدایت: بعض اوقات ہمارے پروردگار کا ایسا حکم ہوتا ہے کہ نتیجہ میں صفر۔ ایسی صورت میں پریشان نہ ہوں برابر پڑھے جائیں خلوص دل سے دعا مانگ لیا کریں پھر دیکھئے غیب سے کیا ظہور ہوتا ہے۔ (اضافہ) ہزار ہا احباب اس کو معمول بنائے ہوئے ہیں اور لاکھوں دعائیں دے رہے ہیں۔

جنت میں باغ لگانا اور شیطان کے شر سے محفوظ رہنا

روزانہ ایک تسبیح سبحان اللہ بحمدہ۔ ایک تسبیح سبحان اللہ العظیم پڑھنے سے دو صد درخت روزانہ جنت میں فرشتے لگائیں

گے اور مغفرت کا سامان ہوگا۔ برائی اور خراب عادت سے بچیں گے۔ حدیث شریف میں ان ہر دو تسبیح کی بڑی تعریف آئی ہے۔ پھر ایک تسبیح روزانہ **لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم** پڑھے۔ شیطانی حرکات سے محفوظ رہے گا۔

سفر بخیر و خوبی تمام ہونا

ریل کا سفر ہو یا پیدل سفر ہو یا کشتی پر سفر کرنا ہو یا گھوڑے پر سفر ہو۔ الغرض کسی طریقے سے انسان سفر کرے۔ جب ارادہ بیٹھنے کا کرے ایک بار اس آیت شریف کو پڑھ کر بیٹھ جائے۔ بسم اللہ مجرھا و مرسھا ان ربی لغفور الرحیم۔ اگر سردی سے بخار آتا ہو تو بیری کی لکڑی پر لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔

سفر میں مطلق تھکان نہ ہونا

اگر آپ پیدل سفر کرتے ہیں تو سبحان اللہ ۳۳ بار الحمد للہ ۳۳ بار اللہ اکبر ۳۴ بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے سُر یں سے لے کر پیروں تک دونوں ہاتھوں کو پھیر دیں۔ ازدیاد قوت اس قدر ہوگی کہ آپ کو مطلق چلنے کا احساس نہ ہوگا۔ یعنی تکان نہ ہوگا۔

فائدہ: حدیث شریف میں آیا ہے کہ اس کو جس نے ایک بار پڑھ لیا۔ ایک درخت جنت میں نصب کر دیا اور جس نے پوری تسبیح پر ۳ سہ کی یعنی مجموعی یک صد بار پڑھ لی۔ گویا اُس نے اسما حسنیٰ کے کل ناموں کا ورد کر لیا۔ آپ چندے کر کے دیکھئے اُس وقت قدر و منزلت اس کی ہوگی۔ بارہا کا آزمائش کردہ ہے۔ یہ اثرات بحکم ربی سب ہوتے ہیں۔ کلام اللہ کی آزمائش۔ استغفر اللہ ہماری زبان ایسے بیہودہ کلمات زبان سے نکال سکتی ہے اگرچہ [illegible] نہ ہو تو ہماری غلطی اس کا سبب ہو سکتی ہے خوب سمجھ لو۔

گمشدہ چیز مل جانا

جب کوئی چیز گم ہو جائے فوراً **انا للہ و انا الیہ راجعون** پڑھیں۔ چیز مل جائے گی۔ ورنہ غیب سے اُس سے عمدہ کوئی چیز ملے گی۔ یا حافظ بیس مرتبہ پڑھ لیں تاکہ وہ چیز محفوظ ہو جائے اور آئندہ مل جائے۔

آیہ کریمہ

لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظلمین [illegible] سوا لاکھ ہے۔ روزانہ ایک وقت مقرر کر کے آسانی سے جس قدر آپ پڑھ سکیں مقرر کر لیں۔ مثلاً پانچ ہزار روزانہ مقرر کر لیا تو ۲۵ دن میں زکوۃ پوری ہو جائے گی۔ اور عمل قبضہ میں آجائے گا۔ آپ کو کوئی مصیبت یا پریشانی یا کوئی زبردست خطرہ پیدا ہو گیا۔ چند آدمی مسجد میں مل کر یا گھر میں بیٹھ جائیں اور ایک شب میں سب لوگ مل کر پڑھ ڈالیں اور پھر مل کر دعا مانگیں۔ انشاء اللہ دعا قبول ہوگی۔ اور اس مصیبت سے نجات ملے گی۔ نہایت پُر اثر عمل مشہور و معروف ہے۔ اور اس کی بدولت اللہ پاک نے پھانسی کی سزائیں دائم الحبس میں تبدیل کر دیں۔ بزرگان دین کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ بڑی غضب کی چیز ہے اور لاثانی ہے۔ سینکڑوں نے اس آیہ کریمہ کی تعریف میں بعد کامیابی خطوط لکھے ہیں اسم اعظم اس آیت شریف میں مخفی ہے۔ جس جلا اور مصیبت میں پڑھے گا۔ انشاء اللہ فائدہ عظیم اُٹھائے گا۔ جس قدر اس عمل کی تعریف کی جائے کم ہے۔ اکثر و بیشتر یہ عمل ایسا تیر بہدف ہے کہ اگر پھانسی کا حکم قیاساً ہوتا ہوا معلوم ہو سزا میں تبدیل ہو جائے گا۔ چند اشخاص بیٹھ کر مسجد میں پڑھ ڈالیں یا مکان پر پڑھ لیں۔ ایک دن میں پورا ہو سکتا ہے قانون اپنی جگہ سے ہٹ نہیں سکتا۔ لیکن سزا میں تخفیف ضرور ہو جائے گی۔ اس لئے کہ قدرت خداوندی کا قانون دنیا کے قانونوں کی کیا حقیقت رکھتا ہے۔

انعامی بانڈ

از: حاجی زوار محبوب علی خان غوری لاہور۔

ساعت ستارہ	نمبر	عدد حکومت	ستارہ	دن	فرشتہ	موکل		لیا	اسم	حرف			ٹوٹل نمبر
ساعت ستارہ شمس	1	4-1	شمس 640	اتوار 608	روقیائیل 357	ابوعبداللہ 151	المذہب 778	لیا نیم 691	فرد 284	ف 80	49	854	3524
ساعت ستارہ قمر	2	7-2	قمر 340	سوموار 313	جبرائیل 246	ابوالانور 297	مرۃ الابیض 1458	لیا نو 1047	جبار 206	ج 3	42	311	3919
ساعت ستارہ مریخ	3	9	مریخ 850	منگل 347	سمسمائیل 251	264	280	327	شکور 526	س 300	16	469	3154
ساعت عطارد	4	5	عطارد 284?	بدھوار 218	میکائیل 111?	86	برقان 353?	750	ثابت 903	ش 500	84	531	3210
ساعت مشتری	5	3	مشتری 950	جمعرات 714	صرفیائیل 421	59	851?	1247	1115	ظ 900	75	886	6260
ساعت ستارہ زہرہ	6	6	زہرہ 217	جمعہ 118	عنیائیل 1161	158	1196?	547	812	خ 600	88	626	5115
ساعت ستارہ زحل	7	8	زحل 45	ہفتہ 490	کسفیائیل 211	73	146?	671	ذی 730	ذ 700	89	172	3074

ساعت ستارہ: عدد انعامی بانڈز نمبرز جو تم نے خریدنے ہیں۔ اگر عقل ہو گی تو کام چلے گا۔

طریقہ انعامی بانڈز نمبر: سرماہ کی یکم یا دو یا پندرہ تاریخ کو کوئی انعامی بانڈز نکلتا ہے۔ علم الجفر اعداد اور ساعات کا جاننا ضروری ہے۔ اس دن کی ساعت معلوم کریں۔ مثلاً انعامی بانڈز نبک میں ۹ تا ۱۰ بجے نکلیں گے تو اس وقت جس ستارہ کی ڈیوٹی ہوگی اُس کے سفلی موکل علوی موکل اعوان جن حروف سبعہ حروف حروف اللہ تعالیٰ دن ستارہ عدد حکومت سب کو شامل کریں۔ اور آخری مجموعہ لیں۔ اگر ایسا کریں گے تو انعام نکلنے میں کامیابی ہوگی۔

مثلاً سوموار کو انعام نکلنے کی تاریخ کوئی مقرر ہے تو اس طرح ہوگا کہ سوموار کی ۹ بجے تا ۱۰ بجے والے ستارہ کی ساعت معلوم کرنی ہوگی۔ وہ ستارہ اور موکلین کے عدد بانڈز پر اثر انداز ہونگے۔

☆☆☆☆☆

پاکستان میں راہنمائے عملیات' خالد روحانی جنتری اور کتب درج ذیل کتب فروشوں سے دستیاب ہیں

مولوی اسحٰق صاحب،
جاپان بک سٹال، چوک گھنٹہ گھر، فیصل آباد

میر سلامت صاحب،
سرحد نیوز ایجنسی، چوک یادگار، پشاور سٹی

عرفان صاحب،
گلستان نیوز ایجنسی، فیرئیر مارکیٹ، فیرئیر روڈ، اخبار مارکیٹ، کراچی کینٹ

ریاض احمد شیخ صاحب
کیپٹل نیوز ایجنسی، شاہی بازار، بہاولپور

آفتاب جہانگیر صاحب،
یونائیٹڈ بک لینڈ' مہران مرکز، سکھر

محمد افتخار عباسی صاحب،
پنجاب نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، موتی پلازہ، پنڈی

عبدالروف ہاشمی صاحب،
گوردت سنگھ روڈ، کوئٹہ

سلطان نیوز ایجنسی،
اخبار مارکیٹ، لاہور

حفیظ احمد صاحب،
وہاڑی نیوز ایجنسز، وہاڑی

اعجاز نیوز ایجنسی،
نیوز پیپر ایجنٹ، بس سٹاپ، حویلیاں

چودھری امانت علی اینڈ سنز' ریلوے روڈ' رحیم یار خان۔

شاہ لطیف کتب گھر،
اکبر نیوز ایجنسی، نزد حیدر چوک' حیدر آباد، سندھ

عبدالمجید منشاء صاحب،
شاہین بک سٹال، ریل بازار، گوجرانوالہ

رحمانیہ کتب خانہ،
اوکانوالہ روڈ، چیچہ وطنی

خالد بک سٹال،
مسلم بازار، گجرات

طاہر قادری صاحب
عزیز بک سٹال، اندرون حرم گیٹ، ملتان

نیو سندھ کتاب گھر،
شاہراہ ایم اے جناح، میر پور خاص

طاہر نیوز ایجنسی،
عارف بازار، بورے والا

خزینہ علم و ادب،
تاجران کتب، اٹک سٹی

شمس الدین خا[illegible]بی
نیوز ایجنٹ، منڈی حاصل پور

سید نیوز ایجنسی،
دینا

رحمت بک اسٹال،
اوکاڑہ منڈی

ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ،
ٹریفک چوک، ڈیرہ غازی خان

اسلامی کتب خانہ،
ریلوے روڈ، احمد پور شرقیہ

طاہر بک سٹال، دیپالپور

نیو حافظ بک سٹال،
بلاک نمبر ۱، سرگودھا

ملک اینڈ سنز،
کمرشل بلڈنگ ریلوے روڈ، سیالکوٹ

طاہر اینڈ برادار نیوز ایجنٹ،
ریلوے پھاٹک، ٹوبہ ٹیک سنگھ

طارق بک ڈپو،
نولکھا بازار نزد لنڈا بازار ریلوے سٹیشن، لاہور

مولا بخش نیوز ایجنسی، گھنٹہ گھر، سکھر۔

عبدالصمد خان،
ریلوے بک سٹال، میانوالی

ماڈرن بک ڈپو،
نیوز ایجنٹ، سٹیشنرز ۲۴۶ عزیز شہید روڈ، سیالکوٹ کینٹ

غفاریہ بکسٹال،
بالمقابل جنرل بس سٹینڈ، کوٹ ادو، ضلع مظفر گڑھ۔

شیخ مسعود الرحمٰن،
پاکستان نیوز ایجنسی، پنڈی گھیب، ضلع اٹک

شمس نیوز ایجنسی،
نزد ریلوے پھاٹک، میلسی، ضلع وہاڑی۔

غزنوی کتب خانہ
قندھاری منان چوک، کوئٹہ۔

ارشاد بک ڈپو،
تھانہ چوک میلسی۔

محمد رمضان،
نیو شاہین جنرل سٹور بک ڈپو اینڈ لائبریری، ریلوے روڈ،
کمالیہ، ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

سٹار نیوز ایجنسی،
بک سیلرز اینڈ سٹیشنری مارٹ، بازار کلاں،
پشاور

یونائیٹڈ بک سنٹر،
دوکان نمبر ۱۰، نیو اردو بازار، ناظم آباد نمبر ۱، کراچی

ملٹی لائن بکس،
ریگل چوک، لاہور

حامد برادرز،
چوک انارکلی، لاہور

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

راہنمائے عملیات، خالد روحانی جنتری اور راٹھور پبلشر کی کتب شائع کرنے والے جن ایجنٹ حضرات کے نام شائع ہونے سے رہ گئے ہیں وہ مکمل پتے کے ساتھ ہمیں تحریر کریں۔ ان کا نام آئندہ ماہ راہنمائے عملیات میں دے دیا جائے گا۔

ماہنامہ
راہنمائے عملیات
لاہور
راہنمائے عملیات
خالد رُوحانی جنتری
2003
ISBN : 969 - 535 - 016 - X

راٹھور پبلشرز کے تحت شائع ہونی والی کتب
راہنمائے عملیات (ماہانہ)
20 روپے
خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)
50 روپے
خالد روحانی جنتری 2003
80 روپے
ساعات حقیقی
90 روپے
مستحصلہ قادر الکلام
50 روپے
بانڈ، ریس اور لاٹری کے نمبر
100 روپے
علم الحروف
100 روپے
اسباق دست شناسی
60 روپے
روحانی مشورے (ترمیم شدہ)
50 روپے
10 سالہ جنتری
115 روپے
راہنمائے تل شناسی
40 روپے
راہنمائے عملیات
80 روپے
السحر العجیب فی جلب الحبیب
80 روپے
الاقوال مرضیۃ فی معرفۃ الاعمال الرملیۃ
40 روپے
السحر الاحمر
50 روپے
راہنمائے علم نجوم (حصہ اوّل)
80 روپے
سحر بارنوخ
50 روپے
طلسمات زہرہ
60 روپے
ISBN : 969 - 535 - 016 - X
رابطہ: خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان
free copy
khalidrathore.com